(۴)میری لاٹھی گم ہوگئی اور میں نے اسے نہیں پایا۔
(٤). فُقِدَتْ عُكَّازَتِيْ وَمَا وَجَدتُّهَا.
(۵)ممتحن نے پرائمری اسکول کے طلبہ سے سخت سوال نہیں کیے۔
(٥). مَاسَأَلَ الْمُمْتَحِنُ الْأَسْئِلَةَ الصَّعْبَةَ عَنْ طُلَّابِ الْمَدْرَسَةِ الإِبْتِدَائِيَةِ.
(٦)ہوا چلی اور بارش نہیں ہوئی۔
(٦). هَبَّتِ الرِّيْحُ وَمَانَزَلَ الْمَطَرُ.
(۷)ان دونوں جوانوں نے ندی میں تیرنا نہیں سیکھا۔
(٧). مَاتَعَلَّمَ ذَانِكَ الْفَتَيَانِ السِّبَاحَةَ فِيْ النَّهْرِ.
(۸)ان دونوں طالبات نے نہ اپنے سبق یاد کیے اور نہ ہوم ورک کیا۔
(٨). مَا حَفِظَتْ هَاتَانِ الطَّالِبَتَانِ دُرُوْسَهُمَا وَمَا كَتَبَتَا فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ.
(۹)میں نے اس سال اپنے باغ میں آم کے درخت نہیں لگائے۔
(٩). مَاغَرَسْتُ اَشْجَارَ الأَنْبَجِ فِي حَدِيْقَتِيْ هٰذَاالْعَامَ.
(۱۰)محنتی لڑکے نے اپنے اسباق سے جی نہیں چرایا۔
(١٠). مَاتَخَلَّفَ الْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ عَنْ دُرُوْسِهِ.
(۱۱)عرب حکومت نے عازمین حج کو تجارتی لین دین کی اجازت نہیں دی۔
(١١). مَاأَذِنَتِ الْمَمْلَكَةُ الْعَرَبِيَّةُ الْقَاصِدِيْنَ بِالْحَجِّ التَّبَادُلَ التِّجَارِيِ.
(۱۲) اِن کاریگروں نے اپنا کام بحسن وخوبی انجام نہیں دیا۔
(١٢). مَا قَامَ هٰؤُلَاءِ الصُّنَّاعُ بِشُغْلِهِمْ بِجَيِّدٍ.
(۱۳)وہ دونوں سیاح فرانس کی راجدھانی پیرس سے واپس نہیں ہوئے۔
(١٣). مَارَجَعَ ذَانِكَ السَّيَّاحَانِ مِنَ الْبَارِيْسِ عَاصِمَةِ فَرَنْسَا.
(۱۴)اُن دونوں ملازمین نے اپنی ذمہ داری پورے اخلاص کے ساتھ نہیں نبھائی۔
(١٤). مَاقَامَ الْعَامِلَانِ مَسْئُوْلِيَتِهِمَا بِإِخْلَاصٍ كَامِلٍ.

(۱۵)میں نے یہ سرکاری دوا اسپتال سے لی، میڈیکل اسٹور سے نہیں خریدی۔

(١٥).أَخَذْتُ هٰذَا الدَّوَاءَ مِنَ المُسْتَشْفىَ الرَّسْمِيِّ وَمَا اشْتَرَيْتُ مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ.

اَلتَّمْرِيْنُ (۵۹)

(مضارع منفی)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)لَا تَسْبَحُ الْحَمَامَةُ فِي الْمَاءِ

(۱)۔کبوتر پانی میں نہیں تیرتا ہے۔

(٢)لَا تُمْطِرُ السَّمَاءُ ذَهَبًا وَ لَا فِضَّةً .

(۲)۔آسمان سونا اور چاندی نہیں برساتا ہے۔

(٣)لَا يَذْهَبُ الطُّلَّابُ خِلَالَ التَّعْلِيْمِ إِلَى السُّوْقِ .

(۳)۔طلبہ تعلیم کے دوران بازار نہیں جاتے ہیں۔

(٤)أَنْتَ لَا تَبِيْعُ هٰذِهِ الأَشْيَاءَ بِأَكْثَرَ مِنَ السِّعْرِ الْمُحَدَّدِ .

(۴)۔تو ان چیزوں کو متعیّن قیمت سے زیادہ میں نہیں بیچتا ہے۔

(٥)لَا يَعْرِفُ قِيْمَةَ الصِّحَّةِ إِلَّا الْمَرِيْضُ .

(۵)۔صحت کی قدر و قیمت مریض ہی جانتا ہے۔

(٦)لَا يَحْرُثُ الْفَلَّاحُوْنَ الأَرْضَ الْقَاحِلَةَ .

(۶)۔کسان بنجر زمین کو نہیں جوتتے ہیں۔

(٧)تَجْرِي الرِّيَاحُ بِمَا لَا تَشْتَهِي السُّفُنُ .

(۷)۔ہوائیں کشتیوں کی مخالف سمت سے چلتی ہیں۔

(٨)لَا تَدُوْمُ صَدَاقَةُ اللَّئِيْمِ .

(۸)۔کمینے کی دوستی برقرار نہیں رہتی ہے۔

(۹)لَا يَعِيْبُ الْمُسْلِمُ طَعَامًا وَّ شَرَابًا .
(۹)۔مسلمان کھانے اور پانی کو عیب نہیں لگاتا ہے۔
(۱۰)لَا يَأمَنُ الْعَجُوْلُ مِنَ الْعِثَارِ .
(۱۰)۔جلد باز لغزش سے محفوظ نہیں رہتا ہے۔
(۱۱)لَا أَسْمَعُ النَّمِيْمَةَ .
(۱۱)۔میں چغلی نہیں سنتا ہوں۔
(۱۲)لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ .
(۱۲)۔رحمت بدبخت ہی سے ختم کی جاتی ہے۔
(۱۳)لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ .
(۱۳)۔چغل خور جنت میں داخل نہیں ہو گا۔
(۱٤)لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ .
(۱۴)۔مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا ہے۔
(۱٥)لَا يَحِلُّ لِأَمْرِيٍ مَالُ أَخِيْهِ إِلَّا عَنْ طِيْبِ نَفْسِهٖ .
(۱۵)۔کسی انسان کے لیے اپنے بھائی کا مال اس کی خوش دلی سے ہی حلال ہوتا ہے۔
(۱٦)لَا يُضِيْعُ اللهُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ .
(۱۶)۔اللہ تعالی احسان کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا ہے۔
(۱۷)لَا يُحِبُّ اللهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ مِنَ الْقَوْلِ .(النساء:۱٤۸)
(۱۷)۔اللہ عزوجل بری بات کا اعلان پسند نہیں کرتا ہے۔
(۱۸)لَا يُكَلِّفُ اللهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا .(البقرۃ:۲۸٦).
(۱۸)۔اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر۔
(۱۹)لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ (الحشر:۲۰).
(۱۹)۔دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں۔
(۲۰)مَا تَرَى فِي خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفَاوُتٍ .(الملك:۳۰).

(۲۰)۔ تو رحمن کے بنانے میں کیا فرق دیکھتا ہے؟

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۰)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) یہ میوہ فروش سنترہ نہیں بیچتا ہے۔

(١). لَا يَبِيْعُ هٰذَا الْفَاكِهَانِيُّ اَلْبُرْتَقَالَ.

(۲) وہ دونوں طلبہ اپنے روشن مستقبل کے لیے کوشش نہیں کرتے۔

(٢). لَا يَسْعىٰ ذَانِكَ الطَّالِبَانِ لِمُسْتَقْبِلِهِمَا الْمُشْرِقِ.

(۳) ظالم کبھی بھی فلاح نہیں پائیں گے۔

(٣). لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُوْنَ اَبَدًا.

(۴) یہ دونوں استانیاں آج پڑھانے کے لیے پرائمری اسکول نہیں جائیں گی۔

(٤). لَا تَذْهَبُ هَاتَانِ الْمُعَلِّمَتَانِ لِلتَّدْرِيْسِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ الإِبْتِدَائِيَةِ اَلْيَوْمَ

(۵) یہ لاری اسٹیشن نہیں جارہی ہے۔

(٥). لَا تَذْهَبُ هٰذِهِ الشَّاحِنَةُ الْكَبِيْرَةُ إِلَى الْمَحَطَّةِ.

(۶) یہ خادمہ مشکل کام کرتی ہے اور نہیں تھکتی۔

(٦). تَفْعَلُ هٰذِهِ الْخَادِمَةُ الْعَمَلَ الصَّعْبَ وَلَا تَتْعَبُ.

(۷) یہ طلبہ پڑھتے ہیں اور کھیل میں اپنا وقت ضائع نہیں کرتے۔

(٧). يَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ وَلَا يُضِيْعُوْنَ اَوْقَاتَهُمْ فِي اللَّعِبِ.

(۸) یہ دونوں کھلاڑی اس کشادہ میدان میں فٹ بال نہیں کھیلتے۔

(٨). لَا يَلْعَبُ هٰذَانِ اللَّاعِبَانِ كُرَةَ الْقَدَمِ فِيْ ذٰلِكَ الْمَيْدَانِ الْفَسِيْحِ.

(۹) یہ دونوں لڑکیاں باغوں کی سیر کرتی ہیں اور پھول نہیں توڑتیں۔

(٩). تَتَنَزَّهُ هَاتَانِ الْبِنْتَانِ اَلْحَدَائِقَ وَلَا تَقْطِفَانِ الأَزْهَارَ.

(۱۰) یہ طلبہ لائبریری کی کتابوں کی حفاظت نہیں کرتے۔

(۱۰). لَا يَحْتَفِظُ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ بِكُتُبِ الْمَكْتَبَةِ.

(۱۱) خالد ریڈیو سے خبریں سنتا ہے اور ٹیلی ویژن کے پروگرام نہیں دیکھتا۔

(۱۱). يَسْمَعُ خَالِدٌ الأَخْبَارَ بِالْمِذْيَاعِ وَلَا يُشَاهِدُ بَرَامِجَ التِّلْفَازِ.

(۱۲) کالج کے طلبہ عصری علوم کی کتابیں پڑھتے ہیں اور دینی تعلیم حاصل نہیں کرتے۔

(۱۲). يَقْرَأُ طُلَّابُ الكُلِّيَةِ كُتُبَ الْعُلُوْمِ الْعَصْرِيَّةِ وَلَا يَتَعَلَّمُوْنَ التَّعْلِيْمَ الدِّيْنِي.

(۱۳) وہ ایکسپریس ٹرین اس اسٹیشن سے نہیں گزرتی۔

(۱۳). لَا يَمُرُّ ذٰلِكَ الْقِطَارُ السَّبَّاقُ مِنْ هٰذِهِ الْمَحَطَّةِ.

(۱۴) کبوتر دانہ چگتا ہے اور گوشت نہیں کھاتا۔

(۱٤). يَلْقُطُ الْحَمَامُ الْحَبَّةَ وَلَا يَاكُلُ اللَّحْمَ.

(۱۵) یہ دونوں کسان گیہوں بوتے ہیں اور گنے کی کھیتی نہیں کرتے۔

(۱۵). يَزْرَعُ هٰذَانِ الْفَلَّاحَانِ الْحِنْطَةَ وَلَا يَزْرَعَانِ قَصْبَ السُّكَّرِ.

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۱)

(ماضی بعید)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱) كُنْتُ اِشْتَرَيْتُ دَوَاءً مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ.

(۱)۔ میں نے دوا میڈیکل اسٹور سے خریدی تھی۔

(۲) كُنَّا أَغَثْنَا الْمَلْهُوْفِيْنَ.

(۲)۔ ہم نے مظلوموں کی فریادرسی کی تھی۔

(۳) كَانَتِ السَّفِيْنَةُ لَاحَتْ مِنْ بَعِيْدٍ.

(۳)۔ کشتی دور سے ظاہر ہوگئی تھی۔

(٤)مَا كَانَ الرَّئِيْسُ زَارَ جَبْهَةَ الْقِتَالِ .

(۴)۔امیر نے محاذِ جنگ نہیں دیکھا تھا۔

(٥)مَا كَانَ النَّحْلُ خَرَجَ مِنَ الْخَلِيَّةِ .

(۵)۔شہد کی مکھی چھتے سے نہیں نکلی تھی۔

(٦)مَا كُنْتُ عَرَفْتُ الأَمْرَ كَامِلًا .

(۶)۔میں نے معاملہ کو کامل طور پر نہیں سمجھا تھا۔

(٧)كُنْتُ سَاهَمْتُ بِالأَلْعَابِ الرِّ يَاضَةِ .

(۷)۔میں نے ورزشی کھیلوں میں حصہ لیا تھا۔

(٨)كَانَتِ الطَّالِبَةُ الْمُجْتَهِدَةُ حَصَلَتْ عَلىٰ جَائِزَةِ التَّفَوُّقِ.

(۸)۔محنتی طالبہ نے کامیابی کا انعام حاصل کیا تھا۔

(٩)كَانَ الْمُسَافِرُ ضَلَّ طَرِ يْقَهٗ فِي الصَّحْرَاءِ.

(۹)۔مسافر جنگل میں اپنا راستہ بھٹک گیا تھا۔

(١٠)كَانَتْ صُحُفُ الأَمْسِ اِحْتَوَتْ عَلىٰ أَنْبَاءٍ سَارَّةٍ .

(۱۰)۔کل کے اخبار دلچسپ خبروں پر مشتمل تھے۔

(١١)كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ اُسْتُخْلِفَ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلىَّ اللهُ تَعَالىَ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(۱۱)۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے بعد خلیفہ بنے تھے۔

(١٢)كَانَ الْجُنُوْدُ بَذَلُوا الْجُهُوْدَ لِطَرْدِ الْعَدُوِّ مِنَ الْوَطَنِ .

(۱۲)۔فوجوں نے دشمن کو وطن سے بھگانے کے لیے پوری کوششیں صرف کر دی تھیں۔

(١٣)كَانَ رِجَالُ الْبُوْلِسِ قَضَوا عَلىَ الإِشَاعَاتِ الْكَاذِبَةِ .

(۱۳)۔پولیس والوں نے جھوٹی افواہوں کا خاتمہ کر دیا تھا۔

(١٤)كَانَتِ الإِطِبَّاءُ عَالَجُوا الْمَرْضىٰ وَسَاعَدَتْهُمْ مُمَرِّضَاتٌ .

(۱۴)۔ڈاکٹروں نے مریضوں کا علاج کیا تھا اور نرسوں نے ان کی مدد کی تھی۔

(١٥)كَانَ الرَّجُلُ خَافَ مِنَ النَّمِرِ وَتَسَلَّقَ شَجَرَةً عَالِيَةً .

(۱۵)۔آدمی چیتے سے ڈر کرایک اونچے درخت پر چڑھ گیا تھا۔

(١٦) كَانَ عَبْدُ اللهِ بِنْ مَسْعُوْدٍ سَمِعَ منْ فِيْ رَسُوْلُ اللهِ سَبْعِيْنَ سُوْرَةً .

(۱۶)۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی زبان مبارک سے ستر سورتیں سنی تھیں۔

(١٧) كَانَتِ الْمَصَاحِف كُتِبَتْ فِيْ عَهْدِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ الله تَعَالٰی عَنْه .

(۱۷)۔مصاحف حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں لکھے گئے تھے۔

(١٨) كَانَتْ مِصْرُ فُتِحَتْ فِيْ عَهْدِ الْخَلِيْفَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ الله تَعَالٰی عَنْه.

(۱۸)۔مصر حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانے میں فتح کیا گیا تھا۔

(١٩) كَانَ النَّاسُ اسْتَقْبَلُوْا الرَّبِيْعَ فِيْ فَرْحَةٍ وَوَدَّعُوْهُ فِيْ أَسَفٍ.

(۱۹)۔لوگوں نے مسرت وشادمانی کے ساتھ موسم بہار کا استقبال کیا اور افسوس کے ساتھ رخصت کیا تھا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۲)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)ہم نے دوستوں کا راز فاش نہیں کیا تھا۔

(١) .مَاكُنَّا اَفْشَيْنَا سِرَّ الأَصْدِقَاءِ.

(۲) کچھ دن پہلے میرے شہر میں ایک دینی جلسے کا انعقاد کیا گیا تھا۔

(٢) .كَانَتْ حَفْلَةٌ دِيْنِيَّةٌ عُقِدَتْ فِيْ بَلَدِيْ قَبْلَ اَيَّامٍ.

(۳) گزشتہ رات بلّی نے دودھ پی لیا تھا۔

(٣) .كَانَتِ الْقِطَّةُ شَرِبَتِ اللَّبَنَ الْبَارِحَةَ.

(۴) دوسری عالمی جنگ میں امریکہ نے جاپان پر ایٹم بم گرایا تھا۔

(٤). كَانَتْ امِيْرِيْكَا اَسْقَطَتِ الْقُنْبُلَةَ النَوَوِيَّةَ عَلٰى يَابَانَ فِى الْحَرْبِ الْعَالَمِيَّةِ الثَّانِيَةِ.

(۵) آزادی ہند کی تحریک میں سنّی علما نے اہم کردار نبھایا تھا۔

(٥). كَانَ الْعُلَمَاءُ السُّنِّيُّوْنَ قَامُوْا بِدَوْرٍ هَامٍّ فِيْ حَرْكَةِ الْحُرِّيَةِ لِلْهِنْدِ.

(٦) وہ خطوط رجسٹرڈ ڈاک سے نہیں بھیجے گئے تھے۔

(٦). مَاكَانَتْ تِلْكَ الرِّسَالَاتُ اُرْسِلَتْ مِنَ الْبَرِيْدِ الْمُسَجَّلِ.

(۷) سیاسی لیڈروں نے صدر جمہوریہ ہند سے ملاقات کی تھی۔

(٧). كَانَتِ الزُّعَمَاءُ السِّيَاسِيُّوْنَ لَقُوْا رَئِيسَ الْجُمْهُوْرِيَّةِ لِلْهِنْدِ.

(۸) یورپی سیاحوں نے ایک انگریزی ہفت روزہ خریدا تھا۔

(٨). كَانَ السَّيَّاحُوْنَ الْأُوْرِبِيُّوْنَ اِشْتَرَوْا جَرِيْدَةً اُسْبُوْعِيَّةً اِنْكِلِيْزِيَّةً.

(۹) میں نے جمعہ کے دن غسل کیا تھا۔

(٩). كُنْتُ اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

(۱۰) سُعاد اپنے والد کی وفات پر غمگین ہوئی تھی۔

(١٠). كَانَتْ سُعَادُ حَزِنَتْ عَلٰى وَفَاةِ اَبِيْهَا.

(۱۱) ساجد نے ریڈیو سے خبریں سنی تھی۔

(١١). كَانَ سَاجِدٌ سَمِعَ الْأَخْبَارَ بِالْمِذْيَاعِ.

(۱۲) میں نے فون پر اپنے دوست سے رابطہ کیا تھا۔

(١٢). كُنْتُ اِتَّصَلْتُ بِصَدِيْقِيْ عَلَى الْهَاتِفِ.

(۱۳) شکاریوں نے بندوق سے فائر کیا تھا۔

(١٣). كَانَ الصَّيَّادُوْنَ اَطْلَقُوْا الرَّصَاصَ بِالْبُنْدُوْقِ.

(۱۴) استاذ نے طلبہ کے سامنے سبق کی تشریح کی تھی۔

(١٤). كَانَ الْأُسْتَاذُ شَرَحَ الدَّرْسَ اَمَامَ الطُّلَّابِ.

(۱۵) مانیٹر نے مشکل الفاظ چاک سے تختہ سیاہ پر لکھے تھے۔

(١٥) .كَانَ الْعَرِ يفُ كَتَبَ الأَلْفَاظَ الصَّعْبَةَ عَلَى السَّبُّوْرَةِ بِالطَّبَاشِيْرِ.

(۱۶)زینب نے اپنے ماموں سے قرآن مجید پڑھا تھا۔

(١٦) .كَانَتْ زَ يْنَبُ قَرَأَتِ الْقُرْآنَ عَلَى خَالِهَا.

اَلتَّمْرِيْنُ(۶۳)

(ماضی استمراری)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)كَانَ وَلَدِيْ يُعِيْنُنِيْ عَلَى نَوَائِبِ الدَّهْرِ .

(۱)۔میرا لڑکا زمانے کی مصیبتوں پر میری مدد کرتا تھا۔

(٢)كَانَتِ الْخَادِمَاتُ يَصْبُبْنَ الْقَهْوَةَ فِي الْفَنَاجِيْنِ وَالْكُؤُوسِ .

(۲)۔خادمائیں پیالیوں اور گلاسوں میں قہوہ ڈالتی تھیں۔

(٣)كَانَ الْوَلَدَانِ يَهَشَّانِ لِلِقَائِهِمَا .

(۳)۔دونوں لڑکے ایک دوسرے کی ملاقات سے خوش ہوتے تھے۔

(٤)كَانَ أَفْرَادُ أُسْرَتِيْ يُعِدُّوْنَ بَرْنَامَجًا لِاسْتِقْبَالِ الضُّيُوْفِ .

(۴)۔میرے خاندان کے لوگ مہمانوں کے استقبال کے لیے پروگرام تیار کرتے تھے۔

(٥)كَانَتْ أَطْيَافُ النَّسِيْمِ تُدَاعِبُ وَجُوْهَنَا فِيْ رِقَّةٍ وَلُطْفٍ .

(۵)۔نرم خرام ہوا کے جھونکے ہمارے چہروں سے باریکی اور نرمی کے ساتھ دل لگی کرتے تھے۔

(٦)كَانَ الْقَمَرُ يُرْسِلُ أَشِعَّةَ الْفِضِّيَّةِ .

(۶)۔چاند اپنی سنہری کرنیں بھیجتا تھا۔

(٧)كَانَتِ الْفَتَيَاتُ يُقْبِلْنَ عَلَى الدِّرَاسَةِ .

(۷)۔دوشیزائیں تعلیم پر توجہ دیتی تھیں۔

(٨)كَانَ الطُّلَابُ يَتَسَابَقُوْنَ فِي الْعَدْوِ.

(٨)۔طلبہ دوڑنے میں مقابلہ کرتے تھے۔

(٩)كُنْتُمْ لَا تُحْسِنُوْنَ السِّبَاحَةَ مِنْ قَبْلُ.

(٩)۔تم اس سے پہلے اچھی طرح نہیں تیرتے تھے۔

(١٠)كَانَتِ الْكَلِمَاتُ الصَّعْبَةُ تُكْتَبُ عَلَى السَّبُّوْرَةِ بِالطَّبَاشِيْرِ.

(١٠)۔مشکل باتیں بورڈ پر چاک سے لکھی جاتی تھیں۔

(١١)كُنَّا نَسْمَعُ الإِذَاعَةَ لِعُمُوْمِ الْهِنْدِ.

(١١)۔ہم آل انڈیا ریڈیو سنتے تھے۔

(١٢)وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَائِضِيْنَ .وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ .(المدثر:٤٥)

(١٢)۔اور ہم بیہودہ فکر والوں کے ساتھ بیہودہ فکریں کرتے تھے۔اور ہم انصاف کے دن کو جھٹلاتے تھے۔

(١٣)وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوا.(البقرة:٨٩).

(١٣)۔اور وہ اس سے پہلے اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔

(١٤)وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِنْهُمْ كَلَامَ اللهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ .(البقرة:٧٥).

(١٤)۔اور ان میں سے ایک گروہ وہ تھا کہ اللہ کا کلام سنتا پھر سمجھنے کے بعد اسے دانستہ بدل دیتا۔

(١٥)وَقَالَ شُرَكَاءُوهُمْ مَاكُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ .(يونس:٢٨).

(١٥)۔اور ان کے شریک ان سے کہیں گے کہ تم ہمیں کب پوجتے تھے۔

(١٦)وَكُنْتُمْ عَنْ آيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ .(الأنعام:٩٣)

(١٦)۔اور تم اس کی آیتوں سے تکبر کرتے تھے۔

(١٧)مَا كَانُوا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوا يُبْصِرُوْنَ (هود:٢٠).

(١٧)۔وہ نہ سن سکتے تھے اور نہ دیکھتے تھے۔

(١٨)وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ (الحجر:٨٢).

(۱۸)۔اور وہ بے خوف پہاڑوں میں گھر تراشتے تھے۔
(١٩) قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ (المؤمنون: ٦٦).
(۱۹)۔بے شک میری آیتیں تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم اپنی ایڑیوں کے بل الٹے پلٹتے تھے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۶۴)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)وہ دونوں طلبہ ایک دینی جلسے میں نعت شریف پڑھتے تھے۔
(١). كَانَ ذَانِكَ الْمتَعَلِّمَانِ يَنْشُدَانِ الْمَدِيْحَ النَّبَوِيَّ فِيْ حَفْلَةٍ دِيْنِيَّةٍ.
(۲)صحابۂ کرام رسول اللہ ﷺ پر اپنی جان ومال کو قربان کرتے تھے۔
(٢). كَانَ الصَّحَابَةُ الْكِرَامُ يَفْدُوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ .
(۳)امام احمد رضا لوگوں کو عشق رسول کی تعلیم دیتے تھے۔
(٣). كَانَ الإِمَامُ اَحْمَدُ رَضَا يُعَلِّمُ النَّاسَ حُبَّ النَّبِيِّ ﷺ.
(۴)میں برق رفتار گاڑی سے ہوائی اڈے جاتا تھا۔
(٤). كُنْتُ أَذْهَبُ إِلَى الْمَطَارِ بِالسَّيَّارَةِ السَّرِيْعَةِ.
(۵)وزارت تعلیم درسی کتابیں لکھنے کا اہتمام کرتی تھی۔
(٥). كَانَتْ وِزَارَةُ الْمَعَارِفِ تَهْتَمُّ بِكِتَابَةِ الْكُتُبِ الدِّرَاسِيَّةِ.
(۶)فوج اور باغیوں کے درمیان خونی جھڑپیں ہوتی تھی۔
(٦). كَانَتِ الإِشْتِبَاكَاتُ الدَّمَوِيَّةُ تَقَعُ بَيْنَ الْجُنُوْدِ وَالطُّغَاةِ.
(۷)دو نوجوان محکمۂ پولیس میں بھرتی ہونا چاہتے تھے۔
(٧). كَانَ الشَّابَّانِ يُرِيْدَانِ التَّجُنُّدَ فِيْ مَصْلَحَةِ الْبُوْلِيْسِ .
(۸)طبّی ماہرین بیماریوں سے بچاو کے موضوع پر لکچر دیتے تھے۔

(٨).كَانَ حُذَّاقُ الطِّبِّ يُلْقِيْ الْمُحَاضَرَةَ عَلٰى عُنْوَانِ الْوِقَايَةِ مِنَ الأَمْرَاضِ .

(۹)بہت سے بچے والدین کی لاپروائی سے پولیو کا شکار ہوجاتے تھے۔

(٩) .كانَ كَثِيْرٌ مِنَ الأَطْفَالِ يُصِيْبُوْنَ شَلَلَ الأَطْفَالِ بِإِهْمَالِ الأَبَوَيْنِ .

(۱۰)ہندوستان کے تاجر، زیورات، سوتی کپڑے اور بجلی کے سامان باہر بھیجتے تھے

(١٠).كَانَتْ تُجَّارُ الْهِنْدِ يُرْسِلُوْنَ الْحُلِيَّ وَالثِّيَابَ الْقُطْنِيَّةَ وَمَوَّادَ الْكَهْرَبائِيَةِ إِلٰى الْخَارِجِ.

(۱۱)عمران اپنے والدین کو خط لکھتا تھا اور جاڑے کے کپڑے منگاتا تھا۔

(١١) .كَانَ عِمْرَانُ يَكْتُبُ الرِّسَالَةَ إِلَى اَبَوَيْهِ وَ يَسْتَوْرِدُ ثِيَابَ الشِّتَّاءِ.

(۱۲)مشرکین عرب زمانۂ جاہلیت میں لڑکیوں کو زندہ در گور کر دیتے تھے۔

(١٢) .كَانَ مُشْرِكُوْا الْعَرَبِ يَئِدُوْنَ الْبَنَاتِ فِيْ أَيَّامِ الْجَاهِلِيَّةِ .

(۱۳)اللہ کے نبی حضرت اسماعیل اپنے گھر والوں کو نماز اور زکاۃ کا حکم دیتے تھے۔

(١٣) .كَانَ نَبِيُّ اللهِ اِسْمٰعِيْلُ يَامُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ .

(۱۴)قومی لیڈر سیاسی موضوعات پر تقریر کرتے تھے۔

(١٤) .كَانَ الزُّعَمَاءُ الْوَطَنِيَّةُ يَخْطُبُوْنَ حَوْلَ الْعَنَاوِيْنِ السِّيَاسِيَّةِ.

(۱۵)ہندوستان کے فوجی میدانِ جنگ میں اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔

(١٥) .مَاكَانَ جُنُوْدُ الْهِنْدِ يُبَالُوْنَ بِاَنْفُسِهِمْ فِيْ مَجَالِ الْحَرْبِ .

(۱۶)ایر ہوسٹس ہوائی جہاز کے مسافروں سے بے اعتنائی نہیں برتتی تھی۔

(١٦) .مَاكَانَتْ مُضِيْفَةُ الطَّائِرَةِ تُهْمِلُ مِنْ مُسَافِرِيْ الطَّائِرَةِ.

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٥)
(فعلِ امر)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١).اِحْذَرْ عَدُوَّكَ مَرَّةً وَصَدِيْقَكَ أَلْفَ مَرَّةٍ فَإِنِ انْقَلَبَ الصَّدِيْقُ فَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمَضَرَّةِ.

(ا)۔تو اپنے دشمن سے ایک مرتبہ اور اپنے دوست سے ہزار مرتبہ بچ،کیوں کہ جب دوست پھر جاتا ہے تو وہ نقصان دہ چیزوں کو زیادہ جانتا ہے۔

(٢) يَا غُلَامُ! سَمِّ اللهَ وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ .(البخاری ومسلم)

(۲)۔اے لڑکے بسم اللہ پڑھ،داہنے ہاتھ سے کھا،اور اپنے قریب والے حصے سے کھا۔

(٣)اِتَّقُوا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللهِ .(اخرجہ الطبرانی فی الکبیر)

(۳)۔مومن کی بصیرت سے بچو،کیوں کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

(٤)اِغْسِلْ يَدَيْكَ قَبْلَ الأَكْلِ وَبَعْدَهُ وَنَظِّفْ أَسْنَانَكَ وَلَا تُدْخِلِ الطَّعَامَ عَلَى الطَّعَامِ .

(۴)۔کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھوں کو دھو،اپنے دانتوں کو صاف کر اور کھانے پر (دوبارہ) کھانا مت کھا۔

(٥)أُدْخِلِ الْبُسْتَانَ ،وَمَتِّعْ نَفْسَكَ بِمَنْظَرِهِ وَلَا تَعْبَثْ بِأَزْهَارِهِ وَثِمَارِهِ .

(۵)۔باغ میں جا،اس کے منظر سے خود کو لطف اندوز کر،اس کے پھولوں اور پھلوں سے مت کھیل۔

(٦)يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ !تَصَدَّقْنَ وَأَكْثِرْنَ الإِسْتِغْفَارَ فَإِنِّيْ رَأَيْتُكُنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ .(رواہ مسلم فی صحیحہ)

(۶)۔اے عورتوں کی جماعت !تم صدقہ کرو،استغفار کی کثرت کرو۔کیوں کہ میں نے تم میں سے زیادہ تر کو دوزخ میں دیکھا ہے۔

(۷)مُرُوا اَوْلَادَكُمْ بِالصَّلٰوةِ لِسَبْعِ سِنِيْنَ وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا لِعَشَرِ سِنِيْنَ وَفَرِّقُوا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِع .(رواه أبوداود في سننه)

(۷)۔سات سال کی عمر ہونے پر اپنے بچوں کو نماز کا حکم دو،دس سال کی عمر ہونے پر (نماز چھوڑنے پر)مارو اور ان کی خواب گاہیں الگ کردو۔

(۸)دَعْ مَا يُرِ يْبُكَ إِلٰى مَا لَا يُرِ يْبُكَ .(رواه الترمذی والنسائی).

(۸)۔اس چیز کو چھوڑ دے جو تجھے شک میں مبتلا کرے اور اس چیز کو اختیار کر جو شک میں مبتلا نہ کرے۔

(۹)أَدِّ الأَمَانَةَ إِلٰى مَنِ ائتَمَنَكَ وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ .(رواه أبو داود والترمذی)

(۹)۔امانت اس شخص کو واپس کردو جس نے تمھیں امین بنایا اور اس کے ساتھ خیانت مت کرو۔

(۱۰)كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْعَابِرِ سَبِيْلٍ .

(أخرجه البخاری والترمذی وابن ماجه)

(۱۰)۔دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ تم اجنبی ہو یا راستہ کے مسافر۔

(۱۱)وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوا .(آل عمران:۱۰۳).

(۱۱)۔اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں نہ بٹو۔

(۱۲)حٰفِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ .(البقرة ۲۳۸)

(۱۲)۔پابندی کرو سب نمازوں کی خاص کر بیچ والی نماز کی اور اللہ کے حضور ادب سے کھڑے ہو۔

اَلتَّمْرِیْنُ(٦٦)

(درج ذیل آیات واحادیث کا اردو ترجمہ)

(١)اِذْهَبَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ﴿۴۳﴾فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی ﴿۴۴﴾(طٰه:۴۳،۴۴)

(۱)۔تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ بے شک اس نے سر اٹھایا تو اس سے نرم بات کہنا اس امید پر کہ وہ دھیان کرے یا کچھ ڈرے۔

(۲)وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (الحشر:۷)

(۲)۔اور جو کچھ تمھیں رسول عطا فرمائیں وہ لے لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔

(۳)وَ اَوْفُوا الْكَیْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَ زِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ (الإسراء:۳۵)

(۳)۔اور جب ناپو تو پورا ناپو اور برابر ترازو سے تولو۔

(٤)وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ عَلَیْهَا لَا نَسْــٴَـلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰی ﴿۱۳۲﴾(طٰه:۱۳۲)

(۴)۔اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دو اور خود اس پر ثابت رہو۔ہم تم سے کچھ روزی نہیں مانگتے اور ہم تمھیں روزی دیں گے اور اچھا انجام پرہیز گاری کے لیے ہے۔

(٥)وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَیْدُ سٰحِرٍ وَ لَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی ﴿۶۹﴾(طٰه:۶۹)

(۵)۔اور ڈال دے تو جو تیرے داہنے ہاتھ میں ہے اور وہ ان کی بناوٹوں کو نگل جائے گا،وہ جو بنا کر لاتے ہیں وہ تو جادو کا فریب ہے اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتا جب وہ آئے۔

(٦) وَ هُزِّیْۤ اِلَیْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَیْكِ رُطَبًا جَنِیًّا ﴿۲۵﴾فَكُلِیْ وَاشْرَبِیْ وَقَرِّیْ عَیْنًا(مریم:۲۶،۲۵)

(۶)۔اور کھجور کی جڑ پکڑ کر اپنی طرف ہلا،تجھ پر تازی،پکی کھجوریں گریں گی،تو کھا اور پی اور آنکھ ٹھنڈی کر۔

(۷)غَطُّوا الإِنَاءَ ،وَأَوْكُوا السِّقَاءَ وَاغْلَقُوا الْبَابَ وَأَطْفِئُوا لسِّرَاجَ (رواه مسلم فی صحیح)

(۷)۔برتنوں کو ڈھانک دو، مشکیزے (کے منھ) کو ڈوری سے باندھ دو، دروازہ بند کردواور چراغ بجھادو۔

(۸)أَعْطُوا الأَجِيْرَ أَجْرَهُ قَبْلَ أَنْ يَّجِفَّ عَرَقُهُ .(رواه البیهقی).

(۸)۔مزدور کواس کی مزدوری پسینہ سوکھنے سے پہلے دے دو۔

(۹)فُكُّوا الْعَانِيَ ،أَجِيْبُوا الدَّاعِيَ ،أَطْعِمُوا الْجَائِعَ ،وَعُوْدُوا الْمَرِيْضَ .(رواه البخاری عن ابی موسی الأشعری)

(۹)۔قیدی کو چھڑاؤ، بلانے والے کی دعوت قبول کرو، بھوکے کو کھلاؤ اور مریض کی عیادت کرو۔

(۱۰)عِفُّوا عَنْ نِسَاءِ النَّاسِ تَعِفَّ نِسَاءَكُمْ،وَبَرُّوا آبَاءَكُمْ تَبَرَّ كُمْ أَبْنَاءُوْكُمْ .(رواه الحاكم عن ابی هريرة)

(۱۰)۔لوگوں کی عورتوں سے پاکدامن رہو تمھاری عورتیں پاک دامن رہیں گی، اپنے باپ داداکے ساتھ حسن سلوک کرو، تمھاری اولاد تمھارے ساتھ حسن سلوک کرے گی۔

(۱۱)طَهِّرُوا هٰذِهِ الأَجْسَادَ طَهَّرَكُمُ اللهُ .(رواه الطبرانی عن ابن عمر)

(۱۱)۔ان جسموں کو پاک کرو اللہ تعالیٰ تمھیں پاک کردے گا۔

(۱۲)اِتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبُدَ النَّاسِ،وَارْضَ بِمَا قَسَّمَ اللهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنيَ النَّاسِ ،وَأَحْسِنْ إِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا،وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا،وَلَا تُكْثِرِ الضَّحْكَ ،فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ .(أخرجه أحمد والترمذی والبیهقی)

(۱۲)۔حرام چیزوں سے بچ لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار ہوجائے گا، خود کے لیے اللہ کے تقسیم کردہ (رزق) پر راضی رہ لوگوں میں سب سے زیادہ مالدار ہوجائے گا، اپنے پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کر تو مومن (کامل) ہوجائے گا، لوگوں کے لیے وہ پسند کر جو

خود کے لیے پسند کرتا ہے مسلمان (کامل) ہوجائے گا زیادہ مت ہنس کیوں کہ زیادہ ہنسا دل کو مردہ کردیتا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٧)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) اس مرغی کو بلّی سے بچاؤ۔

(١) .اَنْقِذُوْا هٰذِهِ الدَّجَاجَةَ مِنَ الْقِطَّةِ.

(۲) تم (عورتیں) اللہ کا شکر ادا کرو۔

(٢) .اُشْكُرْنَ اللهَ.

(۳) اپنے بھائیوں سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملو۔

(٣) .اِلْقَوْا اِخَوَانَكَ بِطَلَاقَةِ الْوَجْهِ.

(۴) تم دونوں طلبہ اور اساتذہ کے سامنے عربی میں تقریر کرو۔

(٤) .اُخْطُبَا اَمَامَ الطُّلَّابِ وَالأَسَاتِذَةِ فِي الْعَرَبِيَّةِ.

(۵) تو (عورت) خاموش رہ اور میری بات سن۔

(٥) .اُسْكُتِيْ وَاسْمَعِيْ قَوْلِيْ.

(۶) تم دونوں راستے میں آہستہ چلو۔

(٦) .سِيْرَا فِي الطَّرِيْقِ عَلىٰ مُهْلٍ.

(۷) تم دونوں بازار جاؤ اور ضرورت کے سامان خریدو۔

(٧) .إِذْهَبَا إِلَى السُّوْقِ وَاشْتَرِيَا الْحَوَائِجَ.

(۸) میرے لیے ایک سواری کرایہ پر لو اور اسے گھر کے پاس لاؤ۔

(٨) .اِسْتَاجِرْلِيْ مَرْكَبًا وَأْتِ بِهٖ عِنْدَ الْبَيْتِ.

(۹) ان گھنے درختوں کے سائے میں بیٹھو۔

(٩) .اِجْلِسُوْا فِيْ ظِلِّ هٰذِهِ الأَشْجَارِ الْكَثِيْفَةِ.

(۱۰)بندوق لے اور اس فاختہ کا شکار کر۔

(١٠).خُذِ الْبُنْدُوْقَ وَصِدْ تِلْكَ الْيَمَامَةَ.

(۱۱)تم سب (عورتوں)اپنے بچوں کی تربیت کرو اور انھیں بلند اخلاق سکھاؤ۔

(١١).رَبِّيْنَ اَطْفَالَكُنَّ وَعَلِّمْنَهُمُ الأَخْلَاقَ الْعَظِيْمَةَ.

(۱۲)تو(عورت)چراغ جلا اور چولھے کی آگ بجھادے۔

(١٢).اَوْقِدِىْ الْمِصْبَاحَ وَاَطْفِئْ نَارَ الْمَوْقِدِ.

(۱۳)وقت کی قدر و قیمت سمجھ اور اسے کام میں لا۔

(١٣).اِعْرِفْ قَدْرَ الْوَقْتِ وَاسْتَخْدِمْهُ.

(۱۴)تم دونوں اس باغ سے کھلے ہوئے دو گلاب توڑو۔

(١٤).اِقْطِفَا الْوَرْدَانِ الْمُفَتَّحَانِ مِنْ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ.

(۱۵)بھلائی کرنے والوں کے ساتھ بھلائی کر اور برائی کرنے والوں کو معاف کردے۔

(١٥)اَحْسِنْ إِلَى الْمُحْسِنِيْنَ وَاعْفُ عَنِ الْمُسِيْئِيْنَ.

اَلتَّمْرِيْنُ(٦٨)

فعلِ نہی

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)لَا تُكْثِرْ مِنَ الضَّحِكِ.

(۱)۔زیادہ مت ہنس۔

(٢)لَا تُقَصِّرُ فِىْ اَعْمَالِكُمْ.

(۲)۔اپنے کاموں میں کوتاہی مت کرو۔

(٣) لَا تُكْتَبُ عَلَى الْجُدْرَانِ.

(۳)۔دیواروں پر مت لکھ۔

(٤) لَا تُكْثِرْ مُعَاتَبَةَ الصَّدِيْقِ.

(۴)۔دوست کی ملامت زیادہ مت کر۔

(٥) لَا تَقْرَأْ دُرُوْسَكَ بِكَسِلٍ

(۵)۔اپنے اسباق کو سستی سے مت پڑھ۔

(٦) لَا تَضَعْ اِصْبَعَكَ فِيْ فِيْكَ .

(۶)۔اپنی انگلی کو منھ میں داخل مت کر۔

(٧) يَا صَبِيَّانِ ! لَا تَلْعَبَا بِالنَّارِ .

(۷)۔اے دونوں بچو!آگ سے مت کھیلو۔

(٨) لَا تَشْغَلَا نَفْسَيْكُمَا بِمَا لَا يَنْفَعُ .

(۸)۔تم دونوں خود کو بے فائدہ چیزوں میں مشغول مت کرو۔

(٩) لَا تَأْكُلْ مَالَا تَسْتَطِيْعُ هَضْمَهُ.

(۹)۔جسے تم ہضم نہ کر سکو مت کھاؤ۔

(١٠) لَا تُهْمِلْ فِيْ نَصِيْحَةِ مَنْ تُحِبُّ .

(۱۰)۔اپنے محبوب کی نصیحت میں لاپرواہی مت کر۔

(١١) لَا تُعَجِّلْ عَمَلَ الْيَوْمِ إِلَى الْغَدِ.

(۱۱)۔آج کا کام کل پر نہ ٹال۔

(١٢) لَا تَعْبُرِ الطَّرِيْقَ وَالْإِشَارَةُ حَمْرَاءُ .

(۱۲)۔لال سگنل کے وقت راستہ پار مت کر۔

(١٣) لَا تُفَرِّطْ فِيْ وَاجِبٍ مِّنْ وَاجِبَاتِكَ.

(۱۳)۔اپنی کسی ذمہ داری میں کوتاہی مت کر۔

(١٤) لَا تَتَحَدَّثْ بِكُلِّ مَا سَمِعْتَ مِنَ النَّاسِ .

(۱۴)۔لوگوں سے ہر سنی ہوئی بات بیان مت کر۔

(١٥) لَا تَجْعَلُوْا قُلُوْبَكُمْ مَأْوًى لِلْأَحْقَادِ وَالضَّغَائِنِ .

(۱۵)۔اپنے دلوں کو بغض وحسد کا ٹھکانہ نہ بناؤ۔

(١٦) لَا تُعَادِ النَّاسَ وَلَا تَشْغَلْ نَفْسَكَ بِعُيُوْبِ غَيْرِكَ .

(١٦)۔لوگوں سے دشمنی مت کر اور خود کو دوسرے کے عیوب (تلاش کرنے) میں مشغول مت کر۔

(١٧) لَا تَتَكَلَّمْ فِيْمَا لَا تَعْرِفُ ،وَلَا تَتَدَخَّلْ فِيْمَا لَا يَعْنِيْكَ .

(١٧)۔اس کے بارے میں بات مت کر جو نہیں جانتا، اور لایعنی بات میں دخل اندازی مت کر۔

(١٨) اِسْتَمِعْ إِلٰى أَحَادِيْثِ الصَّادِقِيْنَ وَلَا تُصْغِ إِلَى الْكَاذِبِيْنَ .

(١٨)۔سچوں کی باتیں غور سے سن اور جھوٹوں کی طرف کان نہ لگا۔

(١٩) لَا تَتَأَخَّرْ عَنْ تَلْبِيَةِ النِّدَاءِ فِيْ ايِّ وَقْتٍ مِنَ النَّهَارِ وَالْلَيْلِ.

(١٩)۔رات ودن کسی بھی وقت اذان کے جواب پر تاخیر مت کر۔

(٢٠) لَا تُرَدِّدِ الْإِشَاعَاتِ وَتَحَقَّقْ مِنْ صِحَّةِ مَا تَسْمَعُهُ مِنْ أَخْبَارٍ

(٢٠)۔افواہوں کو رد مت کر اور سنی ہوئی باتوں کی صحیح تحقیق کر۔

اَلتَّمْرِيْنُ (٦٩)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا (آل عمران:٨)

(١)۔اے رب! ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی۔

(٢) وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ (الاسراء:٣١)

(٢)۔اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔

(٣) لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى (البقرة:٢٦٤)

(٣)۔اپنے صدقے احسان رکھ کر اور ایذا دے کر باطل نہ کرو۔

(٤) وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَاءُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ (النّساء:٢٢)

(٤)۔اور باپ دادا کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو۔

(٥) لَا تَلْمِزُوْا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ (الحجرات:١١)

(۵)۔اور آپس میں طعنہ نہ کرو اور ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو۔

(٦) لَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا (الحجرات:١٢)

(۶)۔اور عیب تلاش نہ کرو اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔

(٧) لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا (النساء:٩٤)

(۷)۔اور جو تمھیں سلام کرے اس سے یہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں۔

(٨) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ (البقرة:١٥٤)

(۸)۔اور جو خدا کی راہ میں مارے جائیں انھیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمھیں خبر نہیں۔

(٩) وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى (الاحزاب:٣٣)

(۹)۔اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی۔

(١٠) يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ (الحجرات:٢)

(۱۰)۔اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو۔

(١١) وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (هود: ٨٥)

(۱۱)۔اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔

(١٢) لَا يُجْلَسْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ اِلَّا بِاِذْنِهِمَا (أخرجه أبو داؤد)

(۱۲)۔دو لوگوں کے درمیان نہ بیٹھا جائے مگر ان کی اجازت سے۔

(١٣) لَا تَسُبُّوْا الدِّيْكَ فَاِنَّهٗ يُوْقِظُ لِلصَّلَاةِ (أخرجه أبو داؤد وأحمد)

(۱۳)۔مرغ کو برا بھلا مت کہو، کیوں کہ وہ نماز کے لیے بیدار کرتا ہے۔

(١٤) لَا تُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِيٌّ

(رواہ أبو داؤد فی سننه)

(۱۴)۔ تمھارا ساتھی مومن ہی ہو اور تمھارا کھانا صرف پرہیزگار ہی کھائے۔

(١٥) لَا تَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ وَلَا تُصَلُّوْا إِلَيْهَا .(رواہ مسلم)

(۱۵)۔ قبروں پر نہ بیٹھو اور ان کی طرف (منہ کر کے) نماز ادا نہ کرو۔

(١٦) لَا تَأْكُلُوْا بِالشِّمَالِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِالشِّمَالِ .(رواہ ابن ماجه)

(۱۶)۔ بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ اس لیے کہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔

(١٧) كُلُوْا جَمِيْعًا وَّلَا تَتَفَرَّقُوْا؛ فَإِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ .(رواہ ابن ماجه)

(۱۷)۔ اکٹھا کھاؤ اور جدا نہ ہو کیوں کہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔

(١٨) لَا تُرَوِّعُوْا الْمُسْلِمَ، فَإِنَّ رَوْعَةَ الْمُسْلِمِ ظُلْمٌ عَظِيْمٌ (رواہ الطبرانی)

(۱۸)۔ مسلمان کو نہ ڈراؤ کیوں کہ مسلمان کو ڈرانا بڑا گناہ ہے۔

(١٩) لَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا تَدَابَرُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا .(متفق علیه)

(۱۹)۔ بغض نہ کرو، حسد نہ کرو، باہم قطع تعلق نہ کرو اور اللہ کے بندوں بھائی بھائی ہو جاؤ۔

(٢٠) لَا تُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارىٰ، فَإِنَّ تَسْلِيْمَهُمْ بِالْكُفُوْفِ وَالْحَوَاجِبِ .(رواہ البیهقی عن جابر)

(۲۰)۔ یہود اور نصاریٰ کی طرح سلام نہ کرو کیوں کہ ان کا سلام ہتھیلی اور بھؤوں سے ہوتا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۰)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) حق کے خلاف باطل کی مدد نہ کرو۔

(١) لَا تَنْصُرُوْا الْبَاطِلَ عَلَى الْحَقِّ.

(۲) بغیر دعوت کسی دسترخوان پر نہ بیٹھو۔

(٢). لَا تَجْلِسُوْا عَلٰى مَائِدَةٍ بِغَيْرِ دَعْوَةٍ.
(٣)حق کے سوا کوئی بات نہ کہو۔
(٣). لَا تَقُوْلُوْا شَيْئًا غَيْرَ الْحَقِّ.
(٤)گرمی کے موسم میں دھوپ سے آنے کے بعد فوراً ٹھنڈا پانی نہ پیو۔
(٤). لَاتَشْرِبُوا الْمَاءَ الْبَارِدَ عَلَى الْفَوْرِ بَعْدَ مَجِيْءٍ مِنَ الشَّمْسِ فِيْ فَصْلِ الصَّيْفِ.
(۵)اپنے شوہر کی نافرمانی اور نہ شکری مت کر۔
(٥). لَا تَعْصِيْ زَوْجَكِ وَلَا تَكْفُرِيْ.
(٦)اے بچیو! کھڑکیوں کے شیشے مت توڑو۔
(٦). يَاأَيَّتُهَا الصَّبِيَّاتُ! لَا تَكْسِرْنَ زُجَاجَاتِ الشَّبَابِيْكِ.
(۷)زاہد اور شاہد! والدین کی اجازت کے بغیر گھر سے کوئی چیز مت لو۔
(٧). يَا زَاهِدُ وَشَاهِدُ: لَا تَأْخُذَا شَيْئًا مِنَ الْبَيْتِ بِغَيْرِ إِذْنِ الأَبَوَيْنِ.
(۸)بغیر بھوک کے کھانا نہ کھاؤ۔
(٨). لَا تَاكُلُوْا الطَّعَامَ بِغَيْرِ الْجُوْعِ.
(۹)تم میں سے کوئی مسجد میں دنیا کی باتیں نہ کرے۔
(٩). لَا يَتَكَلَّمْ أَحَدُكُمْ فِي الْمَسْجِدِ اَلْأَحَادِيْثَ الدُّنْيَوِيَّةَ.
(۱۰)خالد اور محمود یہ مصلی خرید لو اور وہ قالین مت خریدو۔
(١٠). يَا خَالِدُ وَمَحْمُوْدُ اِشْتَرِيَا هٰذِهِ السَّجَّادَةَ وَلَا تَشْتَرِيَا الطُّنْفُسَةَ.
(۱۱)شادی سنّت کے مطابق کرو اور اس میں فضول خرچی نہ کرو۔
(١١). تَزَوَّجُوْا وِفْقَ السُّنَّةِ وَلَا تُبَذِّرُوا فِيْهِ.
(۱۲)اے مسلمان لڑکیو! باریک اور تنگ کپڑے نہ پہنو۔
(١٢). يَا اَيَّتُهَا الْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ! لَا تَلْبِسْنَ الثِّيَابَ الرَّقِيقَةَ وَالضَّيِّقَةَ
(۱۳)تم دونوں (عورتوں) گھر کے باغ کی سیر کرو اور بازار کی سیر کو نہ جاؤ۔

(۱۳) .تَفَرَّجَا عَلٰی حَدِیْقَةِ الْبَیْتِ وَلَا تَذْهَبَا إِلٰی تَنَزُّهِ السُّوْقِ.

(۱۴) آج یہ دونوں لڑکے چڑیا گھر نہ جائیں۔

(١٤) .لَا یَذْهَبْ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ إِلٰی حَدِیْقَةِ الْحَیَوَانَاتِ .

اَلتَّمْرِیْنُ (۱۷)

(مبتدا کی خبر جب کہ جملہ ہو)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) .اَلْقِرَاءَةُ تُغَذِّیْ الْعَقْلَ وَتُوَسِّعُ الْفِکْرَ .

(۱)۔ پڑھائی عقل کو غذا دیتی ہے اور فکر کو کشادہ کرتی ہے۔

(٢) اَلتَّدْخِیْنُ یَضُرُّ بِالنَّفْسِ وَالْمَالِ.

(۲)۔ سگریٹ جان ومال کو نقصان دیتا ہے۔

(٣) اَلسَّعَادَةُ تَنْبَعُ مِنْ دَاخِلِ النَّفْسِ .

(۳)۔ نیک بختی نفس کے اندر سے موجزن ہوتی ہے۔

(٤) اَلنَّمْلُ یَبْنِیْ قَرْیَتَهُ فِیْ بَاطِنِ الْأَرْضِ .

(۴)۔ چیونٹی اپنا گاؤں زمین کے اندر بناتی ہے۔

(٥) رِجَالُ التَّدْرِیْبِ فَرِحُوْا بِنَجَاحِ فِرَقِهِمْ .

(۵)۔ ماہرین تربیت اپنی ٹیموں کی کامیابی سے خوش ہوئے۔

(٦) اَلْإِسْلَامُ یُهَذِّبُ النُّفُوْسَ وَیُرَقِّقُ الطِّبَاعَ .

(٦)۔ اسلام لوگوں کو مہذب کرتا ہے اور طبیعتوں کو نرم کرتا ہے۔

(٧) اَلنَّحْلَةُ تَمْتَصُّ رَحِیْقَ الْأَزْهَارِ .

(۷)۔ شہد کی مکھی پھولوں کا رس چوستی ہے۔

(٨) اَلشَّمْسُ غَمَرَتِ الْکَوْنَ بِأَشِعَّتِهَا الذَّهَبِیَّةِ .

(۸)۔ سورج نے اپنی سلوری کرنوں سے کائنات کو ڈھانپ لیا۔

(٩) كِلْتَا الدَّوْلَتَيْنِ تَتَنَا فَسُ فِيْ شِرَاءِ السِّلَاحِ .

(۹)۔دونوں حکومتیں ہتھیار خریدنے میں مقابلہ کرتی ہیں۔

(١٠) اَلْاُمَّهَاتُ يَقْصُصْنَ حِكَايَاتِ الْبُطُوْلَةِ عَلٰى اَبْنَائِهِنَّ .

(۱۰)۔مائیں اپنے بیٹوں سے بہادروں کے واقعات بیان کرتی ہیں۔

(١١) الطَّالِبُ الْمُجِدُّ يَسْأَلُ أَسْتَاذَهُ عَنْ قَضَايَا صَعْبَةٍ.

(۱۱)۔محنتی طالب علم اپنے استاذ سے مشکل مسائل پوچھتا ہے۔

(١٢) تَخْطِيْطُ الْوَقْتِ يُمَكِّنُكَ مِنْ تَحْقِيْقِ أَهْدَافِكَ .

(۱۲)۔وقت کی منصوبہ بندی تمھارے مقصد کو پورا کر سکتی ہے۔

(١٣) إِلْقَاءُ الْمُهْمَلَاتِ فِي الشَّوَارِعِ يُقَلِّلُ مِنْ شَأْنِ وَطَنِنَا .

(۱۳) ۔بیکار کاغذات کو سڑکوں پر ڈالنا ہمارے ملک کی عزت کو کم کرتا ہے۔

(١٤) اَلْخَطَابَةُ اِزْدَهَرَتْ فِيْ صَدْرِ الإِسْلَامِ.

(۱۴)۔تقریر وبیان نے اسلام کے آغاز میں عروج پایا۔

(١٥) اَلْخُطْبَةُ تَحْتَاجُ إِلٰى سُهُوْلَةِ الأَلْفَاظِ وَوُضُوْحِ الْمَعَانِيْ .

(۱۵)۔وعظ وبیان میں آسان الفاظ اور مفہوم کی وضاحت ضروری ہے۔

(١٦) أُوْلٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِمَّا كَسَبُوْا وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ۔

[البقرۃ:۲۰۲]۔

(۱۶)۔ان کے لیے ان کی کمائی کا حصہ ہے اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۲)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) گاؤں کے باشندوں نے لاٹھی ڈنڈے سے بھیڑیے کو مار ڈالا۔

(١) . سُكَّانُ الْقَرْيَةِ قَتَلُوا الذِّئْبَ بِالْعِصِيِّ وَالْعَكَاكِيْزِ .

(۲)اس کسان نے کاشت کاری کے میدان میں حسن کارکردگی کی وجہ سے انعام پایا۔

(٢) . ذٰلِكَ الْفَلَّاحُ نَالَ الْجَائِزَةَ فِيْ مَجَالِ الزِّرَاعَةِ بِجَوْدَةِ الْعَمَلِ.

(۳)یہودیوں نے اسلام کے خلاف سازشیں رچیں۔

(٣) .اَلْيَهُوْدُ دَبَّرُوا الْمُوَامَرَتِ ضِدَّ الإِسْلَامِ.

(۴)سائنسی اور صنعتی ترقی ملک کے وقار اور اہمیت کو بڑھاتی ہے۔

(٤) .تَزِيْدُ تَقَدُّمُ الْعِلْمِيَّةِ وَالصِّنَاعِيِّ وَقَارَ الْمُلْكِ وَخُطُوْرَتِهٖ.

(۵)ہمارے ملک نے سائنس اور ٹکنالوجی کے میدان میں بہت ترقی کی ہے۔

(٥) .وَطَنُنَا قَدْ اِزْدَهَرَ فِيْ مَجَالِ عِلْمِ الطَّبْعِيَّةِ وَ تَكْنَا لُوْجِيَا جِدًّا.

(۶)غریب جھونپڑی کے لیے ترستے ہیں اور امیروں کے مکانات مکینوں سے خالی ہیں۔

(٦) .اَلْفُقَرَاءُ يَحْتَاجُوْنَ إِلَى الْأَكْوَاخِ وَمَنَازِلُ الرُّؤُوْسَاءِ خَالِيَةٌ مِنَ السَّاكِنِيْنَ.

(۷)انسانی زندگی کا مسئلہ اس وقت نہایت پیچیدہ ہو گیا ہے۔

(٧) .قَضْيَةُ الْحَيَاةِ الإِنْسَانِيَّةِ قَدْ صَارَتْ مُعَقَّدَةً جِدًّا فِيْ هٰذَا الْعَصْرِ

(۸)اسلام نے انسانیت کو تاریکیوں سے اجالے کی طرف نکالا۔

.(٨) .اَلإِسْلَامُ اَخْرَجَ الإِنْسَانِيَّةَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ.

(۹)اسٹیشن کا پلیٹ فارم مسافروں اور الوداع کہنے والوں سے پُر ہو گیا ہے۔

(٩) . رَصِيْفُ الْمَحَطَّةِ قَدْ إِمْتَلَاءَ مِنَ الْمُسَافِرِيْنَ وَالْمُوَدِّعِيْنَ.

(۱۰)خطرناک ڈاکو اپنے گروہ کے ساتھ ایک مال دار کے گھر پر حملہ آور ہوا۔

(١٠) .اَلنَّهَابُ الْخَطِيْرُ هَجَمَ بِجَمَاعَتِهٖ عَلٰى بَيْتِ غَنِيٍّ.

(۱۱)یہ فاؤنٹن پن اس بڑی دکان سے خریدا گیا ہے۔

(١١) .هٰذَا قَلَمُ الْحِبْرِ قَدْ اُشْتِرِيَ مِنْ هٰذَا الدُّكَّانِ الْكَبِيْرِ.

(۱۲)باغ کے مالی نے آم کے درختوں کو پانی دیا۔

(١٢) .بُسْتَانِي الْحَدِيْقَةِ سَقَى اَشْجَارَ الأَنْبَجِ.

اَلتَّمْرِيْنُ(۷۳)

(مبتدا جب کہ اس کی خبر شبہ جملہ ہو)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)اَلذُّبَابَةُ مِنَ الْحَشَرَاتِ الْمُؤْذِيَةِ .

(۱)۔مکھی نقصان دینے والے کیڑوں میں سے ہے۔

(٢)اَلْمَجَالِسُ بِالأَمَانَةِ .

(۲)۔عدالتیں اعتماد سے قائم ہیں۔

(٣)اَلأَنَاةُ مِنَ اللهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ .

(۳)۔سنجیدگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔

(٤)اَلطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ

(۴)۔شکر گزار شکم سیر صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔

(٥)اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ .

(۵)۔گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ شخص کی طرح ہے۔

(٦)اَلنَّجَاةُ فِي الصِّدْقِ .

(۶)۔نجات سچ بولنے میں ہے۔

(٧)قُوَّةُ الأُمَّةِ فِي تَوَحُّدِهَا وَاتِّفَاقِ كَلِمَتِهَا .

(۷)۔قوم کی طاقت اس کے اتحاد اور بات کے اتفاق میں ہے۔

(٨)قِيْمَةُ الإِنْسَانِ بِعَقْلِهٖ وَخُلُقِهٖ .

(۸)۔انسان کی قدر و قیمت اس کی عقل اور اخلاق سے ہے۔

(٩)اَلصَّدِيقُ الْمُخْلِصُ كَالأَخِ الشَّفِيقِ .

(۹)۔مخلص دوست حقیقی بھائی کی طرح ہے۔

(١٠)اَلْبَرَكَةُ فِي الْبُكُوْرِ .

(۱۰)۔برکت صبح سویرے اٹھنے میں ہے۔

(۱۱)اَلْعِلْمُ فِي الصُّدُوْرِ لَا فِي السُّطُوْرِ.
(۱۱)۔علم سینوں میں ہے نہ کہ (کتاب کی)لائنوں میں۔
(۱۲)رِضَي الرَّبِّ فِيْ رِضَي الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ
(۱۲)۔اللہ تعالی کی خوشنودی والد کی خوشنودی میں ہے اور اللہ تعالی کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے۔
(۱۳)مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيْهِ.
(۱۳)۔انسان کے اچھے اسلام میں سے یہ ہے کہ وہ لایعنی باتوں کو چھوڑ دے۔
(۱٤)طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِي صَحِيْفَتِهٖ اِسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا.
(۱۴)۔خوش خبری ہے اس کے لیے جو اپنے نامۂ اعمال میں کثرت سے استغفار پائے۔
(۱٥)وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ۔ [الهمزة:۱]
(۱۵)۔خرابی ہے اس کے لیے جو لوگوں کے منھ پر عیب کرے پیٹھ پیچھے بدی کرے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۷۴)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)خوب صورت طوطا اس نئے پنجرے میں ہے۔
(۱).اَلْبَبْغَاءُ الْجَمِيْلُ فِيْ هٰذَا الْقَفَصِ الْجَدِيْدِ.
(۲)چیل اور کوّے اس مردار کے پاس ہیں۔
(۲).اَلْحِدَءُ وَالْغِرْبَانُ عِنْدَ تِلْكَ الْجِيْفَةِ.
(۳)سبھی ملکوں کے سفارت خانے ہندوستان کی راجدھانی دہلی میں ہیں۔
(۳).سِفَارَاتُ جَمِيْعِ الدُّوَلِ فِيْ دِهْلِيْ عَاصِمَةِ الْهِنْدِ.
(۴)سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کا مزار عراق کی راجدھانی بغداد میں ہے۔
(٤).ضَرِيْحُ سَيِّدِنَا اَلْغَوْثِ الأَعْظَمِ رَضِي اللهُ عَنْهُ فِيْ بَغْدَادَ عَاصِمَةِ الْعِرَاقِ.

(۵) وہ بلند ٹاور میرے گھر کے سامنے ہے۔

(٥).ذٰلِكَ الْبُرْجُ الشَّامِخُ أَمَامَ بَيْتِيْ .

(۶) چانداور سورج اس آسمان کے نیچے ہیں۔

(٦).اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ تَحْتَ هٰذَا السَّمَاءِ.

(۷) خالد کی ماں اپنے میکے میں ہے۔

(٧).اُمُّ خَالِدٍفِيْ بَيْتِ اَبِيْهَا.

(۸) جنّت تلواروں کے سائے تلے ہے۔

(٨).اَلْجَنَّةُ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ .

(۹)دشمن کی فوجیں ان بلند بالا پہاڑوں کے پیچھے ہیں۔

(٩).جُيُوْشُ الْعَدُوِّ وَرَاءَ تِلْكَ الْجِبَالِ الشَّامِخَةِ.

(۱۰) میں اپنے دوستوں سے مسلسل رابطے میں ہوں۔

(١٠).أَنَا مُتَّصِلٌ بِأَصْدِقَائِي دَائِمًا.

(۱۱) ہمارے ملک کے شہری امن وسلامتی میں ہیں۔

(١١).مُوَاطِنُ وَطَنِنَافِيْ أَمْنٍ وَسلَامَةٍ.

(۱۲)وزیراعظم،پارلیمنٹ کی عمارت میں ہیں۔

(١٢).رَئِيسُ الْوُزَرَاءِفِيْ مَنْزِلِ الْبَرْلِمَانِ.

(۱۳) نئی کتابیں الماریوں کے اوپر ہیں۔

(١٣).اَلْكُتُبُ الْجَدِيْدَةُ فَوْقَ الصُّوَانَاتِ.

ریلوے اسٹیشن،بس اسٹیشن کے آگے ہے۔

(١٤) . اَلْمَحَطَّةُ قُدَّامَ مَحَطَّةِ الْحَافِلَاتِ.

اَلتَّمْرِيْنُ(٧٥)
(فعل ماضی کی تاکید)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)لَقَدْ حُمِّلْنَا عِبأً لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ.

(ا)۔ہم پر ایسا بوجھ ڈال دیا گیا جس کی ہمیں طاقت نہیں ہے۔

(٢) قَدْ رَضِيَ الْجُنْدِيَّانِ بِمَا أَصَابَا مِنَ الْغَنِيْمَةِ .

(٢)۔دونوں فوجی مال غنیمت کے اپنے حصے پر راضی ہو گیے ہیں۔

(٣) قَدِ اتَّخَذَ الْاِسْتِعْمَارُ أَسْمَاءً وَّ أَشْكَالًا كَثِيْرةً.

(٣)۔سامراجیت نے کچھ نام اور بہت سی صورتیں بنالی ہیں۔

(٤) قَدِ اشْتَهَرَ أَبُوْ زُهَيْرٍ ثَابِتُ بْنُ جَابِرٍ بِإِسْمِ "تَأَبَّطَ شَرًّا ".

(۴)۔ابوزہیر ثابت بن جابر "تابط شرا" کے نام سے مشہور ہوئے ہیں۔

(٥) قَالَ تِلْمِيْذٌ رَحَّالَةٌ قَدْ أَحْبَبْتُ التَّنَقُّلَ وَ الأَسْفَارَ مِنْ صِغَرِيْ وَجُبْتُ كَثِيْرًا مِّنَ السُّهُوْلِ وَالصَّحَارَى.

(۵)۔ایک سیاح طالب علم نے کہا کہ میں نے بچپن سے سفر اور آمد و رفت کو پسند کیا ہے اور بہت سی نرم ہموار زمین اور جنگلوں کی سیر کی۔

(٦) قَدْ أَوَيْنَا إِلٰى ظِلِّ شَجَرَةٍ فِيْ الظَّهِيْرَةِ وَهَفَوْنَا بِأَبْصَارِنَا إِلَى الأَمَامِ .

(٦)۔ہم نے دوپہر میں سایہ دار درخت کی پناہ لی اور تیزی کے ساتھ اپنی نگاہیں آگے کی طرف دوڑائیں۔

(٧) لَقَدْ زَادَ الرَّئِيْسُ مُرَتَّبِيْ مِائَةَ رُوْبِيَةٍ.

(٧)۔صدر نے میری تنخواہ سو روپے زیادہ کر دی۔

(٨) قَالَ رَجُلٌ لابنهِ : لَقَدْ كَبِرْتُ فِيْ السِّنِّ وَعجزْتُ عَنِ الْعَمَلِ فَاسْمَعَنْ نَصِيْحَتِيْ .

(۸)۔ایک آدمی نے اپنے بیٹے سے کہا میں انتہائی بوڑھا ہوگیا ہوں اور کام سے عاجز ہوگیا ہوں تو میری نصیحت کو تو ضرور سن۔

(۹) لَقَدْ قَدَّمَ کُلٌّ مِّنَ الصَّحَابَةِ نَفْسَهُ لِرَفْعِ رَايَةِ الْإِسْلَامِ.

(۹)۔صحابۂ کرام میں سے ہر شخص نے اسلام کے جھنڈے کی بلندی کے لیے اپنی جان کو پیش کردیا۔

(۱۰) قَدِ اشْتَمَلَ التَّارِيْخُ الْإِسْلَامِيُّ عَلٰى عَبَاقِرَةٍ كَثِيْرِيْنَ.

(۱۰)۔اسلامی تاریخ بہت سی عبقری باکمال شخصیتوں پر مشتمل ہے۔

(۱۱) وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ. (بنی اسرائیل: ۷۰)

(۱۱)۔ہم نے اولاد آدم کو مکرم کیا اور انھیں خشک وتر میں سوار کیا۔

(۱۲) لَقَدْ مَنَّ اللهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا. (آل عمران: ۱٦٤)

(۱۲)۔بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انھیں میں سے ایک رسول بھیجا۔

(۱۳) قَدْ جَآءَكُمْ مِنَ اللهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ. (المائدة: ۱۵)

(۱۳)۔بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔

(۱٤) قَدْ سَمِعَ اللهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا. (المجادلة: ۱)

(۱۴)۔بے شک اللہ نے سنی اس عورت کی بات جو تم سے اپنے شوہر کے معاملے میں بحث کرتی ہے۔

(۱۵) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا. وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا. (الشمس: ۹.۱۰)

(۱۵)۔بے شک مراد کو پہنچا جس نے اسے ستھرا کیا، اور نامراد ہوا جس نے اسے معصیت میں چھپایا۔

(۱٦) قَدْ جَعَلَ اللهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (الطلاق: ۳)

(۱۶)۔بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ رکھا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۷۶)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)میری خادمہ نے یہ کھانا پکایا ہے۔

(۱) .قَدْ طَبَخَتْ خَادِمَتِيْ هٰذَا الطَّعَامَ .

(۲)ہم نے سچ مچ کل مجرمین کو معاف کر دیا تھا۔

(۲) .لَقَدْ عَفَوْنَا الْمُجْرِمِيْنَ أَمْسِ .

(۳)انسپکٹر اس مدرسے کا تعلیمی معاینہ کر چکا ہے۔

(۳) .قَدْ فَتَّشَ الْمُرَاقِبُ التَّعْلِيْمِيْ لِهٰذِهِ الْمَدْرَسَةِ.

(۴)وہ خطرناک سانپ کل ہی مار ڈالا گیا تھا۔

(٤) .لَقَدْ قُتِلَ ذٰلِكَ الثُّعْبَانُ الْخَطِيْرُ أَمْسِ.

(۵)تمھارے ملازم نے میرا سامان گھر تک پہنچا دیا ہے۔

(٥) .قَدْ اَوْصَلَ مُوَظَّفُكَ مَتَاعِيْ إِلَى الْبَيْتِ .

(۶)وہ تھکا ماندہ کسان گولر کے درخت کے نیچے بیٹھ گیا تھا۔

(٦) . كَانَ جَلَسَ ذٰلِكَ الْفَلَّاحُ الْمُتْعَبُ تَحْتَ الْجُمَّيْزَةِ.

(۷)بلاشبہ ٹیلی ویژن نے نئی نسل کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

(۷) .لَقَدْ قَامَ التِّلْفَازُ دَوْرًا هَامًّا فِيْ تَخْرِيْبِ الْجِيْلِ النَّاشِيْ.

(۸)ان مجرموں نے جج کے سامنے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا ہے۔

(۸) .قَدْ اَقَرَّ هٰؤُلَاءِ الْمُجْرِمُوْنَ أَمَامَ الْقَاضِيْ بِجَرِيْمَتِهِمْ.

(۹)میں نے اس مسئلے پر ہائی کورٹ کے جج سے بات چیت کر لی ہے۔

(۹) .قَدْ تَحَدَّثْتُ مَعَ الْقَاضِيْ لِلْمَحْكَمَةِ الْعَالِيَةِ حَوْلَ هٰذِهِ الْقَضْيَةِ.

(۱۰)بھیڑیے نے سچ مچ بکریوں کے گلّے پر حملہ کر دیا اور کئی بکریوں کو زخمی کر دیا۔

(۱۰) .لَقَدْ هَجَمَ الذِّيْبُ عَلٰى قَطِيْعِ الشِّيَاهِ وَجَرَحَ شِيَاةً .

(۱۱)محمود اپنے دوستوں کے ساتھ اپنے پڑوسی کی عیادت کے لیے اسپتال پہنچ چکا ہے۔

(۱۱) . قَدْ وَصَلَ مَحْمُوْدٌ إِلَى الْمُسْتَشْفیٰ لِعِيَادَة جَارِهِ مَعَ اَصْدِقَائِهٖ .
(۱۲) عائشہ نے اس سال اپنے والد کے ساتھ خانۂ کعبہ اور روضۂ نبوی کی زیارت کرلی ہے۔
(۱۲) . قَدْ زَارَتْ عَائِشَةُ هٰذَاالْعَامَّ الْكَعْبَةَ الْمُكَرَّمَةَ وَالضَّرِيْحَ النَّبَوِيَّ مَعَ وَالِدِهَا .

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۷)

(فعل مضارع کے ساتھ قَدْ اور لام تاکید کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱) إِنَّ هٰذَا الْفَلَّاحَ لَيَبِيْعُ الْفَاكِهَةَ رَخِيْصَةً .
(۱)۔ بے شک یہ کسان میوہ سستا بیچتا ہے۔
(۲) اَلنِّسَاءُ قَدْ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ .
(۲)۔ عورتیں شوہر کی ناشکری کرتی ہیں۔
(۳) إِنَّ الْمُحَامِيَ قَدْ يَطْلُبُ التَّأْجِيْلَ مِنَ الْقُضَاةِ .
(۳)۔ یقیناً وکیل ججوں سے مہلت مانگتا ہے۔
(٤) إِنَّ الْمَحْكَمَةَ قَدْ تُوَافِقُ عَلٰى طَلَبِ الْمُحَامِيْ .
(۴)۔ بلاشبہ عدالت وکیل کی درخواست منظور کرتی ہے۔
(٥) إِنَّ رِجَالَ السُّلْطَانِ لَيَصْطَادُوْنَ غَزَالًا .
(۵)۔ سچ مچ بادشاہ ہرن کا شکار کرتے ہیں۔
(٦) ثُمَّ لَيَذْبَحُوْنَهٗ بِالسِّكِّيْنِ الْحَادِّ .
(۶)۔ پھر اسے تیز چھری سے ذبح کرتے ہیں۔
(۷) لَقَدْ يَسُوْءُنِي مَنْظَرُ فَتَاةٍ تَبْكِيْ مِنَ الْجُوْعِ .
(۷)۔ یقیناً بھوک سے رونے والی لڑکی کی حالت مجھے بری لگتی ہے۔
(۸) إِنَّ مَحْمُوْدًا قَدْ يَدْخُلُ بُسْتَانًا جَمِيْلًا طُرُقَاتُهٗ مُنَسَّقَةٌ .

(۸)۔یقیناً محمود ایک ایسے خوب صورت باغ میں جاتا ہے جس کے راستے آراستہ ہیں۔

(۹)لَقَدْ أُسْرِعَ إِلٰى مُسْتَغِيْثٍ يَطْلُبُ الْعَوْنَ .

(۹)۔واقعی مدد طلب کرنے والے کی فریاد کی طرف جلدی کی گئی۔

(۱۰)إِنَّهُمَا لَيُشَاهِدَانِ سَيَّارَةَ الإِسْعَافِ .

(۱۰)۔یقیناً دونوں ایمبولینس کو دیکھتے ہیں۔

(۱۱)إِنَّنِيْ لَأَتَكَلَّمُ فِي الْمُسَرَّةِ الْوَاضِحِ صَوْتُهَا .

(۱۱)۔بے شک میں اچھی آواز والے ٹیلی فون میں بات کرتا ہوں۔

(۱۲)إِنَّ هٰؤُلَاءِ الْمُسَافِرِيْنَ لَيَنْتَظِرُوْنَ مَجِيْءَ الطَّائِرَةِ.

(۱۲)۔یقیناً یہ مسافر ہوائی جہاز کے آنے کا انتظار کرتے ہیں۔

(۱۳)لَقَدْ نَفُوْزُ عَلٰى عَدُوِّنَا الْغَاشِمِ.

(۱۳)۔واقعی ہم اپنے ظالم دشمن پر کامیاب ہوتے ہیں۔

(۱٤)إِنَّ عَدَدَ طُلَّابِ الْمَدْرَسَةِ لَيَزِيْدُ عَنْ أَلْفِ طَالِبٍ .

(۱۴)۔بلاشبہ مدرسہ کے طلبہ کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہوتی ہے۔

(۱٥)إِنَّ اللهَ تَعَالٰى لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ .(متفق علیہ)

(۱۵)۔یقیناً اللہ تعالیٰ اس دین کی مدد فاسق آدمی کے ذریعہ بھی فرماتا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۷۸)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)میں آپ کے وعدے پر واقعی بھروسا کرتا ہوں۔

(۱).إِنِّيْ اَعْتَمِدُ عَلٰى وَعْدِكَ.

(۲)یقیناً اللہ کے ذکر سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔

(۲).إِنَّ بِذِكْرِ اللهِ لَتَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ .

(۳)والدین اپنے بچوں کی واقعی خیر خواہی کرتے ہیں۔

(٣).إِنَّ الأَبَوَيْنِ لَيَتَعَهَّدَانِ اَطْفَالَهُمَا .

(۴)یہ دونوں کھلاڑی واقعی اچھافٹ بال کھیلتے ہیں۔

(٤).إِنَّ هٰذَيْنِ اللَّاعِبَيْنِ يَلْعَبَانِ كُرَةَ الْقَدَمِ جَيِّدًا .

(۵)سچ مچ میں ایک بڑا منصوبہ بنا رہا ہوں۔

(٥).إِنَّنِيْ لَأُدَبِّرُ الْخُطَّةَ الْكَبِيْرَةَ.

(۶)یقیناً اس بازار میں عمدہ کپڑے سستے داموں میں بکتے ہیں۔

(٦).إِنَّ الثِّيَابَ الْجَيِّدَةَ تُبَاعُ فِي السِّعْرِ الرَّخِيْصِ فِيْ هٰذَاالسُّوْقِ.

(۷)بے شک ہوائی جہاز ایک ہزار میٹر کی بلندی پر اڑتا ہے۔

(٧).إِنَّ الطَّائِرَةَ يَطِيْرُ عَلٰى عُلُوِّ اَلْفِ مِتْرٍ .

(۸)وہ دیکھو سچ مچ ان پہاڑوں کی اوٹ میں سورج غروب ہو رہا ہے۔

(٨).اُنْظُرُوْا لَقَدْ تَغْرُبُ الشَّمْسُ فِيْ وَرَاءِ تِلْكَ الْجِبَالِ.

(۹)یقیناً جدید سائنسی ایجادات آسانیاں فراہم کر رہی ہیں

(٩).إِنَّ الإِخْتِرَاعَاتِ الْعِلْمِيَّةَ الْجَدِيْدَةَ تُوَفِّرُ التَّسْهِيْلَاتِ.

(۱۰)بلا شبہ یہ طلبہ بڑی لگن سے سالانہ امتحان کی تیاری کر رہے ہیں۔

(١٠).إِنَّ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابَ يَسْتَعِدُّوْنَ تَجْهِيْزَ الإِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ بِرَغْبَةٍ كَبِيْرَةٍ .

(۱۱)سچ مچ یہ موٹر سائیکل ایک گھنٹے میں ستّر کلو میٹر کی مسافت طے کرتی ہے۔

(١١).إِنَّ هٰذِهِ الدَّرَّاجَةَ النَّارِيَةَ تَقْطَعُ مَسَافَةَ سَبْعِيْنَ كِلو مِتَرْ فِيْ سَاعَةٍ وَاحِدَةٍ.

(۱۲)واقعی یہ کتّا تمام کتّوں سے لڑتا اور غالب رہتا ہے۔

(١٢).إِنَّ هٰذَا الْكَلْبَ لَيُجَادِلُ بِجَمِيْعِ الْكِلَابِ وَ يَغْلِبُ .

(۱۳)یقیناً یہ پرندے صبح کو خالی پیٹ جاتے ہیں اور شام کو شکم سیر ہو کر واپس آتے ہیں۔

(١٣). إِنَّ هٰذِهِ الطُّيُوْرَ لَتَذْهَبُ الْخَمِيْصَ وَتَرْجِعُ الْمَسَاءَ الْبَطِيْنَ.
(۱۴) یقیناً یہ پَن ڈُبّی بڑی برق رفتاری کے ساتھ سمندر کی گہرائیوں میں سفر کرتی ہے۔
(١٤). إِنَّ هٰذِهِ الْغَوَّاصَةَ تُسَافِرُ فِيْ أَعْمَاقِ الْبَحْرِ سَرِيْعًا.

اَلتَّمْرِيْنُ (۷۹)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) بلاشبہ اولیائے کرام اللہ کے دیے ہوئے اختیار سے عالم میں تصرف کرتے ہیں۔
(١). إِنَّ أَوْلِيَاءَ الْكِرَامِ يَتَصَرَّفُوْنَ فِي الْعَالَمِ بِأَمْرِ اللهِ.
(۲) واقعی سرکش شیاطین ماہِ رمضان میں قید کردیے جاتے ہیں۔
(٢). إِنَّ الشَّيَاطِيْنَ الْمَارِدِيْنَ يُحْبَسُوْنَ فِيْ شَهْرِ رَمْضَانَ.
(۳) بلاشبہ سمجھ دار لوگ بے کار کاموں میں اپنے اوقات ضائع نہیں کرتے۔
(٣). إِنَّ الْعُقَلَاءَ لَا يَضِيْعُوْنَ أَوْقَاتَهُمْ فِي الْعَبَثِ.
(۴) یقیناً جامعہ اشرفیہ کے تمام شعبے بڑی تیزی کے ساتھ ترقی کررہے ہیں۔
(٤). إِنَّ شُعَبَ الْجَامِعَةِ الْأَشْرَفِيَّةِ كُلَّهَا لَتَتَقَدَّمُ بِسُرْعَةٍ عَظِيْمَةٍ.
(۵) بلاشبہ نیک مسلمان نمازوں کی پابندی کرتے ہیں۔
(٥). إِنَ الْمُسْلِمِيْنَ الصَّالِحِيْنَ لَيُحَافِظُوْنَ عَلَى الصَّلٰوَاتِ.
(۶) سچ مچ یہ اساتذہ اپنے شاگردوں کو شائستہ بناتے ہیں۔
(٦). إِنَّ هٰؤُلَاءِ الْأَسَاتِذَةَ لَيُثَقِّفُوْنَ تَلَامِيْذَهُمْ.
(۷) یقیناً نیک اولادیں اپنے ماں باپ کی فرماں برداری کرتی ہیں۔
(٧). إِنَّ الْأَوْلَادَ الصَّالِحِيْنَ لَيُطِيْعُوْنَ الْأَبَوَيْنِ.
(۸) محنتی طلبہ واقعی تعریف کے مستحق ہوتے ہیں۔
(٨). إِنَّ الطُّلَّابَ الْمُجْتَهِدِيْنَ لَيَسْتَحِقُّوْنَ الْمَدْحَ.
(۹) بلاشبہ میں لمبی تقریر بآسانی یاد کرلیتا ہوں۔

(٩) .إِنِّيْ لَأَحْفَظُ الخِطَابَ الطَّوِيْلَ بِسُهُوْلَةٍ.

(١٠)واقعی شریف میزبان اپنے مہمانوں کی خاطر تواضع کرتا ہے۔

(١٠) .إِنَّ الْمُضِيْفَ الْكَرِيْمَ لَيُضِيْفُ ضُيُوْفَهٗ.

(١١)یقیناً سچے مسلمان رسول کریم ﷺ سے سچی محبت رکھتے ہیں۔

(١١) .إِنَّ المُسْلِمِيْنَ الصَّادِقِيْنَ لَيُحِبُّوْنَ النَّبِيَّ ﷺ حُبًّا صَادِقًا.

(١٢)بلاشبہ بلبل لمبے درختوں کی شاخوں پر نغمہ سنجی کرتی ہے۔

(١٢) .إِنَّ الْعِنْدَلِيْبَ لَيُغَرِّدُ عَلٰى أَغْصَانِ الأَشْجَارِ الطَّوِيْلَةِ.

اَلتَّمْرِيْنُ(٨٠)

(أَنْ،لَنْ،كَيْ،إِذَنْ کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)اَلْحُسَّادُ لَنْ يَسُوْدُوا .

(١)حاسد ہرگز سردار نہیں بنیں گے۔

(٢)لَنْ اَتَّبِعَ سَبِيْلَ الْجَاهِلِيْنَ .

(٢)۔میں ہرگز جاہلوں کی راہ اختیار نہیں کروں گا۔

(٣)لَنْ يَرْضَى اللهُ عَنِ الْكَافِرِيْنَ .

(٣)۔اللہ تعالی کافروں سے ہرگز راضی نہیں ہوگا۔

(٤)اَلْغِيْبَةُ أَنْ تَذْكُرَ أَخَاكَ مِنْ وَرَائِهٖ بِمَا يَكْرَهُ .

(٤)۔غیبت یہ ہے کہ تم اپنے بھائی کی اس کے پیٹھ پیچھے ایسی باتیں کرو جو اسے بری لگیں۔

(٥) يَتَمَنّٰى كُلُّ أَبٍ أَنْ يَسْتَقِيْمَ أَبْنَاءُوهٗ .

(٥)۔ہرباپ اپنے لڑکوں کی ثابت قدمی کی امید کرتا ہے۔

(٦)أَحْفَظُ الشِّعْرَ كَيْ تَنْمُوَ لُغَتِي.

(۶)۔میں شعریاد کرتا ہوں تاکہ میری زبان فروغ پائے۔

(٧)حَافِظْ عَلٰی مَوَاعِيْدِكَ كَيْ لَا تُلَامَ .

(۷)۔اپنے وعدوں کی پابندی کرتا کہ تجھے ملامت نہ کی جائے۔

(٨)يُمْكِنُ أَنْ تُحْرِمَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ مَعًا .

(۸)۔تو حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھ سکتا ہے۔

(٩)تَعَلَّمُوا كَيْ تُفِيْدُوا وَطَنَكُمْ وَتَخْدِمُوا دِيْنَكُمْ .

(۹)۔تم علم حاصل کرو تاکہ اپنے ملک کو فائدہ پہنچاؤ اور اپنے دین کی خدمت کرو۔

(١٠)كَرِيْم: سَأَعْتَادُ التَّبْكِيْرَ إِلَى النَّوْمِ. محمود: إِذَنْ يَصِحَّ بَدَنُكَ.

(۱۰)۔کریم (نے کہا): عنقریب میں صبح اٹھنے کی عادت بنالوں گا۔ محمود (نے کہا): تب تو تیرا بدن ٹھیک رہے گا۔

(١١)رَحيم: يَقْرَأُ سَعِيْدٌ فِي الضَّوْءِ الضَّعِيْفِ. أَحمد: إِذَن: يَضْعُفَ بَصَرُهٗ.

(۱۱)۔رحیم (نے کہا): سعید دھیمی روشنی میں پڑھتا ہے۔ احمد (نے کہا): تب تو اس کی نظر کمزور ہوجائے گی۔

(١٢)وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوا أَنْ تَعْدِلُوا بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ .

(۱۲)۔اور تم سے ہرگز نہ ہوسکے گا کہ عورتوں کو برابر رکھو چاہے کتنی ہی حرص کرو۔

(١٣). سعيد: أَعْدَدتُّ بَحْثِي بِعِنَايَةٍ. محمد: إِذَنْ يَفُوزَ بَحْثُكَ.

(۱۳)۔سعید (نے کہا): میں نے توجہ سے اپنی تحقیق کی تیاری کی ہے۔ محمد (نے کہا): تب تو تیری تحقیق کامیاب ہوگی۔

(١٤)يَجِبُ أَنْ تُفَكِّرَ فِي الْعَمَلِ قَبْلَ الشُّرُوْعِ فِيْهِ .

(۱۴)۔کام شروع کرنے سے پہلے تمہیں کام میں غور وفکر کرنا ضروری ہے۔

(١٥)لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ أَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ. [النساء:١٧٢]

(۱۵)۔ہرگز مسیح اللہ کا بندہ بننے سے نفرت نہیں کرتا اور نہ مقرب فرشتے۔

(١٦)مِنْ أَمَارَاتِ الْمُرُوءَةِ أَنْ يُكْرَمَ الضَّيْفُ،وَ يُغَاثَ الْمَلْهُوْفُ، وَ يُصَانَ الْعِرْضُ .

(۱۶)۔کامل انسانیت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ مہمان کی تعظیم کی جائے ،مظلوم کی مدد کی جائے اور عزت کی حفاظت کی جائے۔

(١٧)وَمِنْ عَلاَمَاتِ الْفُتُوَّةِ أَنْ تُحْفَظَ الْكَرَامَةُ ،وَ يُدْفَعَ الظُّلْمُ ،وَ يُؤْبَى الضَّيْمُ .

(۱۷)۔سخاوت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ عزت کی حفاظت کی جائے ،ظلم کو ختم کیا جائے اور ظلم کو قبول نہ کیا جائے۔

(١٨)إِنَّ مِنْ حَقِّ الْوَلَدِ عَلٰى وَالِدِهٖ أَنْ يُعَلِّمَهُ الْكِتَابَةَ وَأَنْ يُّحْسِنَ اِسْمَهٗ وَأَنْ يُزَوِّجَهٗ إِذَا بَلَغَ .[رواہ ابن النجار]

(۱۸)۔بے شک لڑکے کا حق اس کے والد پر یہ ہے کہ اسے لکھنا سکھائے ،اس کا اچھا نام رکھے جب وہ بالغ ہوجائے تو اس کی شادی کرے۔

(١٩)إِنَّ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يَخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهٖ إِلٰى بَابِ الدَّارِ.

(۱۹)۔بے شک سنت طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک جائے۔

(٢٠)لَأَنْ يَّجْلِسَ أَحَدُكُمْ عَلٰى جَمْرَةٍ وَّ تُحْرِقَ ثِيَابَهٗ حَتّٰى تُفْضِيْ إِلٰى جِلْدِهٖ ،خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ أَنْ يَّجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ .[رواہ أحمد]

(۲۰)۔تم میں سے کوئی انگارے پر بیٹھے اور (انگارہ)اس کے کپڑوں کو جلاکر اس کی کھال تک پہنچ جائے تو(یہ چیز)اس کے لیے قبر پر بیٹھنے سے بہتر ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۸۱)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)بد خواہ ہرگز کامیاب نہ ہوگا۔

(۱) .اَلْحَاسِدُ لَنْ يَفُوْزَ.

(۲)تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ خوش اخلاق بنیں۔

(۲) .هَدْفُ التَّعْلِيْمِ أَنْ يَتَخَلَّقَ الطُّلَّابُ بِخُلُقٍ كَرِيْمَةٍ.

(۳)مردانِ حق باطل کے آگے ہرگز نہیں جھکیں گے۔

(۳) .لَنْ يَّنْقَادَ رِجَالُ الْحَقِّ لِلْبَاطِلِ.

(۴)رنج وغم فوت شدہ شی کو ہرگز واپس نہ لائے گا۔

(٤) .لَنْ يَرُدَّ الْهَمُّ وَالْحُزْنُ الْفَائِتَ.

(۵)امید کی جاتی ہے کہ اس سال فصل زیادہ اچھی ہوگی۔

(٥) .عَسٰى أَنْ تَحْسُنَ الْمَحْصُوْلُ الزِّرَاعِيُّ بِهٰذَا الْعَامِّ.

(۶)یہ ملازمین جلدی کررہے ہیں تاکہ وقت پر اپنے کارخانے پہنچیں۔

(٦) .يُعَجِّلُ هٰؤُلَاءِ الْمُوَظِّفُوْنَ كَيْ يَصِلُوْا إِلٰى مَصْنَعِهِمْ عَلَى الْوَقْتِ.

(۷)امید ہے کہ تھوڑی دیر بعد زوردار بارش ہوگی۔

(٧) .يُرْجٰى أَنْ يَنْزِلَ الْمَطَرُ الْغَزِيْرُ بَعْدَ قَلِيْلٍ.

(۸)ہم اس لیے تعلیم حاصل کررہے ہیں تاکہ دین کی خدمت کریں۔

(٨) .نَحْصُلُ عَلَى الْعِلْمَ كَيْ نَخْدِمَ الدِّيْنَ.

(۹)صدر المدرسین صاحب چاہتے ہیں کہ سالانہ امتحان میں کامیاب ہونے والے طلبہ کے درمیان انعامات تقسیم کیے جائیں۔

(٩) .يُرِيْدُ رَئِيسُ الأَسَاتِذَةِ أَنْ يُوَزَّعَ الْجَوَائِزُ بَيْنَ الطُّلَّابِ النَّاجِحِيْنَ فِي الإِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ.

(۱۰)مجھے اس بات سے خوشی ہوتی ہے کہ طلبہ بغیر نگرانی کے اپنے اسباق یاد کریں۔

(١٠). يَسُرُّنِيْ أَنْ يَحْفَظَ الطُّلَّابُ دُرُوْسَهُمْ بِدُوْنِ أَنْ يُرَاقِبُوا.
(١١) یہ ڈرائیور برق رفتاری سے گاڑی چلا رہا ہے تاکہ مقررہ وقت پر منزل مقصود پر پہنچ جائے
(١١). يَسُوْقُ هٰذَاالسَّائِقُ العَرَبَةَ مُسْرِعًا كَيْ يَصِلَ إِلَى الْغَايَةِ الْمَقْصُوْدَةِ عَلَى الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ.
(١٢) تم پر واجب ہے کہ اپنے کام میں ہمیشگی برتو تاکہ تم اپنے مقصد تک آسانی کے ساتھ پہنچو۔
(١٢). عَلَيْكَ أَنْ تُوَاظِبَ عَلَى عَمَلِكَ كَيْ تَصِلَ إِلَى غَايَتِكَ بِسُهُوْلَةٍ.
(١٣) تم لوگ صبح سویرے اٹھنے کے عادی بنو تاکہ اپنے کاموں میں چست رہو۔
(١٣). تَعَوَّدُوْا اَلِاسْتِيْقَاظَ بُكْرَةً فِي الصَّبَاحِ كَيْ تُنَشَّطُوْا فِيْ أَشْغَالِكُمْ.
(١٤) اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کفار و مشرکین سے ہرگز راضی نہ ہوگا۔
(١٤). لَنْ يَرْضَ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَنِ الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

اَلتَّمْرِيْنُ (٨٢)

(مضارع کے ساتھ "أَنْ" مقدرہ کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) أَسْرَعْتُ لِأُدْرِكَ الْقِطَارَ.
(١)۔ میں نے جلدی کی تاکہ ٹرین پکڑ لوں۔
(٢) لَمْ أَكُنْ لِأُخْلِفَ الْوَعْدَ.
(٢)۔ میں ایسا نہیں کہ وعدہ خلافی کروں۔
(٣) لَمْ يَكُنِ الْكَرِيْمُ لِيُقَصِّرَ مَعَ ضَيْفِهِ.
(٣)۔ سخی آدمی ایسا نہیں ہوتا کہ اپنے مہمان کی خاطر داری میں کوتاہی کرے۔
(٤) مَا قَصَّرْتُ فِي الْوَاجِبِ فَأُعَاقَبَ.

(۴)۔میں نے ڈیوٹی میں کوتاہی نہیں کی کہ مجھے سزادی جائے۔

(٥)أَتُحْسِنُ إِلیٰ جارِكَ وَ يُسِيءَ إِلَيْكَ .

(۵)۔کیا تم اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھائی کرتے ہواور وہ تمھارے ساتھ برائی کرتا ہے۔

(٦)لَا تَغْتَصِبُوا حَقَّ أَحَدٍ فَتُلَامُوا .

(٦)۔کسی کے حق کو غصب مت کروکہ تمہیں ملامت کی جائے۔

(٧)اِغْتَنِمُوا الْفُرْصَةَ فَتَنْجَحُوا .

(٧)۔فرصت کو غنیمت سمجھوکہ تم کامیاب ہوجاؤ گے۔

(٨)زَكِّ عَنْ أَمْوَالِكَ حَتیّٰ يُبَارِكَ لَكَ فِيْهَا .

(٨)۔اپنے مال کی زکاۃ دو تاکہ اللہ تعالیٰ تمھارے لیے اس میں برکت دے۔

(٩)لَمْ يَكُنِ الْمُجْتَمَعُ لِيُقَدَّمَ بِغَيْرِ تَخْطِيْطٍ .

(٩)۔معاشرہ کو پلاننگ کے بغیر ترقی نہیں دی جاسکتی۔

(١٠)تَحَلَّوا بِحُسْنِ الْخُلُقِ لِتَنَالُوا إِعْجابَ النَّاسِ وَرِضَى الرَّبِّ .

(١٠)۔اچھے اخلاق سے خود کو مزین کروتاکہ تمہیں لوگوں اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہو۔

(١١)لَعَلِّيْ أُحَقِّقُ آمَالِيْ فَيَسْتَرِيْحَ فُؤَادِيْ .

(١١)۔امید ہے کہ میری آرزوئیں پوری ہوجائیں تو میرا دل آرام پاجائے گا۔

(١٢)وَمَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ .[الأنفال:٣٣]

(١٢)۔اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ انھیں عذاب دے جبکہ آپ ان میں ہیں۔

(١٣)مَا كَانَ اللهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلیٰ مَا اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتیّٰ يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ.[آل عمران:١٧٩]

(١٣)۔اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ مومنوں کو اسی طرح چھوڑ دے جس پر تم ہو مگر پاک کو ناپاک سے ممتاز کردے۔

(١٤)وَمَا كَانَ اللهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَ اللهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُسُلِهٖ مَنْ يَّشَاءُ .[آل عمران:١٧٩]

(۱۴)۔اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ غیب پر تم کو آگاہ کرے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہے چن لیتا ہے۔

(۱۵)مَا يُرِيْدُ اللهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرجٍ وَلٰكِن يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ .[المائدة:٦]

(۱۵)۔اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی رکھے ہاں یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب ستھرا کردے اور اپنی نعمت تم پر پوری کردے۔

(۱٦). لَا يُؤمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبُّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ .[رواہ البخاری]

(۱٦)۔تم میں سے کوئی (کامل) مومن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

(۱۷)مِنَ الْجَفَاءِ أَنْ يَّدْخُلَ الرَّجُلُ مَنْزِلَ أَخِيْهِ فَيُقَدِّمَ إِلَيْهِ شَيْئًا فَلَا يَأْكُلَهٗ .

(۱۷)۔یہ بدخلقی ہے کہ آدمی اپنے بھائی کے گھر جائے وہ اسے کوئی چیز پیش کرے اور وہ اسے نہ کھائے۔

(۱۸)لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِأَخِيْكَ فَيَرْحَمَهُ اللهُ وَ يَبْتَلِيَكَ .[رواہ الترمذي]

(۱۸)۔اپنے بھائی کی مصیبت پر خوشی ظاہر مت کر کہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے گا اور تجھے آزمائے گا۔

(۱۹)لَا يُؤمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ .[رواہ الشیخان عن أنس]

(۱۹)۔تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے باپ، لڑکے اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں۔

(۲۰)لَا تُمَارِ أَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهٗ .[رواہ الترمذی]

(۲۰)۔اپنے بھائی سے جھگڑا مت کر، اس سے مذاق مت کر اور اس سے کوئی ایسا وعدہ مت کر کہ پھر تو وعدہ خلافی کرے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۸۳)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)تو فلاح نہیں پائے گا یہاں تک کہ اپنے رب کی خوشنودی حاصل کرے۔

(١). لَا تُفْلِحُ حَتّٰی تَنَالَ رِضْوَانَ رَبِّكَ.

(۲)میں سونے سے پہلے دانتوں کو صاف کرتا ہوں تاکہ ان میں کچھ باقی نہ رہے۔

(٢). أَنَظِّفُ الأَسْنَانَ قَبْلَ أَنْ أَنُوْمَ كَيْ لَا يَبْقَ شَيءٌ فِيْهَا.

(۳)یہ مزدور کام میں جلدی نہ کریں یہاں تک کہ کام ختم کرلیں۔

(٣). لَا يُعَجِّلُ هٰؤُلَاءِ العُمَّالُ فِي اَشْغَالِهِمْ حَتّٰی يُكْمِلُوهَا.

(۴)شاہد بازار جاتا ہے تاکہ آلو، بھنڈی، بیگن اور گرم مسالہ خریدے۔

(٤). شَاهِدٌ يَذْهَبُ إِلَى السُّوْقِ كَيْ يَشْتَرِيَ الْبَطَاطِسَ ،النَّامِيَةَ ،البَاذِنْجَانَ وَالتَّوَابِلَ.

(۵)کسی مومن کی یہ شان نہیں کہ وہ بلا عذر رمضان المبارک کے روزے چھوڑے۔

(٥). وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُ أَنْ يَتْرُكَ صِيَامَ رَمْضَانَ بِدُوْنِ عُذْرٍ.

(۶)دنیا میں امن وسکون قائم نہ ہوگا جب تک کہ وہ اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا نہ ہو۔

(٦). لَا يَقُوْمُ السَّلَامُ فِي الدُّنْيَا حَتّٰى تَعْمَلَ بِالتَّعْلِيْمَاتِ الْإِسْلَامِيَّةِ.

(۷)تمھارے لیے یہ زیبا نہیں کہ تم بلا ضرورت اپنے ملازمین پر سختی کرو۔

(٧). لَا يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تُشَدِّدَ عَلٰى عُمَّالِكَ بِغَيْرِ حَاجَةٍ.

(۸)کسی آدمی کی ہرگز تعریف نہ کرو جب تک اسے آزمانہ لو۔

(٨). لَا تَحْمَدَنَّ اِمْرَأً حَتّٰى تَخْتَبِرَهٗ.

(۹)مجھ سے بدسلوکی نہ کرو کہ میں تمھارے ساتھ بدسلوکی کروں۔

(٩). لَا تُعَامِلْ مِنِّيْ مَعَامَلَةً سَيِّئَةً فَأُعَامِلَ مِنْكَ مِثْلَهَا.

(۱۰)کیا تو کل ہمارے پاس نہیں آئے گا کہ میں تیری خاطر تواضع کروں۔

(١٠). أَلَا تَجِيْئَنَا غَدًا فَأُضِيْفَكَ.

(۱۱)اللہ تعالی نے جن وانس کو اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ اس کی عبادت کریں۔

(١١). مَا خَلَقَ اللهُ الْجِنَّ وَالإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْهُ.

(۱۲)ہمارے ملک کی فوج دشمنوں پر حملہ کرتی رہے گی مگر یہ کہ وہ پسپا ہو جائیں۔

(١٢). يَهْجُمُ جَيْشُ وَطَنِنَا عَلَى الأَعْدَاءِ حَتّٰى يُدَبِّرُوا اَدْبَارَهُمْ.

(۱۳)مومن عورتوں کی یہ شان نہیں کہ وہ اپنی بہنوں کی توہین کریں۔

(١٣). لَمْ تَكُنِ الْمُؤْمِنَاتُ لِتُحَقِّرَنَّ اَخَوَاتِهِنَّ.

(۱۴)بلّی کو بلاوجہ نہ ستاؤ کہ عذاب الٰہی میں گرفتار ہو۔

(١٤). لَا تُقْلِقُوا الْقِطَّةَ بِغَيْرِ سَبَبٍ فَتُعَاقَبُوْا فِيْ عَذَابِ اللهِ.

(۱۵)شاید تو کل کتابوں کی عالمی نمائش دیکھنے جائے گا کہ وہاں سے بیش قیمت کتابیں خریدے

(١٥). لَعَلَّكَ تَذْهَبُ لِمُشَاهَدَةِ الْمَعْرِضِ الْعَالِمِيِّ لِلْكُتُبِ غَدًا فَتَشْتَرِيَ الْكُتُبَ الثَّمِيْنَةَ مِنْ هُنَاكَ.

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۴)

(لَمْ، لَمَّا اور لامِ امر کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) لَمْ أَنْسَ فَضْلَ اللهِ عَلَيَّ.

(۱)۔ میں اپنے اوپر اللہ کے فضل کو نہ بھولا۔

(٢) لِيُوَقِّرْ صَغِيْرُكُمْ كَبِيْرَكُمْ.

(۲)۔ تم میں سے چھوٹے کو بڑے کی تعظیم کرنی چاہیے۔

(٣) قَرُبَ الإِمْتِحَانُ وَلَمَّا أُذَاكِرْ.

(۳)۔ امتحان قریب ہو گیا اور میں نے اب تک یاد نہیں کیا۔

(٤) بَدَأَ الدَّرْسُ وَلَمَّا يَأْتِ الطُّلَّابُ.

(۴)۔ سبق شروع ہو گیا اور طلبہ اب تک نہ آئے۔

(٥) لَمَّا يَرْجِعْ وَالِدِيْ مِنَ الْعُمْرَةِ.

(۵)۔ میرے والد عمرہ سے اب تک نہیں لوٹے۔

(٦) كَبِرَ الْغُلَامُ وَلَمَّا يَتَهَذَّبْ

(٦)۔ غلام بوڑھا ہو گیا اور ابھی تک مہذب نہیں ہوا۔

(٧) طَابَ الزَّرْعُ وَلَمَّا يُحْصَدْ.

(۷)۔ کھیتی پک گئی اور اب تک نہیں کاٹی گئی۔

(٨) لِيُتْقِنْ كُلُّ إِنْسَانٍ عَمَلَهُ .

(۸)۔ ہر انسان کو اپنا عمل مضبوط کرنا چاہیے۔

(٩) لَمْ يَمُدَّ الْفَقِيْرُ يَدَيْهِ سَائِلًا النَّاسَ .

(۹)۔ فقیر نے اپنے ہاتھوں کو لوگوں سے سوال کرتے ہوئے دراز نہیں کیا۔

(١٠) نَشِطَ الطُّلَّابُ لِمُرَاجَعَةِ الدُّرُوْسِ وَلَمَّا تَنْشَطْ .

(۱۰)۔ طلبہ اسباق کا اعادہ کرنے میں چاق و چوبند ہوئے اور تو اب تک چاق و چوبند نہیں ہوا۔

(١١) أَوْشَكَ الْعَامُ عَلَى الاِنْصِرَامِ وَلَمَّا تُرَاجِعُوا دُرُوْسَكُمْ .

(۱۱)۔ سال گزرنے کے قریب ہوا اور تم نے اپنے اسباق کا اعادہ نہیں کیا۔

(١٢) اَلَمْ يَأنِ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللهِ .[الحديد:١٦]

(۱۲)۔ کیا ایمان والوں کو وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل اللہ کی یاد کے لیے جھک جائیں۔

(١٣) فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاخُذُوا اَسْلِحَتَهُمْ .[النساء:١٠٢].

(۱۳)۔ اور چاہیے کہ ایک جماعت ان میں سے تمھارے ساتھ ہو اور وہ اپنے ہتھیار لیے رہیں۔

(١٤) فَلْيَسْتَجِيْبُوا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ .[البقرة:١٨٦]

(۱۴)۔ تو انھیں چاہیے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں کہ کہیں راہ پائیں۔

(١٥)فَلْيَضْحَكُوا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيْرًا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُوْنَ .[التوبة:٨٢]

(۱۵)۔تو انھیں چاہیے کہ تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں بدلہ اس کا جو کماتے تھے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(٨٥)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)نوجوانوں کو چاہیے کہ تیراکی سیکھیں۔

(١).لِيَتَعَلَّمِ الشُبَّانُ السِّبَاحَةَ.

(۲)باورچیوں نے اب تک کھانا نہیں پکایا۔

(٢).لَمَّا يَطْبَخِ الطُّهَاةُ الطَّعَامَ.

(۳)وہ لوگ دشمن سے ہوشیار رہیں۔

(٣).لِيُنَبِّهُوْا لِلأَعْدَاءِ.

(۴)عورتیں کھانا پکائیں اور بچوں کو کھلائیں۔

(٤).لِتَطْبَخِ النِّسَاءُ الطَّعَامَ وَلْيُطْعِمْنَ أَوْلَادَهُنَّ .

(۵)احمد نے قلم خریدا اور اس کی نب چیک نہیں کی۔

(٥).اِشْتَرىٰ اَحْمَدُ الْقَلَمَ وَلَمْ يُفَتِّشْ رِيْشَهٗ.

(۶)مسلم طلبہ مغربی تہذیب سے متاثر نہیں ہوئے۔

(٦).لَمْ يَتَأَثَّرِ الطُّلَّابُ الْمُسْلِمُوْنَ بِالثَّقَافَةِ الْغَرَبِيَّةِ.

(۷)گھر کی خادمہ جھاڑو دے اور برتن صاف کرے۔

(٧).لِتَكْنِسْ خَادِمَةُ الْبَيْتِ وَلْتَنْظِفِ الآنِيَةَ.

(۸)مسلم لڑکیاں پردے کے ساتھ باہر نکلیں۔

(٨).لِتَخْرِجِ الْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ مُقَنَّعَةً .

(۹)مسلمان اپنے بچّوں کوادب اور دین سکھائیں۔

(٩) .لِيُعَلِّمِ الْمُسْلِمُوْنَ اَطْفَالَهُمْ الْأَدَبَ وَالدِّيْنَ .

(۱۰)الیکشن مکمل ہوگیااوراب تک ووٹوں کی گنتی نہیں ہوئی۔

(١٠) .تَمَّ الإِنْتِخَابُ وَلَمَّا يَعُدَّ الأَصْوَاتُ .

(۱۱)ملازمین نے تنخواہ لے لی اور اپنافرض منصبی نہیں نبھایا۔

(١١) .أَخَذَ الْمُوَظَّفُوْنَ رَوَاتِبَهُم وَلَمْ يُؤَدُّوْا وَظَائِفَهُمْ .

(۱۲)بڑھئی نے اجرت لے لی اوراب تک میزیں اور کرسیاں نہیں بنائیں۔

(١٢) .أَخَذَ النَّجَّارُ الأُجْرَةَ وَلَمَّا يَصْنَعِ الطَّاوِلَاتِ وَالْكَرَاسِيْ .

(۱۳)مسلم مجاہدین نے کبھی بچوں،بوڑھوں اور عورتوں پر حملہ نہیں کیا۔

(١٣) .لَمْ يَهْجُمِ الْمُجَاهِدُوْنَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى الأَطْفَالِ،وَالشُّيُوْخِ وَالنِّسَاءِ قَطُّ .

(۱۴)محمود نے کھیل میں اپناوقت ضائع کیااور تعلیم کی طرف توجہ نہیں دی۔

(١٤) .ضَيَّعَ مَحْمُوْدٌ وَقْتَهُ فِي اللَّعِبِ وَلَمْ يَلْتَفِتْ إِلَى التَّعْلِيْمِ .

التَّمْرِيْنُ(٨٦)

(فعل مضارع کی تاکید)

عربی جملوں کااردو ترجمہ۔

(١)لَتَشْرِيَنَّ الْمَجْدَ بِالإِقْدَامِ .

(۱)۔پیش قدمی سے ضرور تم مجد و شرافت حاصل کرلوگے۔

(٢)لَيُدَافِعَنَّ الْجُنْدِيُّ عَنْ وَطَنِهِ .

(۲)۔فوجی ضرور اپنے وطن کادفاع کرے گا۔

(٣) وَاللهِ لَأُغْمِدَنَّ سَيْفِيْ حَتّٰى يَسُلَّهُ الْحَقُّ .

(۳)۔بخدا میں اپنی تلوار میان میں رکھا رہوں گا یہاں تک کہ حق اسے باہر نکالے۔

(٤) وَلَأُعْطِيَنَّ حَتّٰى لَا اَرٰى لِلْعَطِيَّةِ مَوْضِعًا .

(۴)۔میں ضرور عطا کرتا رہوں گا یہاں تک عطیہ کے لیے کوئی جگہ نہ دیکھ لوں۔

(٥) لَاَسْتَمِعَنَّ نَصَائِحَ الْأَسَاتِذَةِ وَلَأَعْمَلَنَّ بِهَا .

(۵)۔بلاشبہ میں اساتذہ کی نصیحتوں کو سنتا رہوں گا اور ان پر عمل کرتا رہوں گا۔

(٦) لَتَرْفَعُنَّ شَأنَ الْوَطَنِ بِمَاٰثِرِكُمُ الْغَالِيَةِ .

(٦)۔بلاشبہ تم قیمتی کارناموں سے وطن کی شان بلند کرتے رہوگے۔

(٦) لَتَرْفَعُنَّ شَأنَ الْوَطَنِ بِمَاٰثِرِكُمُ الْغَالِيَةِ .

(٧) لَيَشْفِيَنَّكَ اللّٰهُ يَا أَخِيْ وَلَتَرْجِعَنَّ إِلَى الدِّرَاسَةِ بَعْدَ أَيَّامٍ.

(۷)۔اے میرے بھائی! اللہ تعالیٰ تجھے ضرور شفا عطا فرمائے گا اور کچھ دن بعد تم ضرور مطالعہ کروگے۔

(٨) لَتَلْعَبْنَانِّ مَعَ صَدِيْقَاتِكُمَا فِيْ رِحَابِ الْبَيْتِ .

(۸)۔تم سب عورتیں اپنی سہیلیوں کے ساتھ گھر کے صحن میں ضرور کھیلوگی۔

(٩) لَتُرْفَعُنَّ هٰذِهِ الْقَضَايَا إِلَى الْمَحْكَمَةِ الْعَالِيَةِ .

(۹)۔ان مسائل کو ہائی کورٹ ضرور لے جایا جائے گا۔

(١٠) لَئِنْ ذَهَبْتَ إِلَى الْأَسْكَنْدَرِيَّةِ لَتَرَيَنَّ جَمَالًا وَرُوَاءًا وَلَتُبْدِيَنَّ عَجَبًا وَّلَتَصْبُوَنَّ إِلٰى مُشَاهَدَتِهَا كَثِيْرًا .

(۱۰)اگر تو اسکندریہ جائے گا تو حسن وجمال خوشنمائی ضرور دیکھے گا اور بلاشبہ تعجب کا اظہار کرے گا اور یقیناً تو بہت سی چیزوں کو دیکھنے کا مشتاق ہوگا۔

(١١) لَتُثْمِرَنَّ أَشْجَارُ حَدِيْقَتِهِمَا فِي السَّنَةِ الْاٰتِيَةِ .

(۱۱)۔آئندہ سال ہمارے باغ کے درخت ضرور پھل لائیں گے۔

(١٢) وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً. (الأنفال: ٢٥).

(۱۲)۔اور اس فتنے سے ڈرتے رہو جو تم میں سے خاص ظالموں کو ہی نہ پہنچے گا۔

(١٣) وَ اتَّقُوْ ا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْ امِنْكُمْ خَآ صَّةً. (الأنفال: ٢٥).

(۱۳)۔بے شک اگر تم باز نہ آئے تو ضرور ہم تمہیں سنگسار کریں گے اور بے شک ہمارے ہاتھوں تم پر دکھ کی مار پڑے گی۔

(١٤) قَالَ (اِبْلِيْس) قَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا. وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ. (النساء: ١١٨. ١١٩.).

(۱۴)۔اور (شیطان) بولا: قسم ہے میں ضرور تیرے بندوں میں سے کچھ کا ٹھہرا حصہ لوں گا ۔اور قسم ہے میں ضرور انہیں بہکا دوں گا اور ضرور انہیں آرزوئیں دلاؤں گا اور ضرور انہیں کہوں گا کہ وہ چوپایوں کے کان چیریں گے اور ضرور انہیں کہوں گا کہ وہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزیں بدل دیں گے۔

(١٥) لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۔(النمل: ۲۱)۔

(۱۵)۔ضرور میں اسے سخت عذاب دوں گا یا ذبح کروں گا، یا کوئی روشن سند میرے پاس لائے۔

(١٦) لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۔(الأعراف: ۱۲۴)۔

(۱۶)۔قسم ہے کہ میں تمھارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا پھر تم سب کو سولی دوں گا۔

(١٧) وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَا اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَ لَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ۔(یوسف: ۳۲)۔

(۱۷)۔اور بے شک اگر وہ یہ کام نہ کریں گے جو میں ان سے کہتی ہوں تو ضرور قید میں جائیں گے اور وہ ضرور ذلت اٹھائیں گے

(١٨) لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يُبَالِي الْمَرْءُ بِمَا أَخَذَ مِنَ الْمَالِ. أَمِنْ حَلَالٍ أَمْ مِنْ حَرَامٍ. (رواه البخاری).

(۱۸)۔ضرور لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ انسان پرواہ نہیں کرے گا کہ مال کہاں سے حاصل کیا، حلال طریقے سے یا حرام طریقے سے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۸۷)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) یہ دونوں مسافر اپنے سفر سے یقیناً واپس ہوں گے۔

(١).لَيَرْجِعَنَّ هٰذَانِ الْمُسَافِرَانِ عَنْ سَفَرِهِمَا.

(۲) کارخانے کے ملازمین اپنے فرائض ضرور ادا کریں گے۔

(٢).لَيَقُوْمَنَّ عُمَّالُ الْمَصْنَعِ بِوَاجِبَاتِهِمْ.

(۳) یہ طلبہ یقیناً اپنے وطن کی خدمت کریں گے۔

(٣).لَيَخْدِمَنَّ هٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ وَطْنَهُمْ.

(۴) اللہ تعالیٰ یقیناً اسلام کو ادیان باطلہ پر غلبہ دے گا۔

(٤).لَيَغْلِبَنَّ اللهُ الإِسْلَامَ عَلَى الأَدْيَانِ الْبَاطِلَةِ.

(۵) مسلم طلبہ مغربی تہذیب کی تقلید سے ضرور بالضرور نفرت کریں گے۔

(٥).لَيَنْفُرَنَّ الطُّلَّابُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ اِتِّبَاعِ الثَّقَافَةِ الغَرْبِيَّةِ.

(۶) امانت دار مسلم تاجر ضرور جنّت میں جائیں گے۔

(٦).لَيَدْخُلَنَّ التُّجَّارُ الْمُسْلِمُوْنَ الأُمَنَاءُ اَلْجَنَّةَ.

(۷) اے میرے دوست! میں تیری صحت کے لیے اللہ تعالیٰ سے واقعی دعا کروں گا۔

(٧).يَا صَدِيْقِيْ! لَأَدْعُوَنَّ اللهَ لِصِحَّتِكَ

(۸) وہ مسافر پسنجر ٹرین سے کل ضرور بنارس جائے گے۔

(٨).لَيَذْهَبَنَّ ذٰلِكَ الْمُسَافِرُ إِلىٰ بَنَارَس بِقِطَارِ الرُّكَّابِ.

(۹) یہ دونوں میوہ فروش اس سال سیب کے باغات ضرور خریدیں گے۔

(٩) .لَيَشْتَرِيَنَّ هٰذَانِ الْفَاكِهَانِيَّانِ حَدَائِقَ التُّفَّاحِ هٰذَاالْعَامَّ.

.(۱۰) یہ پرندے شام کو یقیناً اپنے گھونسلوں میں واپس آئیں گے۔

(١٠) .لَيَرْجِعَنَّ هٰذِهِ الطُّيُوْرُ مَسَاءً إِلىٰ اَعْشَاشِهَا.

(۱۱) یہ ڈاکیہ کل سائیکل سے ضرور دیہات جائے گا اور ڈاک تقسیم کرے گا۔

(١١) .لَيَذْهَبَنَّ هٰذَا سَاعِيُ الْبَرِيْدِ إِلىَ الْقَرْيَةِ بِالدَّرَّاجَةِ غَدًا وَلْيُوَزِّعَنَّ الْبَرِيْدَ.

(۱۲)ان کارخانوں کا دھواں یقیناً صاف فضا کو آلودہ کردے گا۔

(١٢) .لَيُلَوِّثَنَّ دُخَّانُ هٰذِهِ الْمَصَانِعِ اَلْجَوَّ الصَّافِيَ .

(۱۳)میں آئندہ سال ایک بلند اور کشادہ مسجد کا سنگ بنیاد ضرور رکھوں گا۔

(١٣) .لَأَوْضَعَنَّ الْحَجَرَ الأَسَاسِيَ لِمَسْجِدٍ شَامِخٍ فَصِيْحِ الأَرْجَاءِ فِيْ العَامِ الْقَابِلِ .

(۱۴)حامد اور محمود آئندہ مہینے میں ضرور ہوائی جہاز سے انگلینڈ جائیں گے۔

(١٤) .لَيَذْهَبَنَّ حَامِدٌ وَمَحْمُوْدٌ إِلىَ اِنْجِلْتَرَا بِالطَّائِرَةِ فِي الشَّهْرِ الآتِيْ .

(۱۵)کل سرعام ان شرابیوں کو ضرور کوڑے مارے جائیں گے۔

(١٥) .لَيُجْلَدَنَّ هٰؤُلَاءِ الْمَخْمُوْرُوْنَ عَلىَ الطَّرِيْقِ غَدًا .

(۱۶)شاہدہ کل اسٹیشنری کی دکان سے قلم تراش، پنسل، ربر اور کاپیاں ضرور خریدے گی۔

(١٦)لَتَشْتَرِيَنَّ شَاهِدَةُ بِدُكَّانِ الأَدْوَاتِ الْكِتَابِيَّةِ الْمِبْرَاةَ،وَ قَلَمَ الرَّصَاصِ ،اَلْمَحَّايَةَ وَالْكُرَّاسَاتِ غَدًا .

اَلتَّمْرِيْنُ (۸۸)
(امرونہی کی تاکید)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) اِعْلَمُنَّ أَنَّ عَاقِبَةَ الظُّلْمِ وَخِيْمَةٌ .

(۱)۔ضرور تم جان لو کہ ظلم کا انجام برا ہے۔

(٢) اِتَّقِيَنَّ غَيْظَ الْحَلِيْمِ .

(۲)۔بردبار آدمی کے غیظ وغضب سے ضرور بچو۔

(٣) إِذَا عَاتَبْتَ صَدِيْقًا فَلَا تُبَالِغَنَّ فِي عِتَابِهٖ .

(۳)۔جب تم اپنے دوست کو ملامت کرو تو ملامت میں حد سے زیادہ مبالغہ نہ کرو۔

(٤) لَا تَمْدَحَنَّ اِمْرَأً حَتّٰى تُجَرِّبَهٗ . وَلَا تَذُمَّنَّهٗ مِنْ غَيْرِ تَجْرِيْبٍ .

(۴)۔کسی آدمی کی ہرگز تعریف مت کر جب تک اس کا تجربہ نہ کرلے۔اور بغیر تجربہ کے ہرگز اس کی مذمت مت کر۔

(٥) إِذَا هَفَا صَدِيْقُكَ فَاغْفِرَنَّ هَفْوَتَهٗ .

(۵)۔جب تیرے دوست سے غلطی ہوجائے تو اس کی غلطی کو ضرور بخش دے۔

(٦) لَا تَرْغَبَنَّ فِيْمَنْ زَهِدَ عَنْكَ .

(۶)۔اس کی طرف ہرگز مائل مت ہو جو تجھ سے بے رغبتی کرے۔

(٧) إِذَا مَدَحْتَ فَلَا تُبَالِغَنَّ فِي الْمَدْحِ .

(۷)۔جب تو تعریف کرے تو ہرگز تعریف میں مبالغہ مت کر۔

(٨) لَا تَحْقِرَنَّ قَلِيْلَ الْمَالِ تَجْمَعُهٗ فَالْحَوْضُ مِنْ قَطَرَاتِ الْمَاءِ يَمْتَلِئُ .

(۸)۔تھوڑے مال کو ہرگز حقیر نہ سمجھ اس کو جمع کر کیوں کہ حوض پانی کے قطروں سے بھر جاتا ہے۔

(٩) اِرْعَيَنَّ حَقَّ وَالِدَيْكَ وَلَا تَتَوَانَيَنَّ فِي تَنْفِيْذِ نَصَائِحِهِمَا .

(۹)۔اپنے والدین کے حقوق کا ضرور خیال رکھ اور ان کی نصیحتوں کو نافذ کرنے میں ہرگز سستی نہ کر۔

(١٠)لَا يُزَهِّدَنَّكَ فِي الْمَعْرُوْفِ مَنْ لَا يَشْكُرُ لَكَ .

(۱۰)۔وہ تجھے بھلائی سے ہرگز بے رغبت نہ کرائے جو تیرا شکریہ ادا نہیں کرتا۔

(١١)لَا تُمَارِ يَنَّ حَلِيْمًا وَلَا سَفِيْهًا فَإِنَّ الْحَلِيْمَ يُطْغِيكَ وَالسَّفِيْهَ يُؤْذِيْكَ .

(۱۱)۔تو ہرگز کسی بردبار اور نہ کسی بیوقوف سے جھگڑا کر کیوں کہ بردبار تجھ سے حد سے آگے بڑھ جائے گا اور بیوقوف تجھے تکلیف دے گا۔

(١٢).لَا تُمَزِّقَنَّ هَاتَانِ التِّلْمِيْذَتَانِ جَوَائِزَ التَّقَدُّمِ .

(۱۲)۔یہ دونوں طالبات کامیابی کے انعامات کو ہرگز نہ پھاڑیں۔

(١٣).لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ وَلَا تُسَافِرَنَّ اِمْرَأَةٌ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ .

(۱۳)۔ہرگز کوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ رہے اور ہرگز کوئی عورت سفر نہ کرے مگر اس کے ساتھ کوئی محرم (جس سے نکاح ہمیشہ کے لیے حرام ہے) ہو۔

(١٤)وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوا فِي سَبِيْلِ اللهِ اَمْوَاتًا [آل عمران:١٦٩]

(۱۴)۔اور جو اللہ کی راہ میں قتل کیے گیے ہرگز انہیں مردہ خیال نہ کرو۔

(١٥)وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايءٍ اِنِّي فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا .اِلَّا اَنْ يَشَآءَ اللهُ [الكهف:٢٣]

(۱۵)۔اور ہرگز کسی بات کو نہ کہنا کہ میں کل یہ کردوں گا مگر یہ کہ اللہ چاہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۸۹)
(امر و نہی کی تاکید)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)قَالَ رَجُلٌ لِابْنِهِ :لَقَدْ كَبِرْتُ فِي السِّنِّ ،وَعَجَزْتُ عَنِ الْعَمَلِ ،فَاسْمَعَنْ نَصِيْحَتِي ،لِتَكُوْنَنَّ أَمِيْنًا فِيْ بَيْعِكَ وَشِرَائِكَ ،فَإِنَّ النَّاسَ يُقْبِلُوْنَ

عَلیَ التَّاجِرِ الأَمِیْنِ ،وَلَا تَغُشَّنَّ أَحَدًا فَالْغَشُّ یُفْقِدُكَ ثِقَةَ النَّاسِ فِیْكَ .وَاِنِّیْ تَارِكٌ لَكَ بَعْضَ الْمَالِ لِتُنْفِقَهُ فِیْ وُجُوْهِ الْخَیْرِ ،فَهَلْ تَفِیَنَّ بِوَعْدِكَ ؟

(۱)۔ایک آدمی نے اپنے بیٹے سے کہا: میں بوڑھا ہوچکا ہوں اور کام سے عاجز ہوگیا ہوں تو ضرور میری نصیحت سن، تاکہ تو اپنی خرید وفروخت میں ضرور امانت دار رہے اس لیے کہ لوگ امانت دار تاجر پر متوجہ ہوتے ہیں۔اور ہر گز کسی کو دھوکا نہ دے کیوں کہ دھوکا دینا تیرے حق میں لوگوں کے اعتماد کو کھودے گا،اور بے شک میں تیرے لیے کچھ مال چھوڑ رہا ہوں تاکہ تو اسے نیکی کے راستوں میں خرچ کرے۔کیا تو اپنے وعدہ کو پورا کرے گا؟

(۲)فَأَجَابَ الابْنُ :نَعَمْ،فَوَاللهِ لَأُنَفِّذَنَّ نَصِیْحَتَكَ ،وَلَسَوْفَ أَسِیْرُ عَلیَ نَهْجِكَ.وَوَاللهِ لَا أَشُكُّ فِیْ مَنْفَعَةِ مَاقُلْتَهُ،وَلَأَعْمَلَ بِهَا الآنَ .فَقَالَ الْوَالِدُ:أَشْكُرُكَ یَابُنَیَّ ،عِشْتَ رَاشِدًا مُوَفَّقًا .

(قواعد اللغة العربیة ،للصف الثانیك المتوسط،ص:۱۳۰)

(۲)۔تو لڑکے نے جواب دیا:ہاں اللہ کی قسم میں ضرور آپ کی نصیحت کو نافذ کروں گا اور عنقریب میں آپ کے طریقے پر چلوں گا ،بخدا میں آپ کی مفید بات میں شک نہیں کروں گا اور یقیناً اب میں اس پر عمل کروں گا۔تو باپ نے کہا:اے میرے بیٹے! میں تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں تو ہدایت اور توفیق یافتہ زندگی گزارے گا۔

(۳)قَالَ أُسْتَاذٌ لِتِلْمِیْذِهِ:بَعْدَ أُسْبُوْعٍ سَتُؤَدِّیْ الِامتِحَانَ الشَّهْرِیّ ،فَاسْتَذْكِرَنَّ دُرُوْسَكَ ،وَلَا تُضَیِّعَنَّ وَقْتًا دُونَ أَنْ یَعُوْدَ عَلَیْكَ بِفَائِدَةٍ .(ایضًا،ص:١٤)

(۳)۔استاذ نے اپنے شاگرد سے کہا: ایک ہفتہ بعد عنقریب تم ماہانہ امتحان دوگے تو ضرور اپنے اسباق کو یاد کرو،وقت سے فائدہ اٹھائے بغیر ہرگز اسے ضائع نہ کرو۔

(٤)لَا یَقْضِیَنَّ حَكَمٌ بَیْنَ اِثْنَیْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ .(رواه البخاری)

(۴)۔کوئی قاضی دو لوگوں کے درمیان حالت غضب میں ہرگز فیصلہ نہ کرے۔

(٥)لَا یَتَكَلَّفَنَّ أَحَدٌ لِضَیْفِهِ مَالَا یَقْدِرُ عَلَیْهِ .(رواه البیهقی)

(۵)۔کوئی شخص اپنے مہمان کے لیے طاقت سے زیادہ تکلیف نہ اٹھائے۔

(٦)لَا يَبُلُوَنَّ أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ الَّذِيْ لَا يَجْرِيْ ثُمَّ يَغْتَسِلُ فِيْهِ .(رواه البخاري)

(٦)۔تم میں سے کوئی شخص اس ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے جو بہتا نہ ہوں پھر اس میں غسل کرے۔

(٧)لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ (رواه الجماعة)

(۷)۔تم سے کوئی شخص نازل شدہ مصیبت پر ہرگز موت کی تمنا نہ کرے۔

إِذَا رَأَيْتَ نُيُوْبَ اللَّيْثِ بَارِزَةً ،فَلَا تَظُنَّنَّ أَنَّ الأَسَدَ يَبْتَسِمُ .

(۸)۔جب تو شیر کے دانتوں کو ظاہر ہوتا دیکھے
تو ہرگز یہ گمان نہ کر کہ شیر مسکرا رہا ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۹۰)
(امر و نہی کی تاکید)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت ہرگز نہ کرو۔

(۱۱).لَا تُطِيْعُنَّ أَحَدًا فِيْ مَعْصِيَةِ اللهِ.

(۲)تم لوگ اپنے قیمتی اوقات ہرگز ضائع نہ کرو۔

(٢).لَا تُضِيْعُنَّ اَوْقَاتَكُمُ الثَّمِيْنَةَ .

(۳)تم روزانہ قرآن پاک کی تلاوت ضرور کیا کرو۔

(٣).اُتْلُوُنَّ الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ كُلَّ يَوْمٍ.

(۴)لوگوں کے ساتھ ضرور نرمی اور محبت کا برتاؤ کر اور ہرگز سختی نہ کر۔

(٤).عَامِلَنَّ مَعَ النَّاسِ مُعَامَلَةَ اللُّطْفِ وَالْمَحَبَّةِ وَلَا تَشَدَّنَّ.

(۵)تم لوگ اللہ کے سوا کسی شخص سے ہرگز نہ ڈرو۔

(٥) . لَا تَخَافُنَّ أَحَدًا إِلَّا اللهَ .

(٦)اس گائے کو درخت کے سایہ میں باندھ دو اور اسے ہرگز بھوکی نہ رکھو۔

(٦) . اُرْبُطُنَّ هٰذِهِ الْبَقَرَةَ فِيْ ظِلِّ الشَّجَرَةِ وَلَا تُجَوِّعَنَّهَا .

(٧)تو دودھ سے بالائی، مکھن، گھی اور پنیر ضرور بنا۔

(٧) . اِجْعَلَنَّ مِنَ اللَبَنِ اَلْقِشْطَةَ ، وَالزُّبْدَةَ ،وَالسَّمَنَ ،وَالْجُبْنَ .

(٨)تم لوگ اس ہفت روزہ اخبار میں ضرور مراسلے بھیجو۔

(٨) . اَرْسِلُنَّ الرَّسَائِلَ فِيْ هٰذِهِ الْجَرِيْدَةِ الْأُسْبُوْعِيَّةِ .

(٩)تم لوگ ہرگز اس ہرنی کے بچوں کو نہ پکڑو۔

(٩) . لَا تَأْخُذُنَّ اَبْنَاءَ تِلْكَ الْغَزَالَةِ .

(١٠)میونسپلٹی کے ذمہ داران شہر کی گلی کوچوں کی صفائی کا ضرور خیال رکھیں۔

(١٠) . لِيَرْعَيَنَّ الْمَسْؤُلُوْنَ مِنَ الْبَلَدِيَّةِ نَظَافَةَ الأَزِقَّةِ مِنَ الْبَلَدِ .

(١١)گاڑی چلاتے وقت ٹریفک قوانین کی پابندی ضرور کر۔

(١١) . تَمَسَّكَنَّ بِقَوَاعِدِ الْمُرُوْرِ عَلىٰ سُوْقِ الْعَرَبَةِ .

(١٢)چوراہوں پر ٹریفک پولس کے اشاروں کے بغیر ہرگز گاڑی آگے نہ بڑھا۔

(١٢) . لَا تُقَدِّمَنَّ الْعَرَبَةَ عَلىٰ مُلْتَقَى الطُّرُقِ بِغَيْرِ اِشَارَةِ بُوْلِيْسِ الْمُرُوْرِ .

اَلتَّمْرِيْنُ(٩١)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)أَعْطِنِي الْوَرْدَةَ الَّتِيْ لَوْنُهَا أَحْمَرُ .

(١)۔ مجھے وہ گلاب کا پھول دے جس کا رنگ سرخ ہے۔

(٢)تَصَدَّقْ عَلىٰ البَائِسِيْنَ وَابْدأْ بِأَيِّ هُوَ أَقْرَبُ إِلَيْكَ .

(٢)۔ محتاج وفقیر پر صدقہ کر اور اس سے شروعات کر جو تیرا زیادہ قریبی ہے۔

(۳)لَا تَقُلْ مَا لَا تَعْلَمُ وَإِنْ قَلَّ مَا تَعْلَمُ .

(۳)۔ تووہ بات نہ کہ جو تونہیں جانتا ہے اگرچہ وہ کم ہو جو تو جانتا ہے۔

(٤)أُبْذُلْ مَا أَنْتَ بَاذِلٌ فِيْ وُجُوْهِ الْخَيْرِ .

(۴)۔ خرچ کر جو تو بھلائی کے کاموں میں خرچ کرتا ہے۔

(٥)اِقْتَرِبْ مِمَّا يَقْتَرِبُ الْعُقَلَاءُ وَابْتَعِدْ عَمَّا يَبْعُدُوْن .

(۵)۔ ایسی چیز سے قریب ہو جس سے عقلمند قریب ہوتے ہیں اور ایسی چیز سے بچ جس سے وہ دور ہوتے ہیں۔

(٦)إِذَا أَرَدتَّ أَنْ تَقْتَنِيَ كُتُبًا فَاخْتَرْ أَيُّهَا يَعْلُو أُسْلُوْبُهُ .

(۶)۔ جب تو کتابوں کو حاصل کرے تو انھیں چن جن کا اسلوب بلند ہو۔

(٧)يُعْجِبُنِيْ أَنْ يُؤَثِّرَ الْمَرْءُ نَفْعَ وَطَنِهِ عَلٰى مَنْفَعَةِ نَفْسِهِ .

(۷)۔ جو انسان اپنے وطن کے نفع کو اپنی جان کے نفع پر فوقیت دے وہ مجھے اچھا لگتا ہے۔

(٨)تَخْتَارُ السَّيِّدَةُ مِنَ الْخَادِمَاتِ أَيُّهُنَّ هِيَ أَعَفُّ وَأَنْشُطُ .

(۸)۔ مالکن ان خادماؤں کو پسند کرتی ہے جو زیادہ پاکدامن اور چست وچوبند ہوتی ہیں۔

(٩)زِنِ الْحَقَائِقَ وَلَا يَخْدَعْكَ أَيُّهَا أَكْثَرُ بَرِيقًا وَتَزْوِيْقًا .

(۹)۔ حقیقتوں سے مزین ہو اور تجھے دھوکا نہ دے وہ جو زیادہ چمک دمک اور ملمع سازی کرنے والا ہے۔

(١٠)اَلْقَوِيُّ مَنْ يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ .

(۱۰)۔ طاقتور وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر قابو رکھے۔

(١١)هٰذِهِ هِيَ الْمُذِيْعَةُ الَّتِيْ تُقَدِّمُ بَرْنَامَجَ الأَطْفَالِ

(۱۱)۔ یہ وہی ریڈیو ہے جو بچوں کا پروگرام پیش کرتا ہے۔

(١٢)اَلَّذِيْنَ يَصُوْنُوْنَ الْمُمْتَلَكَاتِ الْعَامَّةَ يُحَافِظُوْنَ عَلٰى نَهْضَةِ الْبِلَادِ .

(۱۲)۔ وہ لوگ جو عام جائدادوں کی حفاظت کرتے ہیں وہ ملکوں کی ترقی پر پابندی کرتے ہیں۔

(١٣)اِسْتَفِدْ مِنْ خُبْرَةِ النَّاسِ الَّذِيْنَ هُمْ أَكْبَرُ مِنْكَ .

(۱۳)۔ان لوگوں کے تجربات سے فائدہ اٹھا جو تجھ سے بڑے ہیں۔

(١٤)إِنَّ صَلَاحَ الأُمَّةِ بِالأُمَّهَاتِ اللَّوَاتِيْ يُحْسِنَّ تَرْبِيَةَ أَوْلَادِهِنَّ وَبِالآبَاءِ الأُوْلىٰ يَسْهَرُوْنَ عَلىٰ تَقْوِيْمِ أَخْلَاقِهِمْ.

(۱۴)۔بے شک قوم کی درستگی ان ماؤں سے ہے جو اپنی اولاد کی اچھی طرح تربیت کرتی ہیں اور ان باپوں سے ہے جو ان کے اخلاق کی درستگی کی نگرانی کرتے ہیں۔

(١٥)اَلْمُهِمَّةُ الَّتِيْ أُسْنِدَتْ إِلَيَّ نَصْبُ الْخِيَامِ.

(۱۵)۔کام وہ ہے جو مجھے خیمہ نصب کرنے کا سونپا گیا ہے۔

(١٦)هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ .[الرحمن:٤٣]

(۱۶)۔یہ ہے وہ جہنم جسے مجرم جھٹلاتے ہیں۔

(١٧)إِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا [الكهف:٣٠]

(۱۷)۔ہم ان کے ثواب کو ضائع نہیں کرتے جن کے کام اچھے ہوں۔

(١٨)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ .[الإسراء:٨٢]

(۱۸)۔اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۹۲)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)یہ وہ طالب علم ہے جو محنت سے اپنے اسباق یاد کرتا ہے۔

(١).هٰذَا هُوَ الطَّالِبُ اَلَّذِيْ يَحْفَظُ دُرُوْسَهٗ بِجِدٍّ.

(۲)ایسی چیز کا وعدہ نہ کرو جو تم پورا نہ کر سکو۔

(٢).لَا تَعِدْ بِمَا لَا تَتَمَكَّنْ وَفَاءَهٗ.

(۳)یہی وہ لڑکا ہے جس نے سالانہ تقریری مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی تھی

(٣).هٰذَا هُوَ الْوَلَدُ اَلَّذِيْ كَانَ نَالَ الرُّتْبَةَ الأُوْلىٰ فِي الْمُسَابَقَةِ الشَّفَوِيَّةِ السَّنَوِيَّةِ .

(۴)میں ان اساتذہ کی تعظیم کرتا ہوں جنھوں نے میری تربیت کی اور مجھے علم سکھایا۔

(٤). أُكْرِمُ الأَسَاتِذَةَ الَّذِيْنَ رَبَّوْنِي وَعَلَّمُوْنِيْ الْعِلْمَ.

(۵)ان طالبات کو بلاؤ جنھوں نے سالانہ امتحان میں امتیازی پوزیشن حاصل کی۔

(٥). أُدْعُوْا الطَّالِبَاتِ اَللَّوَاتِيْ نِلْنَ الْمَرْتَبَةَ الْبَارِزَةَ فِي الْإِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ

(۶)جو چور بینک کی عمارت میں نقب زنی کی کوشش کررہا تھا وہ گرفتار کر لیا گیا۔

(٦). اَلسَّارِقُ الَّذِيْ كَانَ يَسْعىَ جَرِيْمَةَ النَّقْبِ فِيْ عِمَارَةِ الْمَصْرِفِ قُبِضَ عَلَيْهِ.

(۷)وہ مریض آج چل بسا کل جس کا آپریشن کیا گیا تھا۔

(٧). اَلْمَرِيْضُ الَّذِيْ أُجْرِيَتْ عَلَيْهِ عَمَلِيَّةٌ جِرَاحِيَّةٌ أَمْسِ مَاتَ الْيَوْمَ

(۸)جو شخص کسی دوسرے کے لیے کنواں کھودتا ہے خود اسی میں گرتا ہے۔

(٨). مَنْ يَحْفِرُ الْبِئْرَ لِأَخَرَ يَسْقُطُ نَفْسَهُ فِيْهَا.

(۹)وہ دو مہمان جو کل ہوٹل میں ٹھہرے تھے آج شہر کی سیر کو نکلے۔

(٩). الضَّيْفَانِ الَّذَانِ كَانَا اَقَامَا فِي الْفُنْدُقِ اَلْيَوْمَ خَرَجَا إِلىَ تَنَزُّهِ الْبَلَدِ.

(۱۰)ان گھوڑوں کو دیکھو جو نہایت برق رفتاری کے ساتھ سڑک پر دوڑ رہے ہیں۔

(١٠). أُنْظُرُوا الأَفْرَاسَ اللَّتِيْ تَجْرِيْ عَلىَ الشَّارِعِ بِغَايَةٍ سُرْعَةٍ.

(۱۱)خالد اس گھر میں رہتا ہے جس کا صدر دروازہ پورب کی جانب ہے۔

(١١). خَالِدٌ يَسْكُنُ فِيْ الْبَيْتِ الَّذِيْ يَشْرَفُ بَابُهُ الرَّئِيْسِيُّ عَلىَ جَانِبِ الشَّرْقِ.

(۱۲)وہ دونوں طیارے جو کل فضا میں منڈلا رہے تھے حادثے کا شکار ہوگئے۔

(١٢). اَلطَّيَّارَتَانِ اللَّتَانِ كَانَتَا تُحَلِّقَانِ فِي الْجَوِّ اَمْسِ أُصِيْبَتَا بِالْحَادِثَةِ.

(۱۳)میں نے کل اس کتاب کا مطالعہ کیا جو حکمتوں اور نصیحتوں سے پر تھی۔

(١٣). طَالَعْتُ الْكِتَابَ الَّذِيْ كَانَ مُمْتَلِئًا بِالْحِكَمِ وَالنَّصَائِحِ.

(۱۴)وہ ابوبکر ہی تھے جنھوں نے غزوۂ تبوک کے موقع پر اپنا سارا مال رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کردیا تھا۔

(١٤). اَبُوْ بَكْرٍ رَضِي اللهُ عَنْهُ هُوَ الَّذِيْ قَدَّمَ إِلٰى حَضْرَةِ النَّبِيِّ ﷺ اَلْمَالَ كُلَّهُ بِمُنَاسَبَةِ غَزْوَةِ تَبُوْكٍ.

(۱۵)جس نے قلعہ خیبر کا دروازہ اکھاڑ دیا تھا وہ علی مرتضی کرم اللہ تعالی وجہہ تھے۔

(١٥). عَلِيٌّ كَرَّمَ اللهُ تَعَالىٰ وَجْهَهُ هُوَ الَّذِيْ اِقْتَلَعَ بَابَ قَلْعَةِ خَيْبَرَ

(۱۶)وہ عبدالقاہر جرجانی ہیں جنھوں نے علوم بلاغت میں سب سے پہلی کتاب لکھی۔

(١٦). عَبْدُ الْقَاهِرِ اَلْجُرْجَانِيْ هُوَ الَّذِيْ كَتَبَ اَوَّلَ كِتَابٍ فِيْ عُلُوْمِ الْبَلَاغَةِ.

(۱۷)یہ مہمان کون ہے جس کا آپ نے پُرتپاک خیر مقدم کیا۔

(١٧). مَنْ هٰذَا الضَّيْفُ اَلَّذِي رَحَّبْتَ بِهٖ تَرْحِيْبًا حَارًّا.

(۱۸)جن پہاڑوں پر برف باری ہوتی ہے وہاں سخت ٹھنڈک پڑتی ہے۔

(١٨). اَلْجِبَالُ الَّتِيْ تَتَسَاقَطُ عَلَيْهَا الثُّلُوْجُ يَشْتَدُّ هُنَا الْبَرْدُ.

(۱۹)وہ عمر بن خطاب تھے جنھوں نے اپنے عہد خلافت میں عدل وانصاف کا بے مثال نظام قائم کیا۔

(١٩). عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِي اللهُ عَنْهُ هُوَالَّذِيْ قَامَ نِظَامَ الْعَدْلِ فَقِيْدَ الْمِثَالِ فِيْ عَهْدِ خِلَافَتِهٖ .

(۲۰)۔سچا مسلمان وہی ہے جو رسول اکرم ﷺ سے دل کی گہرائیوں سے محبت کرے

(٢٠). اَلْمُسْلِمُ الصَّادِقُ هُوَ الَّذِيْ يُحِبُّ النَّبِيَّ ﷺ بِأَعْمَاقِ قَلْبِهٖ.

اَلتَّمْرِيْنُ(۹۳)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)اَلْكِتَابُ هُوَ الْجَلِيْسُ الَّذِيْ لَا يُنَافِقُ وَلَا يُمِلُّ ،وَهُوَ الصَّدِيْقُ الَّذِيْ لَا يُعَاتِبُ وَلَا يَشْكُوْ .

(۱)۔کتاب وہ ہمنشیں ہے جو نفاق نہیں کرتا ہے ،اکتاہٹ میں نہیں ڈالتا ہے اور ایسادوست ہے جو نہ ملامت کرتا ہے اور نہ شکایت کرتا ہے۔

(٢)اَلْغِذَاءُ الْجَيِّدُ اَلَّذِيْ تَتَوَفَّرُ فِيْهِ الْمَوَادُّ الَّتِيْ تَبْنِي الْجِسْمَ ،وَتَمُدُّهٗ بِالْحَرَارَةِ،وَتَحْمِيْهِ مِنَ الأَمْرَاضِ ،هٰذِهِ الْبُرْتَقَالَةُ الَّتِيْ قَشَرْنَاهَا .

(۲)۔عمدہ غذا وہ ہے جس میں ایسا میٹریل ہوتا ہے جو جسم کی تعمیر کرتا ہے،اسے حرارت دیتا ہے اور امراض سے بچاتا ہے،یہی وہ سنترہ ہے جسے ہم نے چھیلا۔

(٣)هٰذَا عُنْوَانُ صَدِيْقِكَ أَحمد شريف اَلَّذِيْ يَسْكُنُ بِمدينة الإسْكندرية فِيْ حَيِّ لوران بِالمنزِلِ،رقم ٢٤٢،بشارع عبد السلام عارف.

(۳)۔یہ تیرے دوست احمد شریف کا پتہ ہے جو اسکندریہ شہر میں لوران محلہ میں بلڈنگ نمبر ۲۴۲ میں عبدالسلام عارف روڈ پر رہتا ہے۔

(٤)إِنَّ الْيَدَ الَّتِيْ تَصُوْنُ الدُّمُوْعَ أَفْضَلُ مِنَ الْيَدِ الَّتِيْ تُرِيقُ الدِّمَاءَ ،وَالَّتِيْ تَشْرَحُ الصُّدُوْرَ أَشْرَفُ مِنَ الَّتِيْ تَبْقُرُ الْبُطُوْنَ .

(۴)۔بے شک وہ ہاتھ جو آنسوؤں کی حفاظت کرتا ہے اس ہاتھ سے افضل ہے جو خونوں کو بہاتا ہے۔اور وہ ہاتھ جو سینوں کو کھولتا ہے اس ہاتھ سے افضل ہے جو پیٹوں کو پھاڑتا ہے۔

(٥)يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَابْتَغُوا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ [المائدة:٣٥]

(۵)۔اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں جہاد کرو اس امید پر کہ فلاح پاؤ۔

(٦) وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ .[آل عمران:١٦٩]

(٦)۔اور جو اللہ کی راہ میں مارے گیے ہرگز انہیں مردہ خیال نہ کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں روزی پاتے ہیں۔

(٧)اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوا رَبُّنَا اللهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَاَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ .[فصلت:٣٠]

(۷)۔بے شک وہ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو اور خوش رہو اس جنت پر جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔

(٨)أَخْشىَ مَا خشيتُ عَلىٰ أُمَّتِيْ كِبرُ الْبَطَنِ،وَمُدَاوَمَةُ النَّوْمِ وَالْكَسْلِ وَضعف الْيَقِيْنِ.[رواه الدار قطنى عن جابر]

(۸)۔میں اپنی امت پر جس چیز کا خوف کرتا ہوں وہ بڑے پیٹ کا ہونے (یعنی زیادہ کھانے والا ہونا) لگاتار سونے، سستی کرنے اور کمزور یقین والا ہونے کا ہے۔

(٩)إِذَا نَظر أَحدكُمْ إِلى مَنْ فضل عليه فِي المال والخلق فلينظر إلى من هو أسفل منه.[رواه الشيخان]

(۹)۔جب تم سے کوئی ایسے شخص کو دیکھے جو اس سے مال اور اخلاق میں افضل ہو تو ضرور ایسے شخص کو دیکھ لے جو اس سے کم تر ہو۔

(١٠)إِسْكَثِرْ من النّاس من دعاء الخير لك ،فإن العبد لا يدرى على لسان من يستجاب له،أو يرحم .[رواه الخطيب عن أبى هريرة]

(۱۰)۔اپنے لیے لوگوں سے بھلائی کی دعا کثرت سے کرا اس لیے کہ بندہ نہیں جانتا کہ کس شخص کی زبان پر دعا قبول کی جائے گی یا رحم کیا جائے گا۔

(١١)أَكْثِرُوا مِنْ تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ،فَإِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ لَا يُقْرَأُ فِيْهِ الْقُرآنُ يقل خيره و يكثر شره و يضيق على أهله .[رواه الدار قطنى عن أناس]

(۱۱)۔اپنے گھروں میں قرآن پاک کی تلاوت کثرت سے کرو اس لیے کہ وہ گھر جس میں قرآن نہیں پڑھا جاتا ہے اس کی بھلائی کم ہوجاتی ہے، برائی زیادہ ہوجاتی ہے اور اس کے گھر والوں پر تنگی ہوجاتی ہے۔

(١٢)إِنَّ الَّذِيْنَ يَصْنَعُوْنَ هٰذِهِ الصُّوْرَةَ يعذبون يوم القيامة ،فيقال لهم أحيوا ما خلقتم .[رواه الشيخان]

(۱۲)۔بے شک وہ لوگ جو اس تصویر کو بناتے ہیں انھیں قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا جو تم نے پیدا کیا زندہ کرو۔

(١٣)إنَّ أول مايجازى به المؤمن بعد موته أن يغفر لجميع من تبع جنازته .[رواه البيهقى عن ابن عباس]

(۱۳)۔بے شک سب سے پہلے جس چیز کا مومن کو مرنے کے بعد بدلہ دیا جاتا ہے (وہ یہ ہے کہ) اس کے جنازہ کے ساتھ چلنے والے تمام لوگوں کی بخشش کردی جاتی ہے۔

(١٤).أنظروا إلى من هو أسفل منكم ولا تنظروا إلى من هو فوقكم فهو أجدر ألا تزدروا نعمة الله عليكم .[رواه ابن ماجه]

(۱۴)۔اس شخص کی طرف دیکھو جو تم سے کم تر ہو اور اس کی طرف نہ دیکھو جو تم سے بلند ہو کیوں کہ یہ بات اس کے زیادہ لائق ہے کہ تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو حقیر نہ جانو۔

(١٥).البَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يَصَلِّ عَلَيَّ .[رواه أحمد]

(۱۵)۔بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۴)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) خالد اس سازش کا شکار ہو گیا جو اس کے ساتھیوں نے تیار کی تھی۔

(۱). اُصِيْبَ خَالِدٌ اَلْمُؤَامَرَةَ الَّتِيْ جَهَّزَتْهَا اَصْدِقَاءُهٗ.

(۲) وہ کون سی رکاوٹیں ہیں جو اس پل کی تعمیر کے راستے میں حائل ہیں۔

(۲). مَاهِيَ الْحَوَاجِزُ الَّتِيْ قَدْ حَالَتْ بَيْنَ إِنْشَاءِ هٰذِهِ الْقَنْطَرَةِ.

(۳) وہ ہندوستانی تیراک ہی ہیں جو کل عالمی تیراکی کے مقابلے میں کامیاب ہوئے۔

(۳). اُوْلٰئِكَ هُمُ السَّبَّاحُوْنَ الْهِنْدِيُّوْنَ اَلَّذِيْنَ نَجَحُوْا فِيْ مُنَافَسَةِ السَّبَاحَةِ الْعَالَمِيَّةِ.

(۴) یہ وہی عورتیں ہیں جنھوں نے اپنے بچوں کو اچھی پرورش کی اور انھیں زندگی کے آداب سکھائے۔

(٤). هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ اَللَّوَاتِيْ رَبَّيْنَ اَطْفَالَهُنَّ حَسَنًا وَعَلَّمْنَهُمْ آدَابَ الْحَيَاةِ.

(۵) وہ خالد بن ولید ہی ہیں جنھوں نے جنگ یرموک میں اسلامی لشکر کی کمان سنبھالی۔

(٥). خَالِدُ بْنُ وَلِيْدٍ هُوَ الَّذِيْ قَامَ بِمَسْؤُلِيَّةِ الْجَيْشِ الإِسْلَامِيْ فِيْ حَرْبِ يَرْمُوْكٍ.

(۶) اور ان کے ساتھ اس جنگ میں ابو عبیدہ عامر بن جراح تھے جن کے ہاتھوں رومیوں سے شام آزاد ہوا۔

(٦). وَكَانَ مَعَهٗ فِيْ هٰذَاالْحَرْبِ اَبُوْعُبَيْدَةَ عَامِرُ بْنُ جَرَّاحٍ اَلَّذِيْ اِسْتَقَلَّتْ بِيَدِهِ سُوْرِيَا مِنَ الرُّوْمِيِّيْنَ.

(۷) ہجرت ہی تاریخ کا وہ اہم واقعہ ہے جس سے اسلامی مشن پوری قوت اور آزادی کے ساتھ جزیرۃ العرب کے خطوں میں عام ہوا۔

(٧). اَلْهِجْرَةُ تِلْكَ الْوَاقِعَةُ الْهَامَّةُ التَّارِيْخِيَّةُ اَلَّتِيْ فَشَتِ الْبِعْثَةُ الإِسْلَامِيَّةُ بِقُوَّتِهَا الْكَامِلَةِ وَحَرْكَتِهَا التَّامَّةِ فِيْ اَقْطَارِ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ.

(۸)یہی وجہ ہے کہ امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے اسے اسلامی تاریخ کا آغاز قرار دیا۔

(۸).هٰذَا هُوَ السَّبَبُ أَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَر بْنِ الْخَطَّابُ رَضِي اللهُ عَنْهُ قَرَّرَهَا مَطْلَعَ التَّارِ يْخِ الإِسْلَامِيْ.

(۹)سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی نے اپنے سفر بغداد میں اس نصیحت پر سختی سے عمل کیا جو چلتے وقت ان کی ماں نے انھیں کی تھی۔

(۹).عَمِلَ سَيِّدُنَا اَلشَّيْخُ عَبْدُ الْقَادِر الْجِيْلَانِيْ بِتِلْكَ النَّصِيْحَةِ الَّتِيْ نَصَحَتْهَا أُمُّهُ وَقْتَ السَّفَرِ عَمَلًا مُحْكَمًا.

(۱۰)یہی وہ دونوں طالبات ہیں جو پوری تیاری کے ساتھ مضمون نگاری کے مقابلے میں شریک ہوئیں۔

(۱۰).هٰذِهِ تَانِكَ الطَّالِبَتَانِ اَللَّتَانِ شَارَكَتَا بِإِسْتِعْدَادٍ كَامِلٍ فِيْ مُنَافَسَةِ الإِنْشَاءِ.

(۱۱)یہی وہ اوصاف ہیں جو افراد کے درمیان تعلقات استوار کرتے ہیں اور ایک صالح معاشرے کی تشکیل کرتے ہیں۔

(۱۱).هٰذِهِ تِلْكَ الْمَحَاسِنُ اَلَّتِيْ تُوَطِّدُ الْعَلَاقَاتِ بَيْنَ الأَفْرَادِ وَتُشَكِّلُ الْمُجْتَمَعَ الصَّالِحَ.

(۱۲)ابو القاسم زہراوی ان مشہور مسلم اطبا میں سے ہیں جنھوں نے طباعت اور جراحی کے میدان میں بڑی شہرت حاصل کی۔

(۱۲).اَبُوْالقَاسِمِ اَلزَّهْرَاوِيْ مِنَ مَشَاهِيْرِ الأَطِبَّاءِ الْمُسْلِمِيْنَ اَلَّذِيْنَ نَالُوْا الشُّهْرَةَ الْكَبِيْرَةَ فِيْ مَجَالِ الطِّبِّ وَالْجَرَاحَةِ.

(۱۳)وہ اساتذہ ہی ہیں جو قوم کے فرزندوں کو تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

(١٣).هُمُ الأَسَاتِذَةُ اَلَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ حَسْبَ الإِسْتِطَاعَةِ لِتَزْيِيْنِ اَبْنَاءِ الْقَوْمِ مِنَ التَّعْلِيْمِ.

(۱۴)یہ وہی وُکلا ہیں جنھوں نے معاملے کی گہرائی تک پہنچنے میں ہائی کورٹ کے ججوں کی مدد کی۔

(١٤).هٰؤُلَاءِ هُمُ الْمُحَامِيُّونَ اَلَّذِيْنَ نَصَرُوْا الْقُضَاةَ مِنَ الْمَحْكَمَةِ الْعَالِيَةِ فِيْ الْبُلُوْغِ إِلٰى عُمُقِ الأَمْرِ.

(۱۵)صلاح الدین ایوبی اسلامی تاریخ کے وہ عظیم ہیرو ہیں جنھوں نے اپنے جنگی کارناموں کے ذریعہ صلیبیوں کے دانت کھٹے کر دیے تھے۔

(١٥).صَلَاحُ الدِّيْنِ الأَيُّوْبِيُّ الْبَطَلُ الْعَظِيْمُ مِنَ التَّارِيْخِ الإِسْلَامِيِّ اَلَّذِيْ هَزَمَ الصَّلِيْبِيِّيْنَ شَرَّ هَزِيْمَةٍ بِمَآثِرِهِ الْحَرْبِيَّةِ.

اَلتَّمْرِيْنُ(۹۵)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)مِنْ دَلَائِلِ الْعَجْزِ كَثْرَةُ الْمَعَاذِيْرِ.

(۱)۔عاجزی کی علامتوں میں سے عذروں کی کثرت ہے۔

(٢)لَا تَرْمِ النَّاسَ بِمَا لَيْسَ فِيْهِمْ.

(۲)۔لوگوں کو اس چیز کی تہمت نہ لگا جو ان میں نہیں ہے۔

(٣)اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنْ يَدِ السُّفْلٰى.

(۳)۔دینے والا ہاتھ لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

(٤)إِذَا رَغِبْتَ فِي الْمَكَارِمِ فَاجْتَنِبِ الْمَحَارِمَ.

(۴)۔جب تو نیکیوں میں رغبت کرے تو حرام چیزوں سے پرہیز کر۔

(٥)لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ.

(۵)۔ خبر دیکھے ہوئے کی طرح نہیں ہے۔

(٦)دَخَلْتُ غُرَفَ الْبَيْتِ خَلَا غُرْفَةَ النَّوْمِ .

(۶)۔ نیند کے کمرے کو چھوڑ کر میں گھر کے سارے کمروں میں داخل ہوا۔

(٧)لِسَانُ الْحَالِ أَفْصَحُ مِنْ لِسَانِ الْمَقَالِ .

(۷)۔ سمجھنے والی زبان بولنے والی زبان سے زیادہ فصیح ہے۔

(٨)زُرْتُ مَعَالِمَ الْقَاهِرَةِ خَلَا الأَهْرَامِ.

(۸)۔ سوائے اہرام کے میں نے قاہرہ کے سارے آثار ونشانات کو دیکھا۔

(٩)أَسْقَطْنَا طَائِرَةَ الْعَدُوِّ خَلَا طَائِرَةٍ .

(۹)۔ سوائے ایک جہاز کے ہم نے دشمن کے سارے جہازوں کو گرادیا۔

(١٠)أَجَبْتُ عَنْ أَسْئِلَةِ النَّحْوِ عَدَا سُؤَالٍ .

(۱۰)۔ سوائے ایک سوال کے میں نے سارے سوالوں کے جواب دیے۔

(١١)حَطَّمْنَا مَدَافِعَهُ حَاشَا مَدْفَعٍ .

(۱۱)۔ علاوہ ایک توپ کے ہم نے اس کے سارے توپ توڑ دیے۔

(١٢)يُعْرَفُ الصَّدِيْقُ بِالإِخْتِبَارِ .

(۱۲)۔ دوست آزمائش سے پہچانا جاتا ہے۔

(١٣)الأَمَّهَاتُ يُسْدِيْنَ النَّصِيْحَةَ لِأَوْلَادِهِنَّ .

(۱۳)۔ مائیں اپنے لڑکوں کو نصیحت کرتی ہیں۔

(١٤)اَلْغَرْبِيُّوْنَ سَمَوا بِالْعِلْمِ وَالإِخْتِرَاعِ .

(۱۴)۔ مغربی لوگ سائنس اور ایجاد میں بلند ہوگیے۔

(١٥)اَلرِّجَالُ يُكِدُّوْنَ لِكَسْبِ الْقوت.

(۱۵)۔ لوگ روزی حاصل کرنے کے لیے مشقت اٹھاتے ہیں۔

(١٦)اَلنِّسَاءُ يَقُمْنَ بِشُؤُونِ الْمَنَازِلِ .

(۱۶)۔ عورتیں گھروں کے کاموں کو انجام دیتی ہیں۔

(١٧) اَلتَّرَفُ وَاللهِ إِنْ كَثُرَ فِيْ أُمَّةٍ لَا يَعْظُمُ شَأْنُهَا .

(۱۷)۔ بخدا خوشحالی اگر کسی قوم میں زیادہ ہوجائے تو اس کی شان بلند نہیں ہوتی ہے۔

(١٨) لَا تَقْسُ عَلٰى رَجُلٍ أُصِيْبَ فِيْ مَالِهٖ أَوْ عِيَالِهٖ .

(۱۸)۔ تو ایسے آدمی پر سختی نہ کر جس کا مال یا اہل وعیال ہلاک ہوگیے ہوں۔

(١٩) مُنْذُ كَمْ عَامٍ تَتَعَلَّمُ فِيْ كُلِّيَةِ الطِّبِّ مِنْ جَامِعَةِ دهلى ؟

(۱۹)۔ کتنی سال سے تم دہلی یونیورسٹی کے میڈیکل کالج میں تعلیم حاصل کررہے ہو۔

(٢٠) مَاذَهَبْتُ إِلٰى دُكَّانِ الْجَزَّارِ مُذْ شَهْرَيْنِ .

(۲۰)۔ میں دو مہینے سے قصاب کی دکان پر نہیں گیا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۹۶)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) ہندوستان کو مخلص سیاسی قائدین کی ضرورت ہے۔

(١) . يَحْتَاجُ الْهِنْدُ اِلَى الرُّوَّادِ السِيَّاسِيِّيْنَ الْمُخْلِصِيْنَ .

(۲) اللہ کی قسم! میں ان طلبہ کی ضرور مدد کروں گا جنھوں نے غربت کی وجہ سے تعلیم چھوڑ دی

(٢) . وَاللهِ ! لَأَنْصُرَنَّ الطُّلَّابَ الَّذِيْنَ تَرَكُوْا التَّعْلِيْمَ بِإِفْلَاسٍ .

(۳) ایک شاطر بدمعاش کے علاوہ تمام ڈاکو پکڑے گئے۔

(٣) . قُبِضَ عَلٰى جَمِيْعِ الْقُطَّاعِ خَلَا الْخَلِيْعِ الْمَاكِرِ .

(۴) میں صبح کو ندی کے کنارے ٹہلتا ہوں تاکہ نرم خرام ہوا کھاؤں۔

(٤) . اَتَفَرَّجُ صَبَاحًا عَلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ كَيْ أَنْشَطَ بِشَمِّ الْهَوَاءِ الْعَلِيْلِ .

(۵) خلوص اور ہمدردی سے دوستی پائدار ہوتی ہے۔

(٥) . اَلصَّدَاقَةُ تَدُوْمُ بِالْإِخْلَاصِ وَالْمُوَاسَاةِ .

(۶) تم کتنے سال سے اس شہر میں رہتے ہو؟

(٦) . مُنْذُ كَمْ عَامٍ تَسْكُنُ فِيْ هٰذَا الْبَلَدِ ؟

(۷)کیا تم باطل پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہو؟

(٧).أَفَبِالْبَاطِلِ تُؤمِنُوْنَ وَ بِنِعْمَةِ اللهِ تَكْفُرُوْنَ .

(۸)اس زمانے میں مشینوں کی مدد سے کاشت کاری کے بڑے بڑے کام مختصر وقت میں انجام دیے جاتے ہیں۔

(٨).تُقَامُ بِأَعْمَالٍ عَظِيْمَةٍ هَامَّةٍ زَرَاعِيَّةٍ فِيْ الْعَصْرِ الرَّاهِنِ بِمُدَّةٍ قَلِيْلَةٍ بِالْمَاكِيْنَاتِ .

(۹)عید الفطر سے پہلے بازاروں میں سخت بھیڑ ہوتی ہے۔

(٩).يَكْثُرُ الزِّحَامُ قَبْلَ عِيْدِ الْفِطْرِ فِي الأَسْوَاقِ .

(۱۰)کیا یہ ممکن ہے کہ دنیا سے گمراہیاں اور برائیاں یکسر ختم ہو جائیں؟

(١٠).أَيُمْكِنُ أَنْ تَفْنِيَ الضَّلَالَاتُ وَالسَّيِّأَتُ مِنَ الْعَالَمِ كُلِّيًا .

(۱۱)خیر کے سوا ہر بات سے اپنی زبان کو روکو۔

(١١).لَاتَقُوْلُوا إِلَّا خَيْرًا.

(۱۲)کسان ایک بالشت زمین کی بنا پر آپس میں لڑ جاتے ہیں۔

(١٢).يُجَادِلُ الْفَلَّاحُوْنَ بَيْنَهُمْ عَلٰى شِبْرٍ وَاحِدٍ مِنَ الأَرْضِ .

(۱۳)آج سمندر میں ایک جہاز ڈوب گیا جو سامان سے لدا ہوا تھا۔

(١٣).اَلْيَوْمَ غَرِقَتْ سَفِيْنَةٌ فِي الْبَحْرِ الَّتِيْ كَانَتْ مَشْحَوْنَةً بِالْمَتَاعِ

(۱۴)اس زمانے میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے بغیر کوئی ملک ترقی نہیں کر سکتا۔

(١٤).لَا تَقَدّمُ دَوْلَةٌ فِيْ هٰذَاالْعَصْرِ بِغَيْرِ عِلْمِ الطَّبِيْعَةِ وَالتِكْنُولُوْجِيَا .

(۱۵)ہر انسان پر لازم ہے کہ اس کے گھر میں مہمانوں کے ٹھہرنے کے لیے ایک خاص کمرہ ہو۔

(١٥).يَجِبُ عَلٰى كُلِّ إِنْسَانٍ أَنْ يَكُوْنَ فِيْ بَيْتِهٖ غُرْفَةٌ خَاصَّةٌ بِالضُّيُوْفِ .

اَلتَّمرِيْنُ(۹۷)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)اُطْلُبُوا الْعِلْمَ فِيْ خَبَايَا الأَرْضِ .[رواه الطبرانی]

(۱)۔زمین کی پوشیدہ چیزوں میں رزق تلاش کرو۔

(٢)أَصْلِحُوا دُنْيَاكُمْ ،وَاعْمَلُوا لِآخِرَتِكُمْ،كَأَنَّكُمْ تَمُوْتُوْنَ غَدًا. [رواه الديلمی عن أنس]

(۲)۔اپنی دنیا کو درست کرو،اپنی آخرت کے لیے عمل کرو گویا کہ تم کل مرنے والے ہو۔

(٣)اَلأَكْبَرُ مِنَ الإِخْوَةِ بِمَنْزِلَةِ الأَبِ .[رواه البيهقی]

(۳)۔بڑا بھائی باپ کے درجہ میں ہوتا ہے۔

(٤)حَقُّ كَبِيْرِ الإِخْوَةِ عَلَى صَغِيْرِكُمْ كَحَقِّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ .[رواه البيهقی]

(۴)۔بڑے بھائی کا حق چھوٹے بھائیوں پر ایسے ہی ہے جیسا کہ باپ کا حق اس کے بیٹے پر ہے۔

(٥)اَلدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ،وَاللهُ يُحِبُّ إِغَاثَةَ اللَّهْفَانِ.[رواه ابن أبی الدنيا]

(۵)۔بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا اسے کرنے والے کی طرح ہے۔اور اللہ تعالی رنجیدہ انسان کی پکار کو پسند فرماتا ہے۔

(٦)ذَاقَ طَعَمَ الإِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللهِ رَبًّا،وَ بِالإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا .[رواه الترمذی]

(۶)۔جو شخص اللہ تعالیٰ کے رب ہونے،اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہو گیا تو اس نے ایمان کا مزہ چکھ لیا۔

(٧)اَلزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيْحُ الْقَلْبَ ،وَالبَدنَ،وَالرَّغْبَةُ فِيْهَا تَكْثُرُ الْهَمَّ وَالْحُزْنَ وَالبطالَةُ تُقَسِّي الْقَلْبَ .[رواه القضاعی عن ابن عمر]

(۷)۔دنیا سے بے رغبتی دل اور بدن کو آرام دیتی ہے،اس میں رغبت رنج و غم کو زیادہ کرتی ہے اور بے کاری دل کو سخت بنا دیتی ہے۔

(٨)اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ،وَمَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ ،وَمَجْلَاةٌ لِلْبَصَرِ .[رواہ الطبرانی]

(۸)۔مسواک منھ کی پاکی، رب کی خوشنودی اور نگاہ کی تیزی ہے۔

(٩)صَاحِبُ الدِّيْنِ مَغْلُوْلٌ فِيْ قَبْرِهٖ،لَا يَفُكُّهٗ إِلَّا قَضَاءُ دَيْنِهٖ .[رواہ الدیلمی]

(۹)۔قرض دار اپنی قبر میں بندھا ہوا ہے اسے قرض کا ادا ہونا ہی کھول سکتا ہے۔

(١٠)صِلْ مَنْ قَطَعَكَ ،وَأَحْسِنْ إِلىٰ مَنْ أَسَاءَ إِلَيْكَ ،وَقُلِ الْحَقَّ وَلَو عَلىٰ نَفْسِكَ .[رواہ ابن النجار]

(۱۰)۔اس سے تعلق جوڑ جو تجھ سے قطع تعلق کرے،اس سے اچھا سلوک کر جو تیرے ساتھ برائی کرے اور حق بات کہ اگرچہ وہ تیرے خلاف ہو۔

(١١)طلبُ الْعلم فَر يضةٌ عَلىٰ كُلِّ مسلم،وَإِنَّ طالِبَ العلم يستغفرُ لهٗ كُلُّ شَيْءٍ،حَتيَّ الْحِيتانُ فِي الْبحْرِ .[رواہ ابن عبد البر]

(۱۱)۔علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور طالب علم کے لیے ہر چیز بخشش طلب کرتی ہے یہاں تک کہ مچھلیاں سمندر میں بخشش طلب کرتی ہیں۔

(١٢)إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ عن أهلِهَا حرَّ القبور،وَإِنَّمَا يَسْتَظِلُّ الْمُؤْمِنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ ظِلِّ صَدقتِهٖ .[رواہ الطبرانی]

(۱۲)۔بے شک صدقہ صدقہ کرنے والے کی طرف سے قبروں کی تپش کو بجھاتا ہے اور بے شک مومن قیامت کے دن اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوگا۔

(١٣)رُبَّ عَابِدٍ جاهل،وَرُبَّ عَالِمٍ فَاجِرٌ،فَاحذَرُوا الْجُهَّالَ مِنَ الْعُبَّادِ ،وَالْفُجَّارَ مِنَ الْعُلَمَاءِ [رواہ الدیلمی عن أبی أمامه]

(۱۳)۔بہت سے عبادت گزار جاہل ہیں، بہت سے عالم فاسق ہیں، تو جاہل عابدوں اور فاسق عالموں سے بچو۔

(١٤)رُبَّ حامل فقهٍ غيرُ فَقيهٍ،وَمَنْ لَمْ يَنْفَعهٗ عِلْمهٗ ضَرَّهٗ جَهْلُهٗ ،اِقْرَأِ الْقُرْآنَ مَانَهَاكَ ،فإِنْ لَمْ ينهكَ فَلَسْتَ تَقْرَؤهٗ .[رواہ الطبرانی]

(۱۴)۔بہت سے فقہ کو اٹھانے والے غیر فقیہ ہوتے ہیں اور جس کو اس کا علم نفع نہ دے اسے اس کا جہل نقصان دے گا۔قرآن سے وہ پڑھ جو تجھے (برائی سے) روکے اور اگر وہ تجھے نہ روکے تو اسے پڑھنے والا نہیں ہے۔

(١٥)اَلْحمدُ عَلیَ النِّعْمَةِ أَمَانٌ لِزَوالِهَا .[رواه الديلمی]

(۱۵)۔نعمت پر حمد و تعریف اس کے ختم ہونے کے وقت امان ہے۔

(١٦)كلمتانِ خفيفتانِ على اللسانِ،ثقيلتانِ فی الميزانِ،حبيبتانِ إلى الرحمنِ ،سبحانَ اللهِ وَبِحمدِهٖ ،سُبحانَ اللهِ الْعَظِيْم،[رواه الشيخان]

(۱۶)۔زبان پر دو ہلکے کلمے ،میزان پر بھاری ہیں ،اللہ کے نزدیک پیارے ہیں اور وہ ''سُبحانَ اللهِ وبحمده .سبحانَ اللهِ الْعَظِيْمِ''ہیں۔

(١٧)عُذِّبَتْ امْرأةٌ فِيْ هِرَّةٍ سَجَنَتْ،سَجَنَتْهَا حَتّیٰ مَاتَتْ فَدخلتْ فِي النَّارِ .[رواه البخاری]

(۱۷)۔ایک عورت کو ایسی بلی کے تعلق سے عذاب دیا گیا جس نے اسے قید کر دیا یہاں تک کہ بلی مرگئی تو وہ عورت جہنم میں داخل کی گئی۔

(١٨)اَلصَّدَقةُ على وجهِهَا واصطناعُ الْمعروفِ،وَبِرُّ الْوَالدين وَصِلَةُ الرَّحْمِ تحوّلُ الشَّقَاءَ سَعَادةً وتزيدُ فِي الْعُمر وَتقی مصارع السُّوْء.[رواه أبو نعيم]

(۱۸)۔صدقہ کی راہ میں صدقہ کرنا،نیکی کرنا،والدین کے ساتھ بھلائی کرنا اور صلہ رحمی کرنا،بد بختی کو نیک بختی میں بدل دیتا ہے،عمر میں اضافہ کرتا ہے اور بری موت سے بچاتا ہے۔

(١٩)الرَّاحمونَ يَرْحَمُهُمْ الرَّحْمنُ ،قَالَ تبارك وتعالى:ارحَمُوا مَن فِي الأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ .[رواه الإمام أحمد]

(۱۹)۔رحم کرنے والوں پر اللہ تعالی رحم فرماتا ہے۔اور اللہ تعالی نے فرمایا:''تم زمین والوں پر رحم کرو اللہ تعالی تم پر رحم کرے گا۔

اَلتَّمْرِیْنُ(۹۸)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

[الف] اَلأدَبُ زِ یْنَةٌ فِي الْغنی،کَنْزٌ عِنْدَ الْحَاجَةِ،عَوْنٌ علی الْمُرُوْءَةِ، صَاحِبٌ فِي الْمَجْلِسِ .مُؤنِسٌ فِي الْو حدةِ،تَعْمُرُ بهِ الْقُلُوْبُ الْوَاهِیَةُ،وَتَحْیٰ بِهِ الأَلْبابُ الْمَیْتَةُ ،وَتَنْفُذُ به الأَبْصارُ الكليلةُ ،وَ یُدْرِكُ بِهِ الطَّالِبُوْنَ مَا يُحَاوِلُوْنَ .[النحوا الواضح ،للثانو ية،ج:۲،ص:۵۰]

(۱)۔ادب مالداری کی زینت ،ضرورت کے وقت خزانہ ،بھائی چارگی پر مدد مجلس کا ساتھی،تنہائی میں غم خوار ہے،اس کے ذریعہ شگافتہ دلوں کی تعمیر ہوتی ہے،اس سے مردہ عقلیں زندہ ہوتی ہیں،کمزور نگاہیں روشن ہوتی ہیں،اور اس کے ذریعہ طلب کرنے والے وہ پا لیتے ہیں جس کا وہ ارادہ کرتے ہیں۔

[ب] خَرَجْتُ مَعَ طَائِفَةٍ مِنَ الأَصْدِقَاءِ لِزِ یَارَةِ دَارِ الآثَارِ الْعَرَ بِیَّةِ ،فَمَشَیْنَا إِلَیْهَا وَقَدْ تَخَلَّفَ اِثْنَانِ مِنَّا أَرَادَا أَنْ یَزُوْرَا مَعْهَدًا آخرَ فَقَابَلَنَا رِجالُ الدَّارِ وَشَرحُوا لَنَا كَثيرًا مِنَ الآثَارِ الْعَجِیْبَةِ وَرَأَیْنَا النَّاسَ یَتَأَمَّلُوْنَ صَنَاعَةَ أَجْدَادِهِمْ وكَأَنَّهَا تُنَادِیْهِمْ أَنِ اعْمَلُوا كَمَا عَمِلُوا تَصِلُوا إِلیَ مَا وَصَلُوا .[النحو الواضح ،للابتدائية ،ج:۳،ص:۳۷]

(ب)۔میں دوستوں کی ایک جماعت کے ساتھ عربی میوزیم دیکھنے کے لیے گیا ،ہم اس کی طرف گیے،ہم میں سے دو شخص دوسرے ادارہ کو دیکھنے کا ارادہ کرتے ہوئے پیچھے رہ گیے تو ہم نے میوزیم والوں سے ملاقات کی،انہوں نے ہمیں بہت سی عجیب وغریب پرانی یادگاروں کے بارے میں بتایا،ہم نے لوگوں کو ان کے آباء واجداد کی کاریگری کے بارے میں غور وفکر کرتے ہوئے دیکھا گویا کہ وہ ان سے کہہ رہی ہیں کہ تم بھی ایسا کرو جیسا کہ انہوں نے کیا تم بھی ایسے ہی (تعلق) جوڑو جیسا کہ انہوں نے جوڑا۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۹۹)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)أَيُذُوْبُ الْحَدِيدُ فِي النَّارِ ؟

(ا)۔کیا لوہا آگ میں پگھل جاتا ہے؟

(٢)أَسْتَمَرَّ التَّيَّارُ الكَهْرَبائِيُّ أَمِ انْقَطَعَ ؟

(۲)۔کیا الیکٹرانک کرنٹ لگا تار رہا یا ختم ہو گیا؟

(٣)أَكَانَ أَبُو الطَّيِّبِ الْمُتَنَبِّيْ شَاعِرًا حَكِيْمًا ؟

(۳)۔کیا ابو طیب متنبی عقلمند شاعر تھا؟

(٤)أَرَاكِبًا جِئْتَ أَمْ مَاشِيًا ؟

(۴)۔تو سوار ہو کر آیا یا پیدل؟

(٥)أَمَعَ الأُسْرَةِ تَأْكُلُ أَمْ وَحْدَكَ؟

(۵)۔تو خاندان کے ساتھ کھاتا ہے یا تنہا؟

(٦)هَلْ وَصَلَ الصَّارُوخُ إِلَى الْقَمَرِ؟

(۶)۔کیا راکٹ چاند تک پہنچ گیا؟

(٧)أَشَعِيْرًا زَرَعْتَ أَمْ قُمْحًا ؟

(۷)۔تو نے جو کی کاشتکاری کی یا گیہوں کی؟

(٨)أَيَوْمَ الْجُمُعَةِ يَسْتَرِيْحُ الأَعْمَالِ أَمْ يَوْمَ الأَحَدِ؟

(۸)۔جمعہ کے دن مزدور آرام کرتے ہیں یا اتوار کے دن؟

(٩) هَلْ رَأَيْتَ الْحَرِيْقَ الَّذِيْ شَبَّ فِي الْمَدِيْنَةِ ؟

(۹)۔کیا تو نے اس آگ کو دیکھا جو شہر میں لگ گئی؟

(١٠) أَأَنْتَ الّذِيْ أَنْقَذْتَ الْغَرِيْقَ أَمْ نَجِيْبٌ؟

(۱۰)۔کیا تو نے ڈوبنے والے کو بچایا ہے یا نجیب نے؟

(١١)أَطَنِيْنُ أَجنِحَةِ الذُّبَابِ يَضِيْرُ؟

(۱۱)۔کیا مکھیوں کے پروں کی بھنبھناہٹ تکلیف دیتی ہے؟

(١٢)أَأَنْتَ مِمَّنْ يُقَصِّرُوْنَ فِيْ وَاجِبِهِمْ؟

(۱۲)۔کیا تو ان لوگوں میں سے ہے جو اپنی ڈیوٹی میں کوتاہی کرتے ہیں؟

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۰)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ .[الفرقان:٤٥]

(۱)۔اے محبوب کیا تم نے اپنے رب کو نہ دیکھا کہ کیسا پھیلایا سایہ۔

(٢)اَلَمْ يَأنِ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا أَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ [الحديد:١٦]

(۲)۔کیا ایمان والوں کو ابھی وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں۔

(٣)اَصَلٰوتُكَ تَأْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَآءُنَا.[هود:٨٧]

(۳)۔(کفار بولے)اے شعیب!کیا تمھاری نماز تمہیں یہ حکم دیتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادا کے خداؤں کو چھوڑدیں۔

(٤)اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ.[البقره:٦١]

(۴)۔کیا ادنی چیز کو بہتر کے بدلے مانگتے ہو۔

(٥)هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٌ .[الصف:١٠]

(۵)۔کیا میں بتادوں وہ تجارت جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے۔

(٦)فَهَلْ لَنَا مِنْ شُفَعَاءَ فَيَشْفَعُوا لَنَا .[الاعراف:٥٣]

(۶)۔تو ہیں کوئی ہمارے سفارشی جو ہماری شفاعت کریں۔

(٧)اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَآوٰي وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى .[الضحى:٦،٧).

(۷)۔کیا اس نے تمہیں یتیم نہ بنایا پھر جگہ دی۔اور تمہیں اپنی محبت میں وارفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی۔

(٨)هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ .[الزمر:٩]

(۸)۔کیا جاننے والے اور انجان برابر ہیں۔

(۹)قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمىٰ وَالْبَصِيْرُ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ .[الرعد:١٦]

(۹)۔تم فرماؤ: کیا برابر ہوجائیں گے اندھا اور انکھیارا، یا کیا برابر ہوجائیں گی اندھیریاں اور اجالا۔

(١٠)هَلْ مِنْ أَحدٍ يمشى على الماءِ إلّا ابتلت قدماه،كذالك صاحب الدُّنيا لا يَسلمُ مِنَ الذّنُوْبِ .[رواه البيهقى عن أنس]

(۱۰)۔کوئی ایسا شخص ہے جو پانی پر چلے اور اس کے قدم تر نہ ہوں، اسی طرح دنیادار گناہوں سے محفوظ نہیں رہتا ہے۔

(١١)هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ إلَّا بِضُعَفَائِكُمْ .[رواه سعد بن أبي وقاص]

(۱۱)۔تمھاری مدد نہیں کی جاتی اور نہ تمہیں رزق دیا جاتا ہے مگر تمھارے کمزوروں ہی کے ذریعہ۔

(١٢)أَمَا يَخْشىٰ أَحَدُكُمْ .إذَا رَفَعَ رَأسَهٗ قَبْلَ الإمَامِ ..أَنْ يَجْعَلَ اللهُ رَأسَهٗ رَأسَ حِمَارٍ،أَوْيَجْعَلَ صورتهٗ صورة حِمارٍ.[رواه الشيخان]

(۱۲)۔خبر دار میں تم پر اس بات کا خوف کرتا ہوں کہ جب اپنا سر امام سے پہلے اٹھائے تو کہیں اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کا سر یا اس کی صورت گدھے کی صورت نہ بنادے۔

(١٣)سَمعتُ رسولَ اللهِ ﷺ يقول:أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ ؟كُلُّ ضَعيفٍ متَضَعِّفٍ،لَو أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهٗ .أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍّ مُسْتَكْبِرٍ .[رواه الشيخان عن حارثه بن وهب]

(۱۳)۔میں نے رسول پاک ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: خبر دار! کیا میں تمہیں جنتی لوگوں کی خبر نہ دیدوں، ہر کمزور ناتواں شخص (جنتی ہے)، اگر وہ اللہ کی بارگاہ میں کسی چیز کی قسم کھالے تو اللہ تعالی اسے ضرور پوری کرے گا۔ خبردار کیا میں تمہیں جہنمیوں کی خبر نہ دیدوں؟ ہر اکھڑ مزاج، اکڑ کر چلنے والا اور تکبر کرنے والا (جہنمی ہے)۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۱)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) کیا خالد کا بھائی ہائی کورٹ میں وکیل ہے؟

(١) .أَأَخُ خَالِدٍ مُحَامِيٌّ فِي الْمَحْكَمَةِ الْعَالِيَةِ.

(۲) نہیں، بلکہ سپریم کورٹ کا جج ہے۔

(٢) .لَا ،بَلْ هُوَ قَاضٍ فِيْ الْمَحْكَمَةِ الْعُلْيَا.

(۳) کیا تم نے کولکاتا کا عجائب گھر دیکھا؟

(٣) .هَلْ رَأَيْتَ مُتْحَفَ كُوْلْكَاتَا ؟

(۴) نہیں، بلکہ میں نے وہاں کا چڑیا گھر دیکھا۔

(٤) . لَا: بَلْ رَأَيْتُ حَدِيْقَةَ الْحَيْوَانَاتِ فِيْ كوْلكَاتَا.

(۵) کیا شکاری نے آج ندی میں جال ڈالا؟

(٥) .أَرَمىَ الصَّيَّادُ الشَّبَكَةَ فِي النَّهْرِ اَلْيَوْمَ ؟

(۶) نہیں، بلکہ وہ آج بیمار ہے۔

(٦) .لَا ،بَلْ هُوَ مَرِيْضٌ اَلْيَوْمَ.

(۷) کیا یہ تمھاری پھوپھی کا بیٹا ہے یا وہ؟

(٧) .أَهٰذَا اِبْنُ عَمَّتِكَ أَمْ ذٰلِكَ ؟

(۸) ہاں: یہ میری پھوپھی کا بیٹا ہے اور وہ میرے ماموں کا۔

(٨) .نَعَمْ: هٰذَا اِبْنُ عَمَّتِيْ وَذٰلِكَ اِبْنُ خَالِيْ.

(۹) کیا یہ لوگ کسی سیاسی پارٹی کے نمائندے ہیں؟

(٩) .أَهٰؤُلَاءِ النَّاسُ مُمَثِّلُوْنَ مِنْ حِزْبٍ سِيَاسِيٍّ ؟

(۱۰) نہیں، بلکہ یہ محکمہ آب پاشی کے ملازم ہیں۔

(١٠) .لَا ،بَلْ هُمْ مُوَظَّفُوْنَ مِنْ مَصْلَحَةِ الرَّيِّ.

(۱۱) کیا کل پسنجر ٹرین سے تم بارہ بنکی جاؤ گے؟

(۱۱) أَتَذْهَبُ إِلىٰ بَارہ بنكيْ بِقِطَارِ الرُّكَّابِ غَدًا؟
(۱۲)نہیں، بلکہ میں دس بجے ایکسپریس ٹرین سے وہاں جاؤں گا۔
(۱۲). لَا،بَلْ أَذْهَبُ هُنَاكَ بِالْقِطَارِ السَّرِيْعِ عَلَى السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ صَبَاحًا.

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۲)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)لِمَاذَا يُسَافِرُ الطُّلَّابُ إِلىٰ الْبِلَادِ الأَجْنَبِيَّةِ ؟
(۱)۔طلبہ دیگر ممالک کا سفر کیوں کرتے ہیں؟
(۲)إِلىٰ مَتىٰ تَظَلُّ تِلْمِيْذًا بِالْمَدَارِسِ الابْتِدَائِيَّةِ ؟
(۲)۔کب تک تو پرائمری اسکولوں کا طالب علم رہے گا؟
(۳)أَيَّانَ تُسَافِرُ إِلىٰ عَاصِمَةِ أَلْمَانِيَا؟
(۳)۔جرمنی کی راجدھانی کا سفر تو کب کرے گا؟
(٤)إِلىٰ مَتىٰ تَبْقَى الْمَصَابِيْحُ مُوْقَدَةً؟
(۴)۔چراغ کب تک روشن رہیں گے؟
(٥)مِنْ أَيْنَ اِشْتَرَيْتَ هٰذِهِ الْبَقَرَةَ السَّوْدَاءَ ؟
(۵)۔تونے یہ کالی گائے کہاں سے خریدی؟
(٦)مَنِ الَّذِيْ كَتَبَ إِلَيْكَ رِسَالَةً مِنْ مَدِيْنَةِ وَاشنطن ؟
(۶)۔کون ہے وہ شخص جس نے تجھے واشنگٹن شہر سے خط لکھا؟
(۷)حَتّٰى مَتىٰ أُكَابِدُ تِلْكَ الْمَصَائِبَ؟
(۷)۔کب تک میں ان مصیبتوں کو جھیلوں گا؟
(۸)مَتىٰ يَفْتَحُ وَلِيْدٌ مَغْسَلَتَهٗ ؟
(۸)۔ولید اپنا واش اسٹینڈ کب کھولے گا؟
(۹)مَنْ يَتَولّىٰ التَّوْجِيْهَ وَالْمُرَاقَبَةَ فِي الْمَغْسَلَةِ ؟

(۹)۔واش اشٹنڈ میں رہنمائی اور حفاظت کا ذمہ داری کون لے گا؟

(۱۰)لِمَاذَا سَلَّمَ رَبُّ الْعَائِلَةِ الْحَلْوَيَاتِ إِلٰى رَبَّةِ الْمَنْزِلِ؟

(۱۰)۔فیملی والے نے مٹھائیاں گھروالی کو کیوں سونپ دیں؟

(۱۱)أَيْنَ يَقَعُ صَالُوْنُ الْحَلَاقَةِ فِيْ مَدِيْنَةِ أعظم جراه؟

(۱۱)۔اعظم گڑھ شہر میں بال کٹنگ کی دکان کہاں ہے؟

(۱۲)مَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا اللهُ.[آل عمران:۱۳۵]

(۱۲)۔اللہ کے سوا کون گناہ بخشے؟

(۱۳)مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ إِلَّا بِإِذْنِهٖ[البقرہ:۲۵۵]

(۱۳)۔اور کون ہے جو اس کی بارگاہ میں بغیر اس کے حکم کے سفارش کرے؟

(۱٤)مَاهِيَ وَظِيْفَةُ الْمَعَارِضِ الدُّوَلِيَّةِ فِيْ هٰذِهِ الأَيَّامِ؟

(۱۴)۔ان دنوں بین الاقوامی نمائشوں کی کام کیا ہے؟

(۱۵)مَاهِيَ الشَّرِكَاتُ الَّتِيْ تَصْنَعُ هَوَاتِفَ جَوَّالَة؟

(۱۵)۔وہ کمپنیاں کون سی ہیں جو موبائل بناتی ہیں؟

(۱٦)لِمَاذَا تَخْتَلِفُ أَسْعَارُ الْهَوَاتِفِ الْجَوَّالَةِ؟

(۱۶)۔موبائلوں کی قیمتیں مختلف کیوں ہوتی ہیں؟

(۱۷)كَمْ ثَمَنُ الْجَهَازِ الْمُتَوَسِّطِ ؟

(۱۷)۔درمیانی مشین کی قیمت کتنی ہے؟

(۱۸)وقِيْلَ لرسول الله ﷺ :أَيُّ الْعملِ أَفْضلُ ؟قَالَ:إِيْمَانٌ بِاللهِ ورسوله،قيلَ؛ثُمَّ مَاذَا؟قَالَ:اَلْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللهِ ،قِيْلَ ؛ثُمَّ مَاذَا ؟قَالَ:حَجٌّ مَبْرُوْرٌ .[رواه البخاری]

(۱۸)۔رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ افضل عمل کون سا ہے؟فرمایا:اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔عرض کیا گیا پھر کون سا؟فرمایا:اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔عرض کیا گیا پھر کون سا؟فرمایا:حج مقبول۔

(١٩)قُلتُ:یارسول اللهِ ﷺ أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ أَفْضَلُ ؟قَالَ مَنْ سَلِمَ النَّاسُ مِنْ لِسَانِهٖ وَ يَدِهٖ[رواه الشيخان عن أبي موسى]

(۱۹)۔میں نے عرض کیایارسول اللہ ﷺ سب سے افضل مسلمان کون ہے؟فرمایا:جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ رہیں۔

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ .كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللهِ اَنْ تَقُوْلُوا مَالَا تَفْعَلُوْنَ .[الصف:٢،٣]

(۲۰)۔اے ایمان والو کیوں کہتے ہو وہ جو نہیں کرتے ۔کتنی سخت ناپسند بات ہے اللہ کو وہ بات کہ وہ کہو جو نہ کرو۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۳)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)آپ ناشتے میں کیا کھاتے ہو؟

(١).مَاذَا تَأْكُلُ فِي الْفُطُوْرِ؟

(۲)تم نے یہ بالٹی کہاں سے خریدی؟

(٢).مِنْ أَين اِشْتَرَيْتَ هٰذَاالدَّلْوَ؟

(۳)تم نے یہ نئی بنیان کہاں سے خریدی؟

(٣) .مِنْ أَيْنَ اِشْتَرَيْتَ هٰذَاالْفُسْتَانَ الْجَدِيْدَ.

(۴)اس دکان پر نئی بیڈ شیٹ کتنے میں ملتی ہے؟

(٤).بِكَمْ رُوْبِيَةٍ تُبَاعُ مُلَاءَةٌ جَدِيْدَةٌ فِيْ هٰذَا الدُّكَّانِ .

(۵)اس حجام نے کنگھی،قینچی اور الیکٹرک شیونگ مشین کب خریدی؟

(٥).مَتيٰ اِشْتَرىٰ هٰذَاالْحَلَّاقُ الْمُشْطَ وَالْمِقْرَاضَ وَمَاكِيْنَةَ الْحَلَّاقَةِ الْكَهْرَبَائِيَّةِ؟

(۶)تم نے یہ شناختی کارڈ کہاں سے حاصل کیا؟

(٦).مِنْ أَيْنَ أَخَذْتَ هٰذِهِ الْبِطَاقَةَ الْهُوِيَّةَ .

(۷)اس لائبریری میں شعبۂ اخبار ورسائل کہاں ہے؟

(٧).أَيْنَ قِسْمُ الْجَرَائِدِ وَالْمَجلَّاتِ فِيْ هٰذِهِ الْمَكْتَبَةِ؟

(۸)تونے نوکیا کمپنی کا موبائل فون کتنے روپے میں خریدا؟

(٨).بِكَمْ رُوْبِيَةٍ اِشْتَرَيْتَ الْجَوَّالَ لِشَرِكَةِ نَوْكِيا؟

(۹)یہ لوگ جوق در جوق کہاں جارہے ہیں؟

(٩).أَيْنَ يَذْهَبُ هٰؤُلَاءِ النَّاسُ اَفْوَاجًا؟

(۱۰)اس سڑک پر کتنے چوراہے اور ٹریفک سگنل ہیں؟

(١٠).كَمْ مُلْتَقَى الطُّرُقِ وَاِشَارَةُ الْمُرُوْرِ عَلٰى هٰذَاالشَّارِعِ.

(۱۱)جناب!آپ کہاں سے بول رہے ہیں؟

(١١).يَا حَضْرَةُ! مِنْ أَيْنَ تَتَكَلَّمُ؟

(۱۲)آئندہ سال پارلیمانی انتخابات کس مہینے میں ہوں گے؟

(١٢).فِي أَيِّ شَهْرٍ مِنْ شُهُوْرِ الْعَامِ الْقَابِلِ تَعْقُدُ الإِنْتِخَابَاتُ الْبَرْلِيْمَانِيَّةُ؟

(۱۳)فاطمہ نے فیشن ڈیزائننگ کتنے دنوں میں سیکھی؟

(١٣).بِكَمْ مُدَّةٍ تَعَلَّمَتْ فَاطِمَةُ تَصْمِيْمَ الأَزْيَاءِ.

(۱۴)عمدہ منصوبہ بندی کب ناکام ہوجاتی ہے؟

(١٤).مَتىٰ يَفْشَلُ التَخْطِيْطُ الْجَيِّدُ؟

(۱۵)تم نے یہ شوروم کب کھولا؟

(١٥).مَتىٰ فَتَحْتَ هٰذَاالْمَعْرِضَ؟

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۴)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

[الف]

(١)سَافَرْتَ إِلَى الطَّائِفِ يَامُحَمَّدُ؟نَعَمْ:سَافَرْتُ إِلَيْهَا فِي الصَّيْفِ الْمَاضِيْ مَعَ وَالِدِيْ .

(اَلف)

(ا)۔اے محمد! تونے طائف کا سفر کیا؟ ہاں: گزشتہ گرمی کے موسم میں اپنے والد کے ساتھ میں نے وہاں کا سفر کیا۔

(٢)أَتُعْجِبُكَ الطَّائِفُ يَامُحَمَّدُ؟نَعَمْ: تُعْجِبُنِيْ فَهِيَ مَصِيْفٌ جَمِيْلٌ ،هَوَاؤُهُ عَلِيْلٌ ،وَمَاؤُهُ عَذْبٌ زُلَالٌ .

(۲)۔اے محمد! کیا تجھے طائف اچھا لگتا ہے؟ ہاں: مجھے اچھا لگتا ہے وہ گرمی گزارنے کا ایک خوب صورت مقام ہے۔،اس کی ہوا نرم خرام ہے،اور اس کا پانی پاک شیریں ہے۔

(٣)أَتَرْفُضُ السَّفَرَ مَعِيْ إِذَا قَصَدتُّهَا ؟لَا فَمَا أَجْمَلَ صُحْبَتَكَ .

(۳)۔جب میں سفر کا ارادہ کروں تو کیا تو میرے ساتھ سفر کرنے سے انکار کرے گا؟ نہیں، آپ کی صحبت کیا ہی اچھی ہے۔

(٤)أَبِالطَّائِرَةِ تُسَافِرُ أَمْ بِالسَّيَّارَةِ ؟بِالسَّيَّارَةِ يَا صَدِيقِيْ،فَالطَّرِيْقُ الْمُوْصِلُ إِلَى الطَّائِفِ مَرْصُوْفٌ .

(۴)۔تو ہوائی جہاز سے سفر کرے گا یا موٹر کار سے ؟ اے میرے دوست! گاڑی سے سفر کروں گا،کیوں کہ طائف کو پہچانے والا راستہ پختہ و مضبوط ہے۔

(٥)أَصَبَاحًا نُسَافِرُ أَمْ مَسَاءً ؟صَبَاحًا حَيْثُ تَكُوْنُ لَدَيْنَا فسحةٌ مِنَ الْوَقْتِ نُعِدُّ فِيْهَا وَسَائِلَ الرَّاحَةِ لِأَنْفُسِنَا.

(۵)۔ہم صبح کو سفر کریں گے یا شام کو؟ ہم صبح کو سفر کریں گے تاکہ ہمارے پاس وقت کی اتنی گنجائش باقی رہے کہ ہم اس میں اپنے لیے آرام کے وسائل تیار کرلیں۔

(٦) أَمَا زُرْتَ غَيرَ الطَّائِفِ ؟ بَلْ زُرْتُ "أَبْهَا".

(٦)۔ کیا تونے طائف کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا؟ (ایسا نہیں) بلکہ میں نے "ابہا" بھی دیکھا۔

(٧) أَلَمْ تَزُرْ غَيْرَ هٰذَيْنِ المِصِيْفَيْنِ ؟ نَعَمْ لَمْ أَزُرْ غَيْرَهُمَا .

[قواعد اللغة العربية ،للصف الثالث المتوسط، ص: ٨٠]

(۷)۔ کیا تونے ان دونوں ٹھنڈے مقامات کے علاوہ کچھ نہیں دیکھا؟ ہاں: میں نے ان دونوں کے علاوہ نہیں دیکھا۔

[ب]

زَارَ خَلِيْفَةٌ مِنْ بَنِيْ الْعَبَّاسِ يَوْمًا وَزِيْرَهُ فِيْ دَارِهِ ،وَكَانَ لِلْوَزِيْرِ وَلَدٌ نَجِيْبٌ ،فَلَمَّا جَلَسَ الْخَلِيْفَةُ أَجْلَسَ الصَّبِيَّ إِلىٰ جَانِبِهِ وَسَأَلَهُ: أَدَارُ الْخَلِيْفَةِ أَحْسَنُ أَمْ دَارُ أَبِيْكَ؟ فَأَجَابَ الصَّبِيُّ عَلَى الْفَوْرِ: مَتىٰ كَانَ الْخَلِيْفَةُ فِيْ دَارِ أَبِيْ فَدَارُ أَبِي أَحْسَنُ ،ثُمَّ أَرَاهُ خَاتَمًا ثَمِيْنًا فِيْ خِنْصِرِهِ وَسَأَلَهُ :هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا مِنْ هٰذَا الْخَاتَمِ؟ فَقَالَ الصَّبِيُّ :نَعَمْ: اَلْيَدُ الَّتِي هُوَ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنْهُ ،فَدَهِشَ الْخَلِيْفَةُ مِنْ حُسْنِ جَوَابِهِ ،وَقَالَ لَهُ: أَتُحِبُّ أَنْ تَكُوْنَ خَلِيْفَةً بَعْدِيْ ؟ فَقَالَ الصَّبِيُّ :اِبْنُ الْخَلِيْفَةِ أَوْلىٰ مِنِّيْ فَهُوَ صَاحِبُ الْحَقِّ فِي الْخَلَافَةِ .

(ب)

بنی عباس کے ایک خلیفہ نے ایک دن اپنے وزیر کے گھر کا دورہ کیا، وزیر کا ایک ذہین لڑکا تھا ،جب خلیفہ بیٹھا تواس نے بچہ کواپنی بغل میں بٹھایا اور اس سے پوچھا: کیا خلیفہ کا گھر زیادہ اچھا ہے یا تیرے باپ کا گھر؟ تو بچے نے فورًا جواب دیا جب تک خلیفہ میرے باپ کے گھر میں ہیں تو میرے باپ کا گھر زیادہ اچھا ہے۔ پھر اپنی چھوٹی انگلی میں اسے ایک قیمتی انگوٹھی دکھائی اور اس سے پوچھا: کیا تونے اس انگوٹھی سے کوئی اچھی چیز دیکھی ہے؟ تو بچہ نے جواب دیا: ہاں: وہ ہاتھ جس میں یہ انگوٹھی ہے وہ اس سے بہتر ہے۔ پھر خلیفہ اس کے عمدہ جواب سے حیران ہو گیا اور اس سے کہا کہ کیا تم میرے بعد خلیفہ ہونا پسند کروگے؟ تو بچہ نے جواب دیا: کہ خلیفہ کا بیٹا مجھ سے افضل ہے تو وہ خلافت کا مستحق ہے۔

اَلتَّمْرِیْنُ(۱۰۵)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)نَزَلَ حَاجٌّ فُنْدُقًا مِنْ فَنَادِقِ جِدَّةَ،وَلَمَّا وَقَفَ أَمَامَ مُدِيْرِ الْفُنْدُقِ سَأَلَهُ:

(ا)۔ایک حاجی جدہ کے ہوٹل میں ٹھہرا اور جب ہوٹل کے مینیجر کے سامنے کھڑا ہوا تو اس (مینیجر)نے پوچھا:

مَنْ أَنْت؟ فَأَجَاب: أَنَا فُلَانٌ.

آپ کون ہیں؟ اس نے جواب دیا: میں فلاں ہوں۔

وَمِنْ أَيْنَ أَتَيْت؟ فَأَجَاب: مِنَ الْقَاهِرَةِ.

آپ کہاں سے آئے ہیں؟ اس نے جواب دیا: قاہرہ سے۔

كَيْفَ وَصَلْتَ إِلَى جِدَّةَ؟ فَأَجَاب: بِالطَّائِرَةِ السَّعُودِيَّةِ.

آپ جدہ کیسے پہنچے؟ اس نے جواب دیا: سعودی جہاز سے۔

مَتىٰ وَصَلْتَ؟ فَأَجَاب: ظُهْرَ الْيَوْمِ

آپ جدہ کب پہنچے؟ اس نے جواب دیا: آج ظہر کے وقت

أَيَّ شَخْصٍ تَعْرِفُ فِيْ جِدَّةَ؟ فَأَجَاب: لَا أَعْرِفُ أَحَدًا.

جدہ میں آپ کسی شخص کو جانتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: میں کسی کو نہیں جانتا ہوں۔

مَا مَعَكَ مِنَ النُّقُوْدِ؟ فَأَجَاب: رِيَالَاتٌ سَعُودِيَّةٌ.

آپ کے پاس کتنے پیسے ہیں؟ اس نے جواب دیا: کچھ سعودی ریال ہیں۔

كَمْ رِيَالًا مَعَكَ؟ فَأَجَاب: أَلْفُ رِيَالٍ.

آپ کے پاس کتنے ریال ہیں؟ اس نے جواب دیا: ایک ہزار ریال ہیں

مِنْ أَيْنَ لَكَ هٰذِهِ الرِّيَالَاتُ؟ فَأَجَاب: بِالتَّحْوِيْلِ عَنْ طَرِيْقِ الْمَصْرِفِ

آپ کے پاس یہ ریال کہاں سے آئے ہیں؟ اس نے جواب دیا: بینک سے وی پی کے ذریعہ۔

لِمَاذَا أَتَيْتَ إِلَى الْمَمْلَكَةِ؟ فَأَجَاب: لِأَدَاءِ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ.

آپ اس ملک میں کیوں آئے ہیں؟ اس نے جواب دیا: فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے۔

أَيّانَ تُغَادِرُ الْفُنْدُقَ؟ فَأَجَابَ بَعدَيَوْمَيْنِ .

آپ ہوٹل کب چھوڑیں گے؟ اس نے جواب دیا: دو دن بعد۔

تَوَجَّهَ الْحَاجُّ بَعْدَ ذٰلِكَ إِلیٰ غُرْفَةِ النَّوْمِ وَوَجَدَ الرَّاحَةَ الَّتِيْ يَنْشُدُهَا ،وَاَقَامَ يَوْمَيْنِ ثُمَّ ذَهَبَ إِلیٰ مَكَّةَ سَائِلًا اللهَ الْعَفوَ وَالْمَغْفِرَةَ .

[المصدر السابق،ص:۸۸]

اس کے بعد حاجی سونے کے کمرے میں گیا اور اس آرام کو پایا جسے وہ تلاش کر رہا تھا اور دو دن ٹھہرا، پھر اللہ تعالیٰ سے معافی اور بخشش کا سوالی بن کر مکہ شریف گیا۔

(۲)هَلْ رَأَيْتَ الْحَيْوَانَاتِ وَالطيورَوهل وقفت على خصائصها ؟لو تأملت،ودقّقتَ النظر فيها لرجعت حائرَ اللبّ ،مشدود الفكر.إنَّ أي حيوان أو طائر كاف في التدليل على قدرة الله وعظمته.

(۲)۔کیا آپ نے جانوروں اور پرندوں کو دیکھا ہے؟ اور کیا آپ ان کے کمالات سے آگاہ ہوئے ہیں؟ اگر آپ غور کریں اور ان میں باریک نظر سے دیکھیں تو آپ کی عقل حیران رہ جائے گی اور فکر بندھ جائے گی کہ کوئی سا بھی جانور یا پرندہ ہو اللہ تعالیٰ کی قدرت وعظمت پر دلیل وثبوت کے لیے کافی ہے۔

انظر .يَاأخيْ .إلىٰ هذه الْحيوانات ،ثُمّ. أَجِبْنِيْ :كَمْ نوعٍ هِي،وكم لونٍ لها،لا شك أنّك ستقف حائرًا أمَام كثرتها وتنوّع أشكالهَا وألوانها.

ثُمَّ انظر إلَى العناكب،أتعرف كم رِجلًا لها؟وكم يدًا تنتقل بها؟وكم حيلة تحتال بها على اصطياد الفريسة .

فسبحان من خلق ونوّع ليدلَّ على قدرته و يُقيم الدليل على باهر عظمته .[المصدر السابق،ص:۲۷۲،۲۷۳]

اے میرے بھائی! تو ان جانوروں کو دیکھ ، پھر مجھے جواب دے، کتنی قسم کے ہیں، اور ان کے کتنے رنگ ہیں؟ بلا شبہ آپ ان کی کثرت ان کی نوع بہ نوع شکلوں اور رنگوں کے سامنے حیران ہو کر ٹھہر جائیں گے۔

پھر تو مکڑیوں کو دیکھ ،کیا تو جانتا ہے کہ اس کے کتنے پیر ہیں ،اور کتنے ہاتھ ہیں جن سے یہ چلتی ہے ،اور کتنے حیلے ہیں جن کے ذریعہ یہ شکار کرنے پر چالیں چلتی ہے۔

تو تمام حمد و ثنا ہے اس ذات کے لیے جس نے پیدا کیا اور نوع بنوع کیا، تاکہ اس کی قدرت پر دلیل ہو اور اس کی خیرہ کن عظمت پر دلیل قائم ہو جائے۔

اَلتَّمْرِیْنُ(۱۰۶)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)إِذْ مَا تُسَلِّحْ أَوْلَادَكَ بِالْعِلْمِ يَأْمَنُوا حَوَادِثَ الأَيَّامِ .

(۱)۔جب تمھاری اولاد علم سے لیس ہوگی تو وہ زمانہ کی مصیبتوں سے محفوظ و مامون ہو جائے گی۔

(۲)مَنْ يُرِدِ التَّوْبَةَ فَبَابُ اللهِ مَفْتُوْحٌ .

(۲)۔جو شخص توبہ کا ارادہ کرے تو اللہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

(۳)مَنْ يَلْتَزِمْ بِقَوَانِيْنِ الْمُرُوْرِ فَسَيَأْمَنُ الْمَكْرُوْهَ.

(۳)۔جو (روڈ پر) گزرنے کے قوانین پر عمل پیرا ہوگا تو وہ حادثہ سے محفوظ رہے گا۔

(٤)أَيُّ سَائِقٍ يَجْتَازُ الإِشَارَةَ الْحَمْرَاءَ فَسَيَدْفَعُ الْغَرَامَةَ.

(۴)۔جو بھی ڈرائیور ریڈ سگنل کو پار کرے گا تو وہ جرمانہ دے گا۔

(٥)أَيَّ نَفْعٍ تَنْفَعِ النَّاسَ يَحْمَدُوْكَ عَلَيْهِ .

(۵)۔جو بھی نفع تم لوگوں کو پہنچاؤ گے وہ اس پر تمھاری تعریف کریں گے۔

(٦)مَاتَفْعَلْ مِنْ خَيْرٍ تَنَلْ جَزَاءَهٗ .

(۶)۔جو بھلائی تو کرے گا اس کا بدلہ پائے گا۔

(٧)إِنْ تُتْقِنِ الْعَمَلَ تَبْلُغِ الأَمَلَ .

(۷)۔اگر تو کام کو مضبوط کرے گا تو امید کو پہنچ جائے گا۔

(٨)مَنْ يَّزْرَعْ شَوْكًا يَحْصُدْ شَوْكًا .

(۸)۔جو کانٹا بوتا ہے تو کانٹا ہی کاٹتا ہے۔

(٩)مَنْ يَقْتَصِدْ فِيْ مَالِهِ يَأمَنِ الْفَاقَةَ .

(۹)۔جو اپنے مال میں میانہ روی اختیار کرے گا تو وہ فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

(١٠)وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ .[آل عمران:٨٥]

(۱۰)اور جو اسلام کے علاوہ کوئی دین طلب کرے گا تو اس کی جانب سے ہر گز قبول نہ کیا جائے گا۔

(١١)مَنْ يَعْمَلْ سُوْءًا يُّجْزَ بِهٖ .[النساء:١٢٣]

(۱۱)۔جو برائی کرے گا تو اس کا بدلہ پائے گا۔

(١٢)مَنْ أَشَارَ عَلٰى أَخِيْهِ بِأَمْرٍ يعلمُ أَنَّ الرشد في غيره ،فَقَد خَانَهٗ .[أخرجه أبو داؤد]

(۱۲)۔جس نے اپنے بھائی کو کسی کام میں مشورہ دیا جبکہ وہ جانتا ہے کہ بھلائی اس کے علاوہ میں ہے تو اس نے (اس کے ساتھ) خیانت کی۔

(١٣)مَاكَرِهْتَ أن يَراه النّاسُ منك،فلا تفعلْه بنفسِكَ إِذَا خَلَوتَ .[رواه ابن حبان عن أسامه]

(۱۳)۔جس عمل کو لوگوں کی جلوت میں ناپسند سمجھتے ہو اسے خلوت میں بھی نہ کرو۔

(١٤)مَنْ أَخرَجَ أَذًي مِنَ الْمَسْجِدِ ،بنى الله له بيتًا في الْجَنَّةِ .

(۱۴)۔جس نے مسجد سے کوئی تکلیف دہ چیز نکال دی تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنائے گا۔

(١٥)مَنْ وَسَّعَ على عِيَالِهِ فِيْ يوْمِ عاشوراءَ،وَسَّعَ اللهُ عليه في سَنَتِهِ كُلِّهَا .[رواه البيهقي عن أبي سعيد]

(۱۵)۔جس نے عاشورا کے دن اپنے گھر والوں پر کشادگی کی تو اللہ تعالیٰ اس پر پوری سال کے لیے کشادگی کر دے گا۔

(١٦)مَنْ يَّكُنْ في حَاجة أَخيه يكنِ الله في حاجَتِهٖ .[رواه ابن أبي الدنيا]

(۱۶)۔ جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت (پوری کرنے) میں لگا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت میں لگ جائے گا۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۰۷)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱) اگر آپ نے کسی بیرونی ملک کا سفر کیا تو آپ کی معلومات میں اضافہ ہوگا۔

(١). إِنْ تُسَافِرْ إِلٰى دَوْلَةٍ اَجنَبِيَّةٍ تَزْدَدْ فِيْ مَعْلُوْمَاتِكَ .

(۲) جو اپنے دوست کا راز فاش کردے وہ امانت دار نہیں۔

(٢). مَنْ يُفْشِ سِرَّ صَدِيقِهٖ فَلَا يُسَمىّٰ بِأَمِيْنٍ.

(۳) جو بڑوں کی نصیحت پر عمل نہیں کرتا، وہ نقصان اٹھاتا ہے۔

(٣). مَنْ لَا يَعْمَلْ عَلٰى نَصَائِحِ الأَكَابِرِ يَخْسَرْ .

(۴) اگر گھر کا دروازہ بند ہو تو باہر سے دستک دو۔

(٤). إِنْ غُلِّقَ بَابُ الْبَيْتِ اُطْرُقِ الْبَابَ مِنَ الْخَارِجِ.

(۵) جب گرمی کا موسم آئے گا تو مالدار شملہ کا سفر کریں گے۔

(٥). مَتىٰ يَأْتِ فَصْلُ الصَّيْفِ يُسَافِرِ الأَغْنِيَاءُ إِلٰى شِمْلَةَ .

(۶) اگر تم نے وعدہ خلافی کی تو اس سے پہلے بھی کر چکے ہو۔

(٦). إِنْ تُخْلِفِ الْوَعْدَ فَقَدْ اَخْلَفْتَ مِنْ قَبْلُ .

(۷) تم جہاں بھی جاؤ قدرت کی کاریگری دیکھو گے۔

(٧). أَيْنَمَا تَذْهَبْ، تَنْظُرْ صِنَاعَةَ اللهِ.

(۸) جو اپنی عزت خود نہیں کرتا دوسرے لوگ بھی اس کی عزت نہیں کرتے۔

(٨). مَنْ لَا يُكْرِمْ نَفْسَهٗ لَا يُكْرِمْهُ النَّاسُ أَيْضًا.

(۹) جو سفر کرے گا اس کے تجربات زیادہ ہو جائیں گے۔

(٩). مَنْ يُسَافِرْ تَكْثُرْ تَجَارِبُهٗ .

(۱۰)جو جھوٹ بولتا ہے اس کی روزی گھٹتی ہے۔

(۱۰).مَنْ يَكْذِبْ يَنْقُصْ رِزْقُهُ.

(۱۱)جب تم لکھنؤ جاؤ گے تو میں تم سے فون سے رابطہ کروں گا۔

(۱۱).مَتىٰ تَذْهَبْ إِلىٰ لَكْنَاؤ،أَتَّصِلْ بِكَ تَيْلْفُوْنِيًّا .

(۱۲)جو بیج زمین میں ڈالو گے وہی اُگے گا۔

(۱۲).مَا تَزْرَعْ فِي الأَرْضِ تَحْصُدْ .

(۱۳)تو جب بھی مسجد جائے دنیا کی باتوں سے پرہیز کر۔

(۱۳).إِذْمَا تَذْهَبْ إِلَى الْمَسْجِدِ إِيَّاكَ عَنْ اَحَادِيْثِ الدُّنْيَا .

(۱۴)جو زمانہ طالب علمی میں محنت کرتا ہے فارغ ہونے کے بعد عزّت پاتا ہے۔

(۱٤).مَنْ يَجْتَهِدْ أَيَّامَ دِرَاسَتِهٖ يُكْرَمْ بَعْدَ التَّخَرُّجِ .

(۱۵)جیسا معاملہ تم اپنے دوستوں کے ساتھ کرو گے ویسا ہی معاملہ وہ تمھارے ساتھ کریں گے۔

(۱۵).مَا تُعَامِلْ مِنْ مُعَامَلَةٍ مَعَ أَصْدِقَائِكَ يُعَامِلُوْنَ بِمِثْلِهَا .

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۸)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)نَصَحَ أَحَدُ الْحُكَمَاءِ أَبْنَاءَهُ وَقَدْ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ ،فَقَالَ:أَيْ بَنِيَّ !عَلَيْكُمْ بِالإِتِّحَادِ وَالْمَحَبَّةِ ،فَإِنَّكُمْ إِنْ تَتَّخِذُوا تَقْوَ شَوْكَتُكُمْ.وَيَخْشَ الْعَدُوُّ بَأسَكُمْ وَتَمَسَّكُوا بِطَاعَةِ اللهِ وَتَعَاوَنُوا عَلىٰ فِعْلِ الْخَيْرِ ،فَمَنْ يَتَّقِ اللهَ يَجْعَلْ لَهٗ مَخْرَجًا وَ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبْ،وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللهُ ،وَإِيَّاكُمْ وَالرِّيَاءَ فَصَاحِبُهٗ .....وَإِنْ طَالَ الزَّمَنُ ..يَفْشُ أَمْرُهٗ.

وَمَهْمَا تَكُنْ عِنْدَ امْرِئٍ مِّنْ خَلِيْقَةٍ
وَإِنْ خَالَهَا تَخْفىٰ عَلَى النَّاسِ تُعْلَمُ .

وَلْتَكُنِ الأَخْلَاقُ الْكَرِيْمَةُ حِلْيَتَكُمْ فَصَاحِبُ الأَخْلَاقِ الْحَمِيْدَةِ أَيْنَمَا يَكُنْ يَجِدِ الرِّزقَ مُيَسَّرًا .

أَيْ بَنِيَّ ! إِنَّكُمْ مَتىٰ تَسْتَمْسِكُوا بِتِلْكَ الْفَضَائِلِ تَسْعَدُوا فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ .[قواعد اللغة العربية ،للصف الثالث المتوسط،ص:٥٦]

(۱)۔ایک دانشور نے انتقال کے وقت اپنے لڑکوں کو نصیحت کی ،تو اس نے کہا:اے میرے بیٹو!تم اتحادو محبت سے رہنا کیوں کہ اگر تم ایسا کروگے تو تمھاری طاقت وقوت مضبوط ہوجائے گی ،دشمن تمھاری طاقت سے ڈرے گا،اللہ تعالیٰ کی اطاعت کو مضبوطی سے تھام لو، بھلائی کے کاموں پر ایک دوسرے کی مدد کرو،توجو اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے راستہ بنادے گا اس کو وہاں سے رزق عطا فرمائے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو اور جو بھلائی تم کروگے اللہ تعالیٰ اسے جانتا ہے۔اور دکھاوے سے بچو، ریا کار کا معاملہ فاش ہوجاتا ہے اگر چہ دیر سے سہی۔

انسان کی جو بھی عادتیں ہیں وہ لوگوں پر ظاہر جاتی ہیں،اگر چہ وہ لوگوں پر مخفی ہونے کا خیال کرے۔

اچھے اخلاق تمھارا زیور ہونا چاہیے ،تو عمدہ اخلاق والا جہاں ہوگا رزق آسان طریقے سے پائے گا۔

اے میرے بیٹو!جب تم ان بلند اخلاق پر عمل پیرا ہوگے تو دنیاوآخرت میں نیک بخت ہوگے۔

(۲)إِذَا نَجَحْتَ فِي الإِمْتِحَانِ فَاحْمَدِ اللهَ ،وَإِنْ رَسَبْتَ فَاصْبِرْ وَوَاصِلْ دِرَاسَتَكَ ،وَإِنْ صَبَرْتَ فَإِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ ،وَمَنْ لَمْ يَصْبِرْ فَلَيْسَ بِمُؤْمِنٍ حَقًّا .

(۲)۔جب تو امتحان میں کامیاب ہوجائے تو اللہ کی حمد بیان کر،اور اگر فیل ہوجائے تو صبر کر اور اپنی تعلیم جاری رکھ اور اگر تو صبر کرے گا تو بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے اور جو صبر نہ کرے تو وہ سچا مومن نہیں ہے۔

(۳)مَنْ اجْتَهَدَ فِيْ دِرَاسَتِهٖ فَسَوْفَ يَفْرَحُ بِنَجَاحِهٖ ،وَمَنْ أَهْمَلَ فِيْهَا فَسَيَنْدَمُ .وَمَنْ غَابَ عَنِ الْفَصْلِ فَلَن يَّنَالَ اِعْجَابَ الأُسْتَاذِ.

(۳)۔جس نے اپنی تعلیم میں محنت کی توعنقریب وہ اپنی کامیابی سے خوش ہوگا اور جس نے اس میں لاپرواہی برتی توعنقریب شرمندہ ہوگا،اور جو درس گاہ سے غائب ہوا تو وہ ہرگز استاد کی خوشی نہ پائے گا۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۰۹)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)إِذَا جَاءَ قَضَاءُ اللهِ فَلَا رَادَّ لَهٗ .

(۱)۔جب موت آئے گی تو اسے کوئی لوٹا نہیں سکتا ہے۔

(۲)لَمَّا نَزَلَ الْمَطَرُ ضَحِكَتِ الأَرْضُ .

(۲)۔جب بارش ہوئی توزمین ہنس(یعنی لہلہا)پڑی۔

(۳)لَوْ اِحْتَمَي الْمَرِيْضُ لَسَلِمَ .

(۳)۔اگر مریض پرہیز کرتا تو ٹھیک ہوجاتا۔

(٤)لَوْ اَكْثَرْتَ الْعِتَابَ لَنَفَرَ مِنْكَ الأَصْحَابُ .

(۴)۔اگر تو ملامت زیادہ کرے گا تو دوست تجھ سے نفرت کریں گے۔

(٥)لَمَّا أَطَلَّ الرَّبِيْعُ اِبْتَسَمَتِ الطَّبِيْعَةُ .

(۵)۔جب موسم بہار قریب ہوا تو طبیعت کھل اٹھی۔

(٦)لَوْمَا ثَوَابُ الْعَامِلِيْنَ لَفَتَرَتِ الْهِمَمُ .

(۶)۔اگر مزدوروں کا بدلہ نہ ہوتا تو ہمتیں سست پڑجاتیں۔

(٧)لَوْلَا الطَّبِيْبُ لَسَاءَتْ حَالُ الْمَرِيْضِ .

(۷)۔اگر ڈاکٹر نہ ہوتا تو مریض کی حالت بری ہوجاتی۔

(٨)لَوْمَا الْمَدَارِسُ لَازْدَحَمَتِ السُّجُوْنُ .

(۸)۔اگر مدارس نہ ہوتے توقید خانے بھر جاتے۔

(٩)كُلَّمَا كَثُرَتْ خُزَّانُ الأَسْرَارِ زَادَتْ ضِيَاعًا .

(۹)۔جب جب رازوں کے امانت دار زیادہ ہوئے توانہوں نے نقصان زیادہ کیا۔

(١٠)لَوْلَا الْعِلْمُ مَا تَقَدَّمَ الْعُمْرَانُ وَلَوْلَا التَّجَارِبُ لَمْ يَسْتَفِدْ إِنْسَانٌ.

(۱۰)۔اگر علم نہ ہوتا توآبادی ترقی نہ کرتی اور اگر تجارت نہ ہوتی تو کوئی انسان فائدہ حاصل نہ کرتا۔

(١١)لَمَّا ظَفِرَ الْمَأْمُوْنُ بِإِبْرَاهِيْمَ الْمَهْدِي اِسْتَشَارَ فِيْهِ وَزِيْرَهُ ،فَقَالَ الْوَزِيْرُ :يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ إِنْ قَتَلْتَهُ فَلَكَ نُظَرَاءُ وَإِنْ عَفَوْتَ عَنْهُ فَمَا لَكَ مِنْ نَظِيْرٍ .

(۱۱)۔جب مامون نے ابراہیم مہدی پر فتح پائی تو اس نے اس بارے میں اپنے وزیر سے مشورہ کیا،تووزیر نے کہا:اے امیر المونین !اگر آپ اسے قتل کردیں توآپ کے کچھ اور ہم رتبہ ہیں،اور اگر اسے معاف کردیں توآپ کا کوئی ہم رتبہ نہیں ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۱۰)

آیات کریمہ کااردو ترجمہ۔

(١)وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ[آل عمران:١٥٩]

(۱)۔اور اگر تند مزاج سخت دل ہوتے تووہ ضرور تمھاری گرد سے پریشان ہوجاتے۔

(٢)اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ[القلم:١٥]

(۲)۔جب اس پر ہماری آیتیں پڑھی جائیں،کہتا ہے اگلوں کی کہانیاں ہیں۔

(٣)اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿۱﴾وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ﴿۲﴾وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ﴿۳﴾ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ﴿۴﴾[القلم:١.٤]

(۳)۔جب زمین تھر تھرادی جائے جیسا کہ اس کا تھر تھرانا ٹھہرا ہے۔اور زمین اپنے بوجھ باہر پھینک دے۔اور آدمی کہے اسے کیا ہوا اس دن وہ اپنی خبریں بتائے گی۔

(٤)لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ [الحجرات:٧]

(۴)۔بہت معاملوں میں اگر یہ تمھاری خوشی کریں توتم ضرور مشقت میں پڑو۔
(٥)وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ [الحجرات:٥]
(۵)۔اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ان کے پاس تشریف لاتے تو یہ ان کے لیے بہتر تھا۔
(٦)اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ[البقرہ:١٣١]
(٦)۔جبکہ اس سے اس کے رب نے فرمایا گردن رکھ عرض کی میں نے گردن رکھی اس کے لیے جو رب ہے سارے جہان کا۔
(٧)اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ [البقرہ:١٠٠]
(۷)۔اور کیا جب کبھی کوئی عہد کرتے ہیں ان میں ایک فریق اسے پھینک دیتا ہے بلکہ ان میں زیادہ تر کو ایمان نہیں۔
(٨)فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا[الأعراف:١٨٩]
(٨)۔پھر جب بوجھل پڑی دونوں نے اپنے رب اللہ سے دعا کی۔
(٩)لَوْلَاۤ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ[سبا:٣١]
(۹)۔اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان لے آتے۔
(١٠)وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ [النحل:٥٨]
(۱۰)۔اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی ہونے کی خوش خبری دی جاتی ہے تو دن بھر اس کا منھ کالا رہتا ہے۔
(١١يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ [البقرہ:٢٨٢]
(۱۱)۔اے ایمان والوں جب تم ایک مقرر مدت تک کسی دین کا لین دین کرو تو اسے لکھ لو۔

(۱۲)۔وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ [البقرۃ:آیت ۵۰]

(۱۲)۔اور جب سامنے آئے جالوت اور اس کے لشکروں کے،عرض کی اے رب ہمارے ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے پاؤں جمے رکھ کافر لوگوں پر ہماری مدد کر۔

(۱۳)اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللهِ وَذَرُو الْبَیْعَ [آل عمران:یوسف]

(۱۳)۔جب نماز کی اذان ہو جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔

(۱٤)فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا [یوسف:٩٦]

(۱۴)۔پھر جب خوشی سنانے والا آیا اس نے وہ کرتا یعقوب کے منہ پر ڈالا اسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں۔

(١٥)وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ کَانَ یَـُٔوْسًا[الاسراء:۸۳]

(۱۵)۔اور جب اسے برائی پہنچے تو ناامید ہو جاتا ہے۔

(١٦)فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ فَاذْکُرُوا اللهَ[البقرہ:٢٠٠]

(۱۶)۔پھر جب اپنے حج کے کام پورے کر چکو تو اللہ کا ذکر کرو۔

(١٧)فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا کَفَرُوْا بِهٖ [البقرہ:٨٩]

(۱۷)۔تو جب تشریف لایا ان کے پاس جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے۔

(١٨)وَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا[النساء:٨٦]

(۱۸)۔اور جب تمہیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ جواب میں کہو یا وہی کہہ دو۔

اَلتَّمْرِیْنُ(۱۱۱)

احادیث اور آثار کا اردو ترجمہ۔

(١)إِذَا آتَاكَ اللهُ مَالًا فلیُرَا أثرُ نِعمة الله علیكَ وَ كَرَامتِهٖ .

[رواہ الحاکم عن والد أبی الأحوص]

(۱)۔ جب تجھے اللہ تعالیٰ مال عطا کرے تو تجھ پر اللہ کی نعمت اور اس کی سخاوت کا اثر دیکھا جانا چاہیے۔

(۲)إِذَا أرادَ الله بِعبدٍ خيرًا فقَّه فی الدِّيْنِ ،وزَّهَّدَه فِي الدُّنْيَا ، وَبصَّرَه عيوبَهُ .[رواہ البیھقی عن أنس]

(۲)۔ جب اللہ تعالیٰ کسی بندہ سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے اور اسے دنیا سے بے رغبتی عطا کرتا ہے اور اس کے عیوب اسے دکھا دیتا ہے۔

(۳)إِذَا أردتَّ أَنْ تَذْكُرَ عُيُوْبَ صاحِبِكَ،فاذْكُرْ عُيُوْبَ نَفْسِكَ.

[رواہ الرافعی]

(۳)۔ جب تو اپنے دوست کے عیوب بیان کرنا چاہے تو خود کے عیوب یاد کر لے۔

(٤)إِذَا أَقَلَّ الرَّجُلُ الطعمَ،مُلِئَ جوفُه نُوْرا [رواہ الدیلمی عن أبی ھریرہ]

(۴)۔ جب آدمی کھانا کم کردے گا تو اس کا شکم نور سے بھر جائے گا۔

(٥) إِذَا تَثَاءَبَ أحدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ على فيه .ولَا يَعْوِي. فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْهُ .[رواہ ابن ماجه عن أبی ھریرۃ]

(۵)۔ جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو اپنا ہاتھ منھ پر رکھ لے۔ اور آواز بلند نہ کرے کیوں کہ شیطان اس (آواز) سے ہنستا ہے۔

(٦)إِذَا دَخَلَ الضَّيْفُ على القومِ دخلَ برزقهِ ،وَإِذَا خرجَ خرجَ بمغفرة ذُنوبِهِمْ [رواہ الدیلمی]

(۶)۔ جب مہمان کسی قوم میں آتا ہے تو اپنا رزق لے کر آتا ہے اور جب واپس جاتا ہے تو ان کے گناہوں کی بخشش لے کر واپس جاتا ہے۔

(٧)إِذَا دَخَلَ أحدُكُمْ الْمسجدَ فَلْيَرْكَع رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَجْلِسَ .[رواہ الجماعة.

(۷)۔ جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو دو رکعتیں بیٹھنے سے پہلے ادا کرے۔

(٨)إِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ ،وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ،فَأَنْتَ مُؤمِنٌ .[روه الضياء عن أبي أمامة]

(٨)۔جب تیری نیکی تجھے خوش کرے اور تیری برائی تجھے غمگین تو تو(سچا)مومن ہے۔

(٩)إِذَا شَرِبْتُمُ الماءَ فَاشْرَبُوهُ مَصًّا ،وَلَا تَشربُوهُ عَبًّا،فَإِنَّ الْعَبَّ يُوْرِثُ الْكُبَادَ .[رواه الديلمى]

(٩)۔جب تم پانی پیو تو اسے چوس کر پیو اور بغیر سانس لیے بڑے بڑے گھونٹ نہ پیو،اس لیے کہ بغیر سانس لیے غٹ غٹ پینا جگر کی بیماری پیدا کرتا ہے۔

(١٠)لَو أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَنزلًا قَالَ"أعوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خلق "لَمْ يَضُرَّهُ فِيْ ذٰلِكَ الْمَنْزِلِ شَيْءٌ حَتيّٰ يرتحل منه.[رواه ابن ماجه عن خوله بنت حكيم]

(١٠)۔جب تم میں سے کوئی کسی مکان میں ٹھہرے تو کہے "اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ التَّامَةِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ" (میں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعہ ہر پیدا کی ہوئی بری چیز سے پناہ مانگتا ہوں)تو اسے اس گھر میں کوئی چیز نقصان نہیں دے گی یہاں تک کہ وہ کوچ کر جائے۔

(١١)لَوْ يَعْلَمُ الْمَارُّ بَيْنَ يَدَي الْمُصَلِّيْ مَاذَا عَلَيْهِ ،لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْ بَعِيْنَ خَيْرًا لَّهٗ مِنْ أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ[رواه البخارى ومسلم]

(١١)۔اگر نمازی کے آگے سے گزرنے والا جانتا کہ اس کے اوپر کیا(گناہ)ہے تو اس کے لیے اس کے سامنے گزرنے سے چالیس(سال)بیٹھے رہنا بہتر ہوتا۔

(١٢)لَمَّا عَرَجَ بِيْ رَبِّيْ مررتُ بقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ،يَخْمُشُوْنَ وُجوهَهُمْ و.صدورهُم .فَقُلْتُ :مَنْ هؤلاءِ يَا جبريل ؟قَالَ:هؤلاءِالَّذِينَ يَأكلون لحوم النَّاسِ،وَ يَقَعون فِيْ أعراضهم.[رواه أبو داؤد]

(١٢)۔جب مجھے میرا رب اوپر لے گیا تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا جن کے ناخن تانبے کے تھے،وہ اپنے سینوں کو نوچ رہے تھے،تو میں نے کہا:اے جبرئیل(علیہ السلام)یہ کون

لوگ ہیں۔؟انہوں نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزت و ناموس کو پامال کرتے تھے۔

(١٣)إذَا خَلقَ اللهُ تبارك وتعالىٰ جَنَّة عدنٍ خَلقَ فِيهَا ما لا عينٌ رَأَتْ ولا أذْنٌ سَمعَتْ ولا خطرَ على قَلْبِ بَشرٍ .[رواه الطبراني عن أبن عباس]

(١٣)۔جب اللہ تعالیٰ نے جنت عدن کو پیدا فرمایا تو اس میں ایسی نعمتیں پیدا فرمائیں جنھیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا، اور نہ کسی انسان کے دل پر ان کا خیال گزرا۔

(١٤)لمَّا ألْقِيَ إِبْرَاهيمُ فِي النَّارِ قَالَ: حسبي الله ونعم الوكيلُ فما احترق منه إلّا موضعُ الكِتَافِ .[رواه ابن عن أبي هريره]

(١٤)۔جب حضرت ابرہیم کو آگ میں ڈالا گیا تو انہوں نے کہا" حسبيَ الله ونعمَ الْوَكِيْلُ " (مجھے اللہ کافی ہے اور کیا ہی اچھا نگہبان ہے)تو ان کی (رسی کی) مشکیں کسنے کی جگہ ہی جلی۔

اَلتَّمْرِيْنُ(١١٢)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(١)اگر بجلی نہ ہوتی تو یہ کارخانے نہ چلتے۔

(١) .لَوْلَا الْكَهْرَبَاءُ لَتَعَطَّلَتْ هٰذِهِ الْمَصَانِعُ .

(٢)اگر اسلام نہ ہوتا تو لوگ عدل وانصاف کے نام سے واقف نہ ہوتے۔

(٢) .لَوْمَا الإِسْلَامُ لَجَهِلَ النَّاسُ بِالْعَدْلِ.

(٣)جب فریدہ کی ماں کا انتقال ہوا تو وہ سات برس کی تھی۔

(٣) .لَمَّا تُوُفِيَّتْ أُمُّ فَرِيْدَةَ فَهِيَ بِنْتُ سَبْعَةِ سِنِيْنَ .

(٤)اگر یہ حکیم پیشہ ور نہ ہوتا تو اس کے ہاتھ میں شفا ہوتی۔

(٤) .لَوْمَا هٰذَاالطَّبِيْبُ مُحْتَرِفٌ لَشَفَاءَ النَّاسَ بِيَدِهٖ.

(۵)اگر عربی زبان کے قواعد نہ ہوتے تو عجمی لوگ عربی کتابیں پڑھنے میں سخت غلطی کرتے۔

(٥).لَوْلَا قَوَاعِدُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ ،لَأَخْطأَ الْعَجَمُ فِيْ قِرَاءَةِ الْكُتُبِ الْعَرَبِيَّةِ كَثِيْرًا.

(۶)جب میں نے جنگل میں خوں خوار شیر دیکھا تو میرے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

(٦)لَمَّا رَأَيْتُ الأَسَدَ الْمُفْتَرِسَ فِيْ الْغَابَةِ اِقْشَعَرَّ جِلْدِيْ

(۷)اگر جاڑا سخت ہوتا تو میں مہمانوں کے لیے کچھ لحاف اور گدّے بنواتا۔

(٧).لَوْكَانَ الْبَرْدُ شَدِيْدًا لَأَصْنَعَ اَلْحِفَةً وَحَشَايَا لِلضُّيُوْفِ.

(۸)جب میں نے چوراہے پر ٹریفک پولیس دیکھی تو اپنی گاڑی روک دی۔

(٨). لَمَّا رَأيْتُ بَوْلِيْسَ الْمُرُوْرِ عَلٰى مُلْتَقىٰ الطُّرُقِ اَوْقَفْتُ عَرَبَتِيْ

(۹)اگر انگریز ہندوستان پر حکمراں نہ ہوتے تو ہندوستان ٹکڑے ٹکڑے نہ ہوتا۔

.(٩).لَوْلَا الْحُكَّامُ الإِفْرَنْجِيُّوْنَ ،لَمَا انْقَسَمَتِ الْهِنْدُ.

(۱۰)جب میں نے جنگل میں نگاہ دوڑائی تو ہاتھیوں کے غول اور نیل گایوں کے ریوڑ دیکھے۔

(١٠).لَمَّا سَرَّحْتُ النَّظْرَ فِي الْغَابَةِ رَأَيْتُ اَسْرَابَ الأَفْيَالِ وَقُطْعَانَ الْمَهَوَاتِ.

(۱۱)جب مسلمان اللہ کے دین کی مدد کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے تو اللہ تعالی نے ان پر آسمان سے برکتیں نازل فرمائیں۔

(١١).لَمَّا اِسْتَعَدَّ الْمُسْلِمُوْنَ لِنُصْرَةِ دِيْنِ اللهِ فَأَنْزَلَ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلَيْهِمْ الْبَرَكَاتِ مِنَ السَّمَاءِ.

(۱۲)اگر گارڈ سیٹی نہ دیتا تو ٹرین حرکت نہ کرتی۔

(١٢).لَوْلَا الْحَارِسُ صَفَّرَ مَا تَحَرَّكَ الْقِطَارُ.

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۳)

آیات کریمہ کا اردو ترجمہ۔

(۱) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ اِنَّ اللهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا [النساء:٥٦]

(۱)۔ جنھوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم ان کو آگ میں داخل کریں گے جب کبھی ان کی کھالیں پک جائیں گی ہم ان کے سوا اور کھالیں انہیں بدل دیں گے کہ عذاب کا مزہ لیں بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔

(۲) اِنَّ اللهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللهُ بِهٰذَا مَثَلًا يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا [البقرہ:٢٦]

(۲)۔ بے شک اللہ اس سے حیا نہیں فرماتا کہ مثال سمجھانے کو کیسی ہی چیز کا ذکر فرمائے مچھر ہو یا اس سے بڑھ کر تو وہ جو ایمان لائے وہ تو جانتے ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق ہے رہے کافر وہ کہتے ہیں ایسی کہاوت میں اللہ کا کیا مقصود ہے اللہ بہت سے لوگوں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت فرماتا ہے۔

(۳) اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا . وَ اَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا. فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكٰوةً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا .[الكهف:٧٩،٨٠]

(۳)۔ وہ جو کشتی تھی وہ کچھ محتاجوں کی تھی کہ دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردوں اور ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا کہ ہر ثابت کشتی زبردستی چھین لیتا، اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ مسلمان تھے تو ہمیں ڈر ہوا کہ وہ ان کو سرکشی اور کفر پر چڑھاوے، تو

ہم نے چاہا کہ ان دونوں کا رب اس سے بہتر ستھرا اور اس سے زیادہ مہربانی میں قریب عطا فرمائے۔

(٤)اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَّا يَسْتَوٗنَ .اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ . وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ كُلَّمَاۤ اَرَادُوْۤا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ .[السجدہ:١٨،١٩،٢٠]

(۴)۔تو کیا جو ایمان والا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہے اور یہ برابر نہیں، جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے، ان کے لیے بسنے کے باغ ہیں ان کے کاموں کے صلہ میں مہمان داری، رہے وہ جو بے حکم ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے جب کبھی اس میں سے نکلنا چاہیں گے پھر اسی میں پھیر دیے جائیں گے اور ان سے فرمایا جائے گا چکھوں اس آگ کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔

(٥).قَالَ ادْخُلُوْا فِيْۤ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ فِي النَّارِ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا حَتّٰۤى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ.[الاعراب:٣٨]

(۵)۔جب ایک گروہ داخل ہوتا ہے دوسرے پر لعنت کرتا ہے یہاں تک کہ جب اس میں جا پڑے تو پچھلے پہلوں سے کہیں گے اے رب ہمارے انہوں نے ہم کو بہکایا تھا تو انہیں آگ کا دونا عذاب دے۔

(٦)يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ[البقرہ:٢٠]

(٦)۔بجلی یوں معلوم ہوتی ہے کہ ان کی نگاہیں اچک لے جائے گی جب کچھ چمک ہوئی اس میں چلنے لگے۔

(۷)فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ. وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ. وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ[الضحى:۹، ۱۰، ۱۱].

(۷)۔تو یتیم پر دباؤ نہ ڈالو، اور منگتا کو نہ جھڑکو اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

(۸)كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ.[المائد: ٦٤].

(۸)۔جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے۔

(۹)وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ لِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ.[الروم: ١٤.١٥.١٦]

(۹)۔اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن الگ ہو جائیں گے تو وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے، باغ کی کیاری میں ان کی خاطر داری ہوگی، اور جو کافر ہوئے اور ہماری آیتیں اور آخرت کا ملنا جھٹلایا وہ عذاب میں لائے جائیں گے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۱۴)

اردو جملوں کا اردو ترجمہ۔

(۱)جامعہ اشرفیہ میں سالانہ امتحان کے اختتام پر جب دو مہینے کی سالانہ چھٹی کا اعلان ہوا تو میں رات کو اپنے وطن کے لیے نکلا، جب اعظم گڑھ ریلوے اسٹیشن پہنچا تو معلوم ہوا کہ جس ٹرین کا میں نے ٹکٹ لیا ہے وہ دو گھنٹے لیٹ ہے، میں وقت گزاری کے لیے وٹینگ روم میں ایک کرسی پر بیٹھ گیا، میں امتحانی مصروفیات کی وجہ سے بہت تھکا ہوا تھا، کرسی پر بیٹھے بیٹھے میں سو گیا، جبھی مجھے کچھ کھٹکا محسوس ہوا، میں نے نیم باز آنکھوں سے دیکھا تو وہاں ایک اجنبی شخص نظر آیا جو ایک مسافر کا سامان چُرانے کی فکر میں تھا، لیکن وہ جب بھی اس کے سامان کے قریب گیا اس کی آنکھ کھل گئی، مگر چور دُھن کا پکا تھا وہ اس سامان کو اُڑانے کی تدبیر میں لگا رہا۔ بالآخر ایک بار جب اُس نے اُس مسافر کی جانب سے کچھ غفلت دیکھی چپکے سے سامان اٹھایا اور وٹینگ روم سے باہر کی جانب لپکا، اُس مسافر نے جب اپنے سامان کی جانب نظر ڈالی تو اسے چور کے ہاتھ میں دیکھا جو وٹینگ روم کے دروازے کے قریب پہنچ چکا تھا، اُس

نے شور مچایا تو بہت سے مسافر دوڑ پڑے اور چور کو پکڑ کر خوب پیٹا اور پولیس کے حوالے کر دیا
۔

(١). لَمَّا أُعْلِنَ التَّعْطِيْلُ السَّنَوِيُّ شَهْرَيْنِ بَعْدَ نِهَايَةِ الإِمْتِحَانِ السَّنَوِيِّ فِي الْجَامِعَةِ الأَشْرَفِيَةِ فَخَرَجْتُ اللَّيْلَ لِوَطَنِيْ ،لَمَّا وَصَلْتُ إِلىٰ مَحَطَّةِ اَعْظَمْ جَرَه ،عَلِمْتُ أَنَّ الْقَطَارَالَّذِيْ اِشْتَرَيْتُ تَذكِرَتَهُ مُتَأَخِرٌ سَاعَتَيْنِ ،جَلَسْتُ عَلىٰ كَرْسِيٍّ فِيْ غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ لِقَضَاءِ الْوَقْتِ كُنْتُ مُصَابًا بِتَعَبٍ شَدِيْدٍ بِسَبَبِ الْمَشَاغِلِ الإِمْتِحَانِيَّةِ ،نِمْتُ جَالِسًا عَلىَ الْكُرْسِيِّ إِذَا اَوْجَسْتُ فِيْ نَفْسِيْ خِيْفَةً ،نَظَرْتُ بِالْعُيُوْنِ الْمَفْتُوْحَةِ جُزْئِيًّا ، اَبْصَرْتُ هُنَاكَ رَجُلًا اَجْنَبِيًّا كَانَ يَسْعىٰ لِسَرِقِ مَتَاعِ مُسَافِرٍ لٰكِنْ كُلَّمَّا ذَهَبَ عِنْدَ مَتَاعِهِ اِسْتَيْقَظَ لٰكِنَّ السَّارِقَ صَاحِبُ عَزِيْمَةٍ رَاسِخَةٍ لَمْ يَزَلْ يَشْغُلُ فِيْ حِيْلَةِ سَرِقِ ذٰلِكَ الْمَتَاعِ ،آخِرَ الْأَمْرِ ذَاتَ مَرَّةٍ لَمَّا وَجَدَ غَفْلَةً عَنِ الْمُسَافِرِ حَمَلَ الْمَتَاعَ بِخُفْيَةٍ وَاَسْرَعَ مِنْ غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ إِلىَ الْخَارِجِ لَمَّا اَلْقىٰ ذٰلِكَ الْمُسَافِرُ النَّظَرَ عَلىٰ مَتَاعِهِ وَجَدَهُ فِي يَدِ السَّارِقِ الَّذِيْ كَانَ وَصَلَ إِلىَ بَابِ غُرْفَةِ الإِنْتِطَارِ ،أَثَارَ الضَجِيْجَ فَجَرَي كَثِيْرٌ مِنَ الْمُسَافِرِيْنَ وَضَرَبُوْهُ ضَرْبًا شَدِيْدًا بَعْدَ مَاقَبْضُوا عَلَيْهِ وَسَلَّمُوْهُ إِلىَ الْبُوْلِيْسِ.

(٢)جب تم پڑھنے اور لکھنے میں مشغول ہو تو ہر آدھے گھنٹے بعد اپنی آنکھوں کو ایک منٹ یا دو منٹ کے لیے آرام دو،اور بہتر یہ ہے کہ اپنی جگہ سے اٹھو اور تھوڑا چلو،کیوں کہ گردن ،بازو اور پنڈلیوں کو حرکت دیے بغیر دیر تک بیٹھنے سے رگوں اور پٹھوں میں سختی ،آنکھوں میں تھکن اور دورانِ خون میں خلل پیدا ہو جاتا ہے۔

(٢). وَمَهْمَا تَكُنْ مُنْهَمِكًا فِي الْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ ،يَنْبَغِيْ أَنْ تُرِيْحَ عَيْنَيْكَ دَقِيْقَةً أَوْ دَقِيْقَتَيْنِ كُلَّ نِصْفِ سَاعَةٍ وَ يُسْتَحْسَنَ أَنْ تَنْهَضَ مِنْ مَكَانِكَ وَتَسِيْرَ قَلِيْلًا ،وَذٰلِكَ لِأَنَّ الْجُلُوْسَ طَوِيْلًا مِنْ غَيْرِ تَحْرِيْكِ الرَّقْبَةِ

وَالذِّرَاعَيْنِ وَالسَّاقَيْنِ بَيْنَ حِيْنٍ وَآخَرَ ،يُؤَدِّيْ إِلىٰ تَصَلُّبِ الْعَضَلَاتِ وَ ارِهَاقِ الْعَيْنَيْنِ وَاضْطِرَابِ الدُّوْرَةِ الدَّمَوِ يَّهِ.

(۳)جب ہم پڑھنے کے لیے بیٹھیں تو ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہماری نشست کا انداز صحیح ہو، صحیح انداز یہ ہے کہ اُس وقت ہمارا جسم سیدھا رہے، ٹیڑھا نہیں۔

(۳).عِنْدَمَا نَجْلِسُ لِلْقِرَاءَةِ لَابُدَّ لَنَا أَنْ تَكُوْنَ جَلْسَتُنَا صِحِيَّةً ،وَالْجَلْسَةُ الصَّحِيَّةُ فِيْ أَثْنَاءِ الْقِرَاءَةِ هِيَ أَنْ يَكُوْنَ جِسْمُنَا مُسْتَقِيْمًا لَا مُعَوِّجًا.

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۱۵)

عربی جملوں اردو ترجمہ۔

[الف]: حِيْنَمَا أَشْرَفَ الْمُهَلَّبُ بنُ صُفْرَةَ عَلَى الْمَوْتِ دَعَا أَبْنَاءَهُ السَّبْعَةَ وَأَمَرَ بِإِحْضَارِ رِمَاحِهِمْ وَضَمَّهَا سَوِيًّا فِيْ حُزْمَةٍ وَأَحْكَمَ رَبْطَهَا ،ثُمَّ طَلَبَ مِنْ كُلِّ مِّنْهُمْ أَنْ يَكْسِرَهَا مُجْتَمِعَةً فَلَمْ يَسْتَطِيْعْ أَحَدٌ مِّنْهُمْ ذٰلِكَ .فَطَلَبَ مِّنْهُمْ أَنْ يُفَرِّقُوْهَا .ثُمَّ أَمَرَ كُلًّا مِّنْهُمْ أَنْ يَّكْسِرَ رُمْحُهُ فَكَسَرُوا الرِّمَاحَ جَمِيْعَهَابِسُهُوْلَةٍ فَقَالَ لَهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ :

اِعْلَمُوا أَنَّكُمْ يَا أَبْنَائِي مِثْلَ هٰذِهِ الرِّمَاحِ لَنْ يَّنَالَ مِنْكُمْ أَعْدَاءُوْكُمْ مَادُمْتُمْ مُجْتَمِعِيْنَ مُؤْتَلِفِيْنَ ،وَإِذَا تَفَرَّقْتُمْ ..وَالْعِيَاذُ بِاللهِ ..سَهُلَ عَلَى النَّاسِ التَّغَلُّبُ عَلَيْكُمْ .ثُمَّ أَنْشَدَ :

كُوْنُوا جَمِيْعًا يَابَنِيَّ إِذَا اِعْتَرَيْ خَطْبٌ وَلَا تَتَفَرَّقُوا آحَادَا
تَأْبَى الرِّمَاحُ إِذَا اجْتَمَعْنَ تَكَسُّرًا وَإِذَا افْتَرَقْنَ تَكَسَّرَتْ أَفْرَادًا .

(الف)

جس وقت مہلب بن ابی صفرہ موت کے قریب ہوا، اپنے ساتوں بیٹوں کو بلایا، نیزوں کو لانے کا حکم دیا، برابر کرکے ان کو ایک بنڈل میں ملایا، ان کی بندش کو مضبوط کیا، پھر ان میں سے ہر ایک سے کہا کہ وہ اکٹھا (نیزوں) کو توڑدے لیکن ان میں سے کوئی بھی نہ کرسکا

، پھران سے کہا کہ ہر ایک جدا جدا کرکے اپنا نیزہ توڑے تو انہوں نے سارے نیزوں کو (آسانی سے) توڑ دیا تو اس نے اس کے بعد ان سے کہا:

تم جان لو: اے میرے بیٹو! بے شک تم ان نیزوں کی طرح ہو جب تک تم اکٹھا ہو کر اور مل کر رہو گے تو تم پر تمھارے دشمن قابو نہیں پا سکتے ہیں اور جب تم جدا جدا ہو جاؤ گے "تو اللہ کی پناہ" پھر لوگوں کا تم پر غلبہ حاصل کرنا آسان ہو جائے گا۔

پھر (مندرجہ ذیل) اشعار پڑھے:

(۱)۔ اے میرے بیٹو تم سب ایک ہو جاؤ جب کوئی مصیبت طاری ہو اور ایک ایک کر کے جدا نہ ہو جانا۔

(۲)۔ نیزے نہیں ٹوٹے جب تک وہ یکجا تھے، اور جب جدا ہوئے تو ایک ایک کر کے ٹوٹ گیے۔

[ب]: إِنَّ طَرْدَ الْعَرَبِ مِنْ وَطَنِهِمْ "فَلسطين" واغتصابَ الْيَهودِ له لَمَأسَاةٌ تَجِلُّ عَنِ الْوَصْفِ، فَلَوْ عَلِمْتَ الْحَقِيْقَةَ لَجَزِعَتْ وَفَزِعتَ مِنْ مَطَامِعِ الْيَهُوْدِ فِيْ بِلَادِ الْعُرُوبَةِ، إِذْ لَوْ تُرِكُوا مَا وَقَفُوا عِنْدَ حُدُوْدِ فلسطين، فهم يَحلمُون بمملكةٍ تَمتدُّ مِنَ الْفُرَاتِ إِلَى النِّيْلِ وَلَوِ اتَّخَذَتْ كَلِمَةُ الْعَرَبِ فِي الْمَاضِيْ لَمْ تَحْدُثْ تِلْكَ الْمَأسَاةُ الَّتِيْ يَجِبُ مَحْوُ آثَارِهَا.

[قواعد اللغة العربية، للصف الثالث المتوسط، ص: ٦٣]

(ب)

بے شک عرب کی ان کے وطن "فلسطین" سے جلاوطنی اور اس پر یہودیوں کا قبضہ ایسی مصیبت ہے جو نا قابل بیان ہے، اگر آپ کو حقیقت کا پتہ چل جائے تو گھبرا جائیں گے اور عرب ممالک کے متعلق یہودیوں کے لالچ سے خوف زدہ ہو جائیں گے، اس لیے کہ اگر یہودیوں کو چھوڑ دیا جائے تو وہ فلسطین کی حدود ہی تک نہیں رکیں گے کیوں کہ وہ ایسی مملکت کے خواب دیکھ رہے ہیں جو نیل سے فرات تک دراز ہو، اگر ماضی میں اہل عرب متحد ہو گیے ہوتے تو یہ مصیبتیں پیدا نہیں ہوتیں جن کے آثار کو مٹانا ضروری ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۶)

(افعال ناقصہ: کان، صار، أصبح، أمسی وغیرہ کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١) ظَلَّ الْبَحْرُ مُضْطَرِبًا .

(۱)۔ سمندر دن بھر موجیں مارتا رہا۔

(٢) أَصْبَحَ الْخَائِنُ فِيْ حَيْرَةٍ .

(۲)۔ خائن صبح کے وقت حیرت میں پڑ گیا۔

(٣) ظَلَّ طُلَّابُ الْعِلْمِ قُدْوَةً .

(۳)۔ طلبائے کرام نمونہ ہو گیے۔

(٤) أَمْسىَ السَّحَابُ مُنْقَشِعًا .

(۴)۔ بادل شام میں چھٹ (صاف ہو گیا) گیا۔

(٥) لَيْسَ التَّهَوُّرُ صِفَةً مَحْمُوْدَةً .

(۵)۔ عجلت بازی پسندیدہ خوبی نہیں ہے۔

(٦) كَانَ عَلىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا .

(۶)۔ تمھارے رب کے ذمہ پر یہ ضرور ٹھہری ہوئی بات ہے۔

(٧) صَارَتْ مِصْرُ فَخْرُ الْعُرُوْبَةِ .

(۷)۔ مصر اہل عرب کا فخر ہو گیا۔

(٨) وَ أَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوْسىٰ فَارِغًا .

(۸)۔ موسی علیہ السلام کی ماں کا دل بے چین ہو گیا۔

(٩) مَازَالَتِ السَّمَاءُ مُلَبَّدَةً بِالغيوم .

(۹)۔ آسمان مسلسل ابر آلود رہا۔

(١٠) صار ابنك عالما بأمور دنياهٔ .

(۱۰)۔ تیرا بیٹا اپنی دنیا کے معاملات کو جاننے والا بن گیا۔

(١١)لَيْسَ الْمَالُ مَجْلَبَةً لِلسَّعَادَةِ دَائِمًا .

(۱۱)۔مال ہمیشہ نیک بختی لانے والا نہیں ہے۔

(١٢)بَاتَ الْمَرِيْضُ مُتَقَلِّبًا عَلٰى فِرَاشِهٖ .

(۱۲)۔مریض نے اپنے بستر پر کروٹیں بدلتے ہوئے رات گزاری۔

(١٣)باتت الطالبات يُذَاكِرْنَ باهتمام.

(۱۳)۔طالبات نے پوری توجہ کے ساتھ مطالعہ کرتے ہوئے رات گزاری۔

(١٤)ظَلَّ الطَّائِرَانِ مُحَلِّقِيْنَ فِي الْجَوِّ مُدَّةً طَوِيْلَةً .

(۱۴)۔دو پرندے فضا میں کافی دیر منڈلاتے رہے۔

(١٥)أَصْبَحَتِ الْحَرْبُ مِنْ مُقْتَضَيَاتِ السَّلَامِ .

(۱۵)۔جنگ امن وسلامتی کے تقاضوں میں سے ہوگئی۔

(١٦)مَازال أَخوك ذا فضل لمساعَدَتِهِ الْمُحْتَاجَ .

(۱۶)۔تیرا بھائی محتاج کی مدد کے ذریعہ ہمیشہ فضل وبرتری والا رہا۔

(١٧)كان للترجمة شأن عظيم في العصر الأندلسي .

(۱۷)۔اندلسی زمانے میں ترجمہ نگاری کا ایک اہم مقام ومرتبہ تھا۔

(١٨)أصبح العلم نهرًا لا تقوى على السباحة فيه .

(۱۸)۔علم ایسی نہر ہوگیا جس میں تیرنے کی تم طاقت نہیں رکھتے ہو۔

(١٩)أَصْبَحتِ الْمُخْتَرَعَاتُ الْحَدِيْثَةُ مُهِمَّةً فِيْ حَيَاتِنَا .

(۱۹)۔نئی نئی ایجادات ہماری زندگی میں اہم ہوگئیں ہیں۔

(٢٠)مَنْ بَاتَ كَالًّا مِنْ طَلبِ الْحَلَالِ بَاتَ مَغْفُوْرًا لَهٗ .

[رواه ابن عساكر]

(۲۰)۔جس نے حلال کی طلب میں تھکا ماندہ ہوکر رات گزاری تو اس نے مغفور ہوکر رات گزاری۔

اَلتَّمرِیْنُ (۱۱۷)

(کَانَ اور لَیْسَ کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ ،إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ .

(۱)۔بہت پچھاڑنے والا پہلوان نہیں ہے بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر قابو رکھے۔

(٢)لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ إِلٰى جَنْبِهٖ .

(۲)۔وہ(کامل)مومن نہیں ہے جو شکم سیر ہوئے اور اس کا پڑوسی اس کی بغل میں بھوکا ہو۔

(٣)لَيْسَ شَيْئٌ أَكْرَمَ عَلَي اللهِ مِنَ الدُّعَاءِ .

(۳)۔کوئی چیز اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ اچھی نہیں ہے۔

(٤)كَانَ رَسُوْل اللهِ ﷺ أَبْيَضَ مُشَرَّبًا بَيَاضُهٗ بِحُمْرةٍ وكانَ أَسْوَدَ الْحَدَقةِ أَهْدَبَ الأَشْفَارِ .[رواه البيهقى عن على]

(۴)۔رسول اللہ ﷺ سفید تھے جن کی سفیدی سرخی میں ملی ہوئی تھی،آنکھ کی پتلی کالی تھی اور پلکیں لمبی اور گھنی تھیں۔

(٥)كَانَ أَفْلَجَ الثنيّتَيْنِ ،إِذَا تَكَلَّمَ رُئِيَ كَالنُّوْرِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ ثَنَايَاهُ .

(۵)۔سامنے والے اوپر نیچے کے دونوں دانتوں کے درمیان کشادگی تھی جب کلام فرماتے تو آپ کے دونوں دانتوں کے درمیان نور سا نکلتا دکھائی پڑتا۔

(٦)كان كَلَامُهٗ كَلَامًا فصلًا،يفهمُهٗ كُلُّ مَنْ سَمِعَهٗ .[رواه أبوداؤد]

(۶)۔آپ کا کلام جدا جدا ہوتا تھا جس کو ہر سننے والا سمجھ لیتا تھا۔

(٧)كَانَ أَحَبَّ الأَلْوَانِ إِلَيْهِ الْخُضْرَةُ .[رواه أبونعيم عن أنس]

(۷)۔رسول اللہ ﷺ کو سب سے محبوب ہرا رنگ تھا۔

(٨)كَانَ (رسُوْلُ اللهِ ﷺ)يَنَامُ أَوَّلَ اللَّيْلِ ،ويُحْيِ آخِرَهٗ.

[رواه ابن ماجه عن عائشه]

(۸)۔رسول اللہ ﷺ رات کے شروع حصہ میں سوتے تھے اور آخری حصے میں بیدار رہتے تھے۔

(۹)لَيْسَ مِنِّيْ ذُوْ حَسَدٍ ،وَلَا نَمِيْمَةٍ،ولا كَهَانَةٍ،وَلَا أَنَا مِنْهُ.

[رواه الطبرانی عن عبد الله بن بسر]

(۹)۔حسد کرنے والا،غیبت کرنے والا اور نجومی کا پیشہ اختیار کرنے والا مجھ سے نہیں ہے اور میں ان سے نہیں ہوں۔

(۱۰)ليس شَيْئٌ أَثْقَلَ فِي الْمِيزانِ من الخلُقِ الحسن.

[رواه أحمد عن أبي الدرداء]

(۱۰)۔کوئی چیز میزان پر اچھے اخلاق سے زیادہ وزنی نہیں ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ (۱۱۸)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)فضا صاف وشفاف اور ہوا خوش گوار تھی۔

(۱).كَانَ الْجَوُّ شَفَّافًا وَالْهَوَاءُ رَائِقًا.

(۲)چڑیا گھر کا دروازہ بند ہو گیا۔

(۲).أَمْسَتْ بَوَّابَةُ حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانَاتِ مُغْلِقَةً.

(۳)تم لوگ دن میں اپنے اسباق میں مشغول رہے۔

(۳).ظَلِلْتُمْ مَشْغُوْلِيْنَ فِيْ دُرُوْسِكُمْ.

(۴)لیکن اس سال ششماہی امتحان میں فیل ہو گئے۔

(٤).لٰكِنْ كُنْتُمْ رَسَبْتُمْ فِي اِمْتِحَانِ النِّصْفِ السَّنَوِيّ هٰذَاالْعَامَّ.

(۵)تیمارداروں نے دن میں آرام کیا اور رات میں مریض کی دیکھ ریکھ کی۔

(٥).ظَلَّ الْمُمَرِّضُوْنَ رَاقِدِيْنَ وَ بَاتُوْافِيْ رِعَايَةِ الْمَرِضٰى.

(٦)دریائے گنگا بارش کے موسم میں پانی سے بھر جاتا ہے۔

(٦).يُصْبِحُ النَّهْرُ گَنگَا مُمْتَلِئًا بِالْمَاءِ فِي فَصْلِ الْمَطَرِ

(٧)لوگ زمانۂ جاہلیت میں اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کردیتے تھے۔

.(٧).كَانَ النَّاسُ يَئِدُوْنَ بَنَاتِهِمْ فِيْ عَهْدِ الْجَاهِلِيَّةِ .

(٨)ساحل پر رہنے والوں نے خوف وہراس کے ساتھ صبح کی۔

(٨) . اَصْبَحَ سُكَّانُ الشَّوَاطِيْ مَذْعُوْرِ يْنَ .

(٩)پلیٹ فارم صاف ستھرا تھا لیکن آج بارش کی وجہ سے گندا ہو گیا۔

(٩).كَانَ الرَّصِيْفُ نَظِيْفًا وَلٰكِنْ صَارَ وَسِخًا بِالْمَطَرِ اَلْيَوْمَ.

(١٠)یہ ملازمین اپنی ذمے داری نہیں نبھاتے تھے یہاں تک کہ ملازمت سے برخاست کر دیے گئے۔

(١٠).كَانَ هٰؤُلَاءِ الْمُوَظَّفُوْنَ لَا يَقُوْمُوْنَ بِمَسْؤُلِيَّاتِهِمْ حَتّٰى عُزِلُوْا عَنِ مَنَاصِبِهِمْ.

(١١)یہ لڑکیاں اپنا وقت ضائع کرتی رہیں یہاں تک کہ امتحان میں فیل ہوگئیں۔

(١١).مَا زَالَتْ هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتُ تُضَيِّعُ وَقْتَهَا حَتّٰى رَسَبْنَ فِي الإِمْتِحَانِ .

(١٢)زید موبائل کے ذریعہ مجھ سے بات کرنا چاہتا تھا لیکن نیٹ ورک مصروف تھا۔

(١٢)كَانَ زَيْدٌ يُرِيْدُ أَنْ يَتَكَلَّمَنِيْ بِالجَوَّالِ وَلٰكِنْ كَانَتْ شَبْكَةُ الإِتِّصَالَاتِ مَشْغُوْلَةً.

(١٣)تم دونوں دن بھر جامعہ کے میدان میں کھیلے۔

(١٣) .ظَلِلْتُمَا تَلْعَبَانِ فِيْ مَلْعَبِ الْجَامِعَةِ .

(١٤)طلبہ بیٹھے ہوئے تھے اور استاد کا لکچر سن رہے تھے۔

(١٤).كَانَ الطُّلَّابُ جَالِسِيْنَ وَيَسْمَعُوْنَ مُحَاضَرَةَ الأُسْتَاذِ .

(١٥)اہل یورپ نے اپنی نشأۃ ثانیہ میں اسلامی ورثے سے استفادہ کیا تھا۔

(١٥).كَانَ الأَوْرَبِّيُوْنَ اِسْتَفَادُوْا مِنَ التُّرَاثِ الإِسْلَامِيِّ فِيْ نَشْأَتِهِ الثَّانِيَةِ

(۱۶)عورتوں نے زخمیوں کی مرہم پٹی کرنے میں رات گزاری۔

(١٦). بَاتَتِ النِّسَاءُ فِيْ تَجْبِيْرِ جُرُوْحِ الْجَرْحیٰ .

(۱۷)علمائے کرام نے ہندوستان کی جنگ آزادی میں اپنے جان ومال قربان کیے تھے۔

(١٧) . كَانَ الْعُلَمَاءُ الْكِرَامُ ضَحُّوْا بِأَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ فِيْ حَرْكَةِ الْهِنْدِ لِلْحُرِّيَةِ .

(۱۸)جنگل کا شیر شکاری کو دیکھتے ہی غضب ناک ہوگیا۔

(١٨) .مَاإِنْ رَأَى الأَسَدُ الصَّيَّادَ صَارَ غَضْبَانًا .

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۱۹)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

[الف]

الإسلامُ

كَانَ النَّاسُ فِيْ فَوضى طَاحِنَةٍ وَكَانَتْ أَحَوَالُهُمْ مُضْطَرِبَةً وَ شُؤُونُهُمْ مُرْتَكِبَةً اِشْتَدَّتْ بَيْنَهُمْ العَدَاوَةُ حَتّٰى أَصْبَحَ الإِبْنُ حَاقِدًا عَلٰى أَبِيْهِ وَتَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُمْ حَتّٰى بَاتَ الأَخُ مُحَارِبًا لِأَخِيْهِ وَضَاعَتْ بَيْنَهُمْ الْقِيَمُ الأَخْلَاقِيَةُ فَأَتَوا كُلَّ مُنْكَرٍ وَعَبَدُوا آلِهَةً شَتّٰى وَظَلُّوا عَلٰى عِبَادَةِ الأَصْنَامِ عَاكِفِيْنَ حَتّٰى أَرَادَ اللهُ بِهِمْ خَيْرًا فَبَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلَهُ هَادِيًا وَمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا فَأَخْرَجَهُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْجَهْلِ وَالضَّلَالِ إِلٰى نُوْرِ الْعِلْمِ وَالْهِدَايَةِ وَرَفَعَ ذِكْرَاهُمْ وَعَلٰى قَدْرَهُمْ وَكَانَ دِيْنُهُمْ خَالِدًا وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِلْمُؤمِنِيْنَ . [تيسير النحو: ص:١٨٢]

اسلام

(الف)

لوگ ہلاکت خیز لاقانونیت میں تھے، ان کے حالات پریشان کن تھے اور ان کے معاملات الجھے ہوئے تھے، ان کے درمیان دشمنی سخت ہوگئی یہاں تک کہ بیٹا باپ سے کینہ

رکھنے لگا اور ان کے تعلقات ختم ہوگیے حتی کہ بھائی بھائی کے خلاف جنگ پر آمادہ ہو گیا اور ان کے درمیان اخلاقی قدریں ضائع ہوگئیں، توانہوں نے ہر برائی کو انجام دیا، مختلف خداؤں کی عبادت کی، بتوں کی پوجا پر آسن مارے رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالی نے ان کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کیا تو ان میں اپنا ایک رسول ہدایت دینے، خوش خبری سنانے اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا، تو اس نے انھیں جہالت وگمراہی کی تاریکیوں سے علم اور ہدایت کے نور کی طرف نکالا، ان کے ذکر کو اونچا کیا، ان کے عزت ووقار کو بلند کیا اور ان کا دین ہمیشہ رہنے والا ہو گیا۔ اللہ اس کے رسول اور مومنوں کے لیے ہی عزت ہے۔

[ب] كَانَ أُسَامَةُ تِلْمِيْذًا مُجِدًّا وَكَانَتْ هَوَايَتُهُ قِرَاءَةَ الْكُتُبِ وَالتَّرْبِيَةَ الرِّيَاضِيَّةَ فَكَانَ يَقْصِدُ مَكْتَبَةَ التَّلَامِيْذِ أَوْ مَلْعَبَ الْمَدْرَسَةِ لِيَقْضِي أَوْقَاتَ فَرَاغِهٖ وَقَدْ أَعَدَّ كُرَّاسَةً يُسَجِّلُ فِيْهَا أَوْ يُلَخِّصُ مَا يَرُوْقُهُ فِيْ أَثْنَاءِ الْقِرَاءَةِ مِنْ أَسَالِيْبَ وَعِبَارَاتٍ وَمَوْضُوْعَاتٍ وَكَانَ لَا يَفُوْتُهُ أَنْ يُعَلِّقَ عَلٰى كُلِّ كِتَابٍ يَنْتَهِيْ مِنْ قِرَاءَتِهٖ فَمِنْ كُتُبِ الْمَنْفَلُوْطِيْ الَّتِيْ جَازَتْ إِعْجَابَهٗ كِتَابَا "الفضيلة و"ماجدولين".

(ب)

اسامہ محنتی طالب علم تھا کتابوں کا مطالعہ کرنا اور جسمانی ورزش اس کا محبوب مشغلہ تھا، وہ اپنے خالی اوقات گزارنے کے لیے طلبہ کی لائبریری اور مدرسہ کے اسٹیڈیم جاتا تھا۔ اس نے ایک کاپی تیار کی تھی جس میں وہ ان اسالیب، عبارتوں یا موضوعات کو جو مطالعہ کے دوران اسے اچھے لگتے نوٹ کرتا یا تلخیص کرتا تھا اور ہر کتاب کو پڑھ کر اس پر حاشیہ لگائے بغیر نہیں چھوڑتا تھا۔ تو منفلوطی کی دو کتابیں " الفضلیۃ، وماجدولین "اسے اچھی لگتی تھیں۔

وَقَدْ عَرَفَ عَنْهُ ذٰلِكَ الْمَيْلَ مُدَرِّسُوا الْمَدْرَسَةِ فَشَجَّعُوْهُ وَعَاوَنُوْهُ عَلٰى تَذْلِيْلِ الصُّعُوْبَاتِ الَّتِيْ كَانَتْ تَعْتَرِضُهُ فِيْ أَثْنَاءِ الْقِرَاءَةِ فَنَالَ جَائِزَتَي التَّفَوُّقِ فِي الْقِرَاءَةِ وَالتَّرْبِيَةِ الرِّيَاضِيَّهِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ.

اور اس کی جانب سے اس میلان کو مدرسہ کے اساتذہ نے جان لیا تو انہوں نے حوصلہ افزائی کی اور دوران مطالعہ درپیش رکاوٹوں اور مشکلات حل کرنے میں اس کی مدد کی تو اس نے مدرسہ کی جسمانی ورزش اور پڑھائی میں اعلی کامیابی کے انعامات حاصل کیے۔

وَقَدْكَانَ عِنْدَ تَخَرُّجِهِ مِنْ كُلِّيَةِ الْهَندَسِيَّةِ الأَوَّلَ بَيْنَ زُمَلَائِهِ .فَكَانَ مُهَنْدِسُو الْمَمْلُكَةِ يُجِلُّوْنَهُ وَكَانَتِ الْحُكُوْمَةُ تُحِيْلُ عَلَيْهِ مَا يَهُمُّهَا مِنْ مَشْرُوْعَاتِ هَنْدَسِيَّةٍ كُبرىٰ .[قواعد اللغة العربية ،للصف المتوسط ،ص:٤٣]

وہ اپنے ساتھیوں کے درمیان انجینئرنگ کالج سے فارغ ہونے کے وقت پہلے نمبر پر تھا تو حکومت کے انجینئر اس کی تعظیم کرتے تھے اور حکومت جامیٹری کے بڑے بڑے اہم کاموں میں اس کی طرف رجوع کرتی تھی۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۰)

(افعال ناقصہ:مَازال،مافتیء،ماانفك،وغیرہ کا استعمال)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)مَازَالَ كَلَامُكَ غَامِضًا .

(۱)۔تمھارا کلام ہمیشہ مبہم رہا۔

(٢)مَاانْفَكَّ الْمَطَرُ هَاطِلًا .

(۲)۔بارش لگاتار موسلادھار ہوتی رہی۔

(٣)مَابَرِحَتِ السَّمَاءُ صَافِيَةً .

(۳)۔آسمان مسلسل صاف رہا۔

(٤)مَا انفَكَّ الرَّعْدُ قَاصِفًا .

(۴)۔بادل کی گرج برابر زوردار گرجتی رہی۔

(٥)لَا أُصَادِقُكَ مَادُمْتَ كَذَّابًا .

(۵)۔میں تجھ سے دوستی نہیں کروں گا جب تک جھوٹ تیری عادت میں شامل رہے

(٦) مَافَتِئَ عَرْضُ الرِّوَايَةِ مُسْتَمِرًّا .

(۶)۔روایت کا پیش کرنا لگا تار رہا۔

(٧)مَابَرِحَ الْخَيْرُ مُتَدَفِّقًا .

(۷)۔بھلائی برابر جاری رہی۔

(٨)مَاانْفَكَّ الْحُكَّامُ عَادِلِيْنَ .

(۸)۔قاضی لگا تار انصاف ور رہے۔

(٩)مَازَالَتِ الْحَرْبُ خُدْعَةً .

(۹)۔جنگ ہمیشہ چالباز اور تدابیر سے پُر رہی۔

(١٠)مَازَالَ الشَّرْقُ نَاهِضًا .

(۱۰)۔مشرق ہمیشہ ترقی پذیر رہا۔

(١١)لَا زَالَ الْعُلَمَاءُ وَالْمُخْتَرِعُوْنَ ثَرْوَةً لِلْعَالَمِ .

(۱۱)۔سائنس داں اور موجدین دنیا کے لیے عظیم سرمایہ رہے۔

(١٢)مَازَالَ عُلَمَاؤُنَا يُحَقِّقُوْنَ رَوَائِعَ الإِخْتِرَاعَاتِ وَ يَتَحَمَّلُوْنَ عِبأً ثَقِيلًا .

(۱۲)۔ہمارے علما دلکش ایجادات کی کھوج بین کرتے رہے اور بھاری بوجھ برداشت کرتے رہے۔

(١٣)لَنْ يَّهْدَأَ بَالُ الأُمَمِ مَادَامَ الإِسْتِعْمَارُ مُتَرَبِّصًا .

(۱۳)۔قوموں کا دل اس وقت تک سکون نہیں پائے گا جب تک سامراجیت ایک جگہ جمی ہوئی ہے۔

(١٤)قَالُوا تَاللهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ [يوسف:٨٥]

(۱۴)۔بولے خدا کی قسم آپ ہمیشہ یوسف کی یاد کرتے رہیں گے۔

(١٥)وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَيًّا .[مريم:٣١]

(۱۵)۔اور مجھے نماز و زکاۃ کی تاکید فرمائی جب تک میں زندہ رہوں۔

(١٦)لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ [رواه الجماعة]

(۱۶)لوگ بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کرتے رہیں۔

(١٧)مَازَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ أَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ . [رواه الشيخان عن عائشة]

(۱۷)۔حضرت جبرئیل مجھے پڑوسی کے تعلق سے برابر تاکید کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ وہ اسے وارث بنادیں گے۔

(١٨)لَنْ يَبْرَحَ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَمَنْ خَلَقَ اللهُ .[رواه انس]

(۱۸)۔لوگ سوالات کا سلسلہ قائم رکھیں گے یہاں تک کہ وہ کہہ اٹھیں گے کہ اللہ نے ہر چیز کو پیدا کیا تو اللہ کو کس نے پیدا کیا؟

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۱)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)بارش تین دن سے مسلسل ہورہی ہے۔

(١).لَمْ يَزَلِ الْمَطَرُ نَازِلًا مُنْذُ ثَلٰثَةِ أَيَّامٍ.

(۲)زخمی مسافر دو گھنٹے تک برابر بے ہوش رہا۔

(٢).مَازَالَ الْمُسَافِرُ الْجَرِيْحُ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ حَتّٰى سَاعَتَيْنِ.

(۳)یہ دونوں طالبات آج دن بھر کھیلتی رہیں۔

(٣).مَازَالَتْ هَاتَانِ الطَّالِبَتَانِ لَاعِبَتَيْنِ طُوْلَ النَّهَارِ الْيَوْمَ.

(۴)جب تک زندہ رہو اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے رہو۔

(٤).اِعْمَلُوْا عَلَى التَّعْلِيْمَاتِ الإِسْلَامِيَّةِ مَادُمْتُمْ أَحْيَاءً.

(۵)ہمارا دین باقی رہے گا جب تک زمین وآسمان باقی ہے۔

(٥) . يَبْقٰى دِيْنُنَا مَادَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالأَرْضُ بَاقِيَةً.

(۶)اسلامی لشکر برابر پیش قدمی کرتا رہا یہاں تک کہ دشمن کی فوجیں پسپا ہوگئیں۔

(٦). مَازَالَ الْعَسْكَرُ الإِسْلَامِيُّ مُتَقَدِّمًا حَتّٰى انْهَزَمَتْ جُيُوْشُ الْعَدُوِّ.
(۷)لوگ پیدا ہوتے اور مرتے رہیں گے یہاں تک کہ قیامت آجائے گی۔
(٧)لَا يَزَالُ النَّاسُ مُتَوَلِّدِيْنَ وَ مُتَوَفِّيْنَ حَتّٰى تَاتِيَ السَّاعَةُ.
(۸)اے اللہ! تو ہمارے نبی محمد ﷺ پر درود بھیج جب تک رات اور دن ایک دوسرے کا پیچھا کرتے رہیں۔
(٨). اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ مَادَامَ اللَّيْلُ وَالْيَوْمُ مُتَعَاقِبَيْنِ.
(۹)امام احمد رضا پوری زندگی لوگوں کو عشق رسول کا سبق پڑھاتے رہے اور بدمذہبوں اور اللہ ورسول کے گستاخوں سے بچنے کی تاکید کرتے رہے۔
(٩). لَمْ يَزَلِ الإِمَامُ اَحْمَدْ رَضَا يُعَلِّمُ النَّاسَ حُبَّ النَّبِيِّ ﷺ طُوْلَ الْحَيَاةِ، وَلَمْ يَزَلْ يُحَذِّرُهُمْ عَنِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا الْهَوٰى وَاتَّخَذُوا اللهَ وَرَسُوْلَهٗ هُزُوًا.
(۱۰)پیرس کے ایک غریب محلے میں قتل کا واقعہ پیش آیا اور پولیس پوری رات قاتل کا سراغ لگانے میں مصروف رہی۔
(١٠). وَقَعَ قَتْلٌ فِيْ حَيٍّ فَقِيْرٍ مِنَ "بَارِيْسِ" لَمْ يَزَلْ الْبُوْلِيْسُ مَشْغُوْلًا فِي الْبَحْثِ عَنِ الْقَاتِلِ طُوْلَ اللَّيْلِ.
(۱۱)پولیس اور سیکورٹی فورسیز کے لوگ مجرمین کی گرفتاری کے لیے وائرلیس اور خصوصی کاروں کا استعمال کرتے رہے۔
(١١). لَايَزَالُ الْبُوْلِيْسُ وَرِجَالُ قُوَّاتِ الأَمْنِ يَسْتَخْدِمُوْنَ اللَّاسِلْكِيْ وَالْعَرَبَاتِ الْخَاصَّةَ لِلْقَبْضِ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ.
(۱۲)اب موبائل فون اتنا سستا ہو گیا ہے کہ رکشا چلانے والے بھی اس کا استعمال کرتے رہتے ہیں۔
(١٢). اَلآنَ قَدْ رَخُصَ الْجَوَّالُ حَتّٰى لَمْ يَزَلْ سَائِقُوْا الرِّكْشَةَ يَسْتَخْدِمُوْنَهٗ.
(۱۳)جب تک بجلی رہے گی ہم لوگ فریج، کولر اور پریس استعمال کرتے رہیں گے۔

(١٣).لَمْ نَزَلْ نَسْتَخْدِمُ الثَّلَّاجَةَ وَالْبَرَّادَةَ وَالْمِكْوَاةَ مَادَامَ الْكَهْرَبَاءُ مُوْجُوْدًا.

(۱۴)جب تک زمین وآسمان قائم ہیں خورشید اسلام خطِ نصف النہار پر تابندہ رہے گا۔

(١٤). لَمْ تَزَلْ شَمْسُ الإِسْلَامِ تَشْرُقُ عَلٰى خَطِّ نِصْفِ النَّهَارِ مَا دَامَ الأَرْضُ وَالسَّمَاءُ بَاقِيَةً.

(۱۵)شاہد ایک سماجی ورکر ہے اور وہ برابر اصلاح معاشرہ کی کوشش کرتا رہتا ہے۔

(١٥).شَاهِدٌ مُتَطَوِّعٌ اِجْتِمَاعِيٌّ وَلَا يَزَالُ يَسْعىٰ لِتَصْحِيْحِ الْمُجْتَمِعِ.

(۱۶)وزیر دفاع برابر فوجوں کوملک کی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ہدایت بھیجتے رہتے ہیں۔

(١٦).لَا يَزَالُ وَزِيْرُ الدِّفَاعِ مُرْسِلًا الإِرْشَادَاتِ إِلَى الْجُيُوْشِ لِصِيَانَةِ حُدُوْدِ الْمُلْكِ.

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۲)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)حَرِيٌ الْغُلَامُ أَنْ يَّصْدُقَ.

(۱)۔امید ہے کہ لڑکا سچ بولے۔

(٢)أَخَذَ خَالِدٌ يَنْظِمُ شِعْرًا.

(۲)۔خالد شعر بنانے لگا۔

(٣)تَكَادُ الْحَرْبُ تَضَعُ أَوْزَارَهَا.

(۳)۔قریب ہے کہ جنگ ختم ہوجائے۔

(٤)اِخْلَوْلَقَ الْجَوُّ أَن يَّعْتَدِلَ.

(۴)۔لگتا ہے کہ فضا معتدل ہوجائے گی۔

(٥)قَامَ الأَغْنِيَاءُ يُوَاسُوْنَ الْفُقَرَاءِ.

(۵)۔مالدار فقیروں کی مدد کرنے لگے۔

(٦)هَبَّ الْجَاهِلُ يُسِيءُ إِلٰى نَفْسِهٖ .
(۶)۔جاہل خود کا برا کرنے لگا۔
(٧)كَرَبَ النَّاسُ يَمُوْتُوْنَ مِنَ الْبَرْدِ
(۷)۔قریب ہے کہ لوگ سردی سے مرجائیں۔
(٨)أَقْبَلَ الْجُنُوْدُ يَذُوْدُوْنَ عَنِ الْوَطَنِ .
(۸)۔لشکری وطن کو بچانے لگے۔
(٩)عَلِقَ الصُّنَّاعُ يَتَنَافَسُوْنَ فِي الْعَمَلِ .
(۹)۔کاریگر کام میں مقابلہ آرائی کرنے لگے۔
(١٠)كَادَ نَبِيْلٌ يَفُوْزُ فِيْ سِبَاقِ السِّبَاحَةِ .
(۱۰)۔قریب ہے کہ نبیل تیراکی کے مقابلہ میں کامیاب ہوجائے۔
(١١)عَسىَ اللهُ أَنْ يُفَرِّجَ عَنْ كُرُبَتِكَ .
(۱۱)۔امید ہے کہ اللہ تعالی تیری پریشانی کو دور فرمادے۔
(١٢)جَعَلَ الْجَنِيْنُ يَتَحَرَّكُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهٖ .
(۱۲)۔جنین اپنی ماں کے پیٹ میں حرکت کرنے لگا۔
(١٣)طَفِقَ الطَّلَبَةُ يَتَنَافَسُوْنَ فِي الْخِطَابَةِ .
(۱۳)۔طلبہ تقریر میں مقابلہ آرائی کرنے لگے۔
(١٤)أَنْشَأَ الْغَنِيُّ يُنْفِقُ مِنْ مَالِهٖ عَلٰى أَعْمَالِ الْخَيْرِ .
(۱۴)۔مالدار اپنے مال کو بھلائی کے کاموں میں خرچ کرنے لگا۔
(١٥)أَخَذَتِ الدَّوْلَةُ تَتَوَسَّعُ فِيْ إِنْشَاءِ الْمُسْتَوْصَفَاتِ .
(۱۵)۔حکومت ڈسپنسری کی تعمیر میں توسیع کرنے لگی۔
(١٦)يُوْشِكُ مَنْ يُصَاحِبُ الْمُدَخِّنِيْنَ أَنْ يَّصِيْرَ مِثْلَهُمْ .
(۱۶)۔قریب ہے کہ جو سگریٹ پینے والوں کی صحبت اختیار کرے وہ بھی ان جیسا ہوجائے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۳)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)هَلْهَلَ الرَّعْدُ يَقْصِفُ .

(۱)۔بادل کی گرج زوردار گرجنے لگی۔

(٢)حَرَى الدَّاءُ أَنْ يَّقْضِيَ عَلَى الْمَرِ يْضِ .

(۲)۔لگتا ہے کہ بیماری مریض کا خاتمہ کردے۔

(٣)اِخْلَولَقَتِ السَّمَاءُ أَنْ تُمْطِرَ

(۳)۔امید ہے کہ آسمان برسے۔

(٤)شَرَعَ الزُّوَّارُ يَدْخُلُوْنَ إِلَى الْقَاعَةِ .

(۴)۔زائرین ہال میں داخل ہونے لگے۔

(٥)أَنْشَأَتِ الْفِرْقَةُ الْهِنْدِيَّةُ تُنْشِدُ أَنَاشِيْدَ الْوَطَنِ .

(۵)۔ہندوستانی ٹیم وطن کے ترانے گانے لگی۔

(٦)اِخْلَوْلَقَتِ الْحُمّٰى أَنْ تُفَارِقَ الْمَرِ يْضَ .

(۶)۔امید ہے کہ بخار مریض کا پیچھا چھوڑ دے۔

(٧)يُوْشِكُ الأُمَمُ أَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الأَكْلَةُ إِلٰى قَصْعَتِهَا .

(۷)وہ دن قریب ہے کہ قومیں تمھاری مخالفت پر باہم اس طرح جمع ہوجائیں گی جس طرح کھانے والے اپنے برتن پر جمع ہوجاتے ہیں۔

(٨)قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يُوْشِكُ أَنْ يَّاتِيَ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَبْقٰى مِنَ الإِسْلَامِ إِلَّا اِسْمُهُ وَلَا يَبْقٰى مِنَ الْقُرْآنِ إِلَّا رَسْمُهُ .

(۸)۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔کہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے کہ اسلام کا صرف نام ہی باقی رہے گا اور قرآن کی صرف رسم باقی رہ جائے گی۔

(٩)كَادَ الْحَلِيْمُ أَنْ يَّكُوْنَ نَبِيًّا .[رواه الخطيب عن انس]

(۹)۔قریب تھا کہ بردبار نبی ہوجاتا۔

(١٠)فَمَالِ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا .[النساء:٧٨]

(۱۰)۔تو ان لوگوں کو کیا ہوا کہ کوئی بات سمجھتے معلوم ہی نہیں ہوتے۔

(١١)وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ[الأعراف:٢٢، طه:١٢١]

(۱۱)۔اور اپنے بدن پر جنت کے پتے چپکانے لگے۔

(١٢)يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ .[النور:٣٥]

(۱۲)۔قریب تھا کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے اگرچہ اسے آگ نہ چھوئے۔

(١٣)وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ .[البقرہ:٢١٦]

(۱۳)۔اور قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں بری لگے اور وہ تمھارے حق میں بہتر ہو اور قریب ہے کہ کوئی بات تمہیں پسند آئے اور وہ تمھارے حق میں بری ہو۔

(١٤)لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ .[الحجرات:١١]

(۱۴)۔نہ مرد مردوں سے ہنسیں عجب نہیں کہ وہ اب ہنسنے والوں سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے، دور نہیں کہ وہ ان ہنسنے والیوں سے بہتر ہوں۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۴)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)ہم اسٹیشن کے قریب بھی نہیں پہنچ پائے تھے کہ ٹرین نے سیٹی دیدی۔

(١).وَمَا كِدْنَا نَصِلُ الْمَحَطَّةَ حَتّٰى صَفَّرَ الْقِطَارُ .

(۲)جلسہ ختم ہوا اور لوگ اِدھر اُدھر منتشر ہونے لگے۔

(٢).اِنْتَهَتِ الْحَفْلَةُ وَجَعَلَ النَّاسُ يَنْتَشِرُوْنَ هُنَا وَهُنَاكَ.

(۳)موسم بہار آیا اور پھلواریوں میں پھول کھلنے لگے۔

(٣). جاءَ فَصْلُ الرَّبِيْعِ وَأَخَذَ الأَزْهَارُ مُفَتِّحَةً فِي الْحَدَائِقِ .

(۴)آج کا کام جلدی پورا کرو کہ سورج ڈوبنا چاہتا ہے۔

(٤). اَكْمِلُوا شُغْلَ الْيَوْمِ أَوْشَكَ أَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ .

(۵)زوردار بارش ہوئی تو کسان اپنی زمینوں کو جوتنے لگے۔

(٥). نَزَلَ الْمَطَرُ الْغَزِيْرُ فَجَعَلَ الْفَلَّاحُوْنَ يَحْرُثُوْنَ اَرَاضِيْهِمْ .

(٦)امید ہے کہ حسین ایک باکمال مقرر ہوگا۔

(٦). حَرىٰ حُسَيْنٌ أَنْ يَكُوْنَ خَطِيْبًا بَارِعًا.

(۷)فرقہ وارانہ فسادات کے بعد پولیس کے افسران حالات پر نگاہ رکھنے لگے۔

(٧). قَامَ سُلْطَاتُ الْبُوْلِيْسِ يُرَاقِبُوْنَ عَلىَ الأَوْضَاعِ بَعْدَ الإضِطِرَبَاتِ الطَّائِفِيَّةِ.

(٨)ٹرین اسٹیشن پر رکی اور مسافر اپنی ریزرو سیٹوں کو تلاش کرنے لگے۔

(٨)وَقَفَ الْقِطَارُ عَلىَ الْمَحَطَّةِ وَجَعَلَ الْمُسَافِرُوْنَ يَبْحَثُوْنَ عَنْ مَقَاعِدِهِمُ الْمَحْجُوْزَةِ .

(۹)فتح مکہ کے بعد لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہونے لگے۔

(٩). طَفِقَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَ فِي الإِسْلَامِ اَفْوَاجًا بَعْدَ فَتْحِ مَكَّةَ.

(۱۰)قریب تھا کہ بیماری مریض کا کام تمام کردے لیکن وہ شفایاب ہوگیا۔

(١٠). قَرَبَ الْمَرَضُ أَنْ يَقْضِيَ عَلىَ الْمَرِيْضِ لٰكِنَّهٗ نَالَ الشِّفَاءَ .

(۱۱)زمین پر قحط پڑا قریب تھا کہ لوگ بھوکوں مرجائیں۔

(١١). اَجْدَبَتِ الأَرْضُ فَكَادَالنَّاسُ أَنْ يَمُوْتُوا جُوْعًا.

(۱۲)مال کی فراوانی ہوئی اور لوگ اپنے مکانات کی تعمیر کرنے لگے۔

(١٢). كَثُرَ الْمَالُ وَأَنْشَاءَ النَّاسُ يَبْنُوْنَ مَنَازِلَهِمْ .

(۱۳)خیانت عام ہوگئی اور امانت داری رخصت ہوا چاہتی ہے۔

(١٣). عَمَّ الْغَشُّ وَ تَكَادُ الأَمَانَةُ أَنْ تَنْقَضِيَ.

(۱۴)گرمی کا موسم آیا اور زمین خشک ہونے لگی۔

(١٤).جَاءَ فَصْلُ الصَّيْفِ وَجَعَلَ الأَرْضُ يَجُفُّ.

(۱۵)سرکاری ملازمین نے پولیس پر پتھراؤ کیا تو بازار بند ہونے لگے۔

(١٥).قَذَفَ الْمُوَظَّفُوْنَ الرَّسْمِيُّوْنَ بِالْحِجَارَةِ عَلَى الْبُوْلِيْسِ فَبَدَأَتِ الأَسْوَاقُ تَغْلُقُ.

(۱۶)الیکشن کا دن آیا اور لوگ ووٹ ڈالنے لگے۔

(١٦).جَاءَ يَوْمُ الإِنْتِخَابِ وَجَعَلَ النَّاسُ يُصَوِّتُوْنَ.

(۱۷)امید ہے کہ اللہ تعالی علم نافع سے نوازے گا۔

(١٧).عَسىَ اللهُ أَنْ يَرْزُقَ عِلْمًا نَافِعًا.

(۱۸)انجینئر نے عمارت کا خاکہ بنایا اور اس میں کچھ تبدیلی کرنے لگا۔

(١٨).صَنَعَ الْمُهَنْدِسُ خُطَّةَ الْمَبْنىٰ وَعَلِقَ يُغَيِّرُفِيْهَا.

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۵)

عربی جملوں کا اردو ترجمہ۔

(١)مَاأَنْتَ كَاذِبًا وَلَا خَائِنًا.

(۱)۔تو نہ جھوٹا ہے اور نہ خیانت دار۔

(٢) تَعْتُبُ وَلَاتَ وَقْتَ عِتَابٍ.

(۲)۔ناراضگی کے وقت تو غصہ نہیں کرتا ہے اور ملامت کے وقت نہ ملامت کرتا ہے۔

(٣)إِنْ سَعْيُكَ إِلَّامَشْكُوْرٌ.

(۳)۔تمھاری کوشش لائق شکر ہے۔

(٤) لَا مَالٌ بَاقِيًا مَعَ التَّبْذِيْرِ.

(۴)۔فضول خرچی کے ساتھ مال کوئی باقی رہنے والا نہیں ہے۔

(٥)مَا الإِغْرَاقُ فِي التَّرَفِ مَحْمُوْدًا .

(۵)۔عیش و مسرت میں ڈوب جانا کوئی اچھی بات نہیں۔

(٦)مَا خَائِبٌ مَنْ يُخْلِصُ فِيْ عَمَلِهٖ .

(۶)۔مخلص آدمی اپنے کام میں ناکام نہیں ہے۔

(٧)لَا مُجِدٌّ فِيْ عَمَلِهٖ فَاشِلًا .

(۷)۔اپنے کام میں محنت کرنے والا فیل نہیں ہے۔

(٨)نَدِمَ الْبُغَاةُ وَ لَاتَ سَاعَةَ مُنْدَمٍ .

(۸)۔بغاوت کرنے والے شرمندہ ہوئے جبکہ وہ شرمندگی کا وقت نہیں تھا۔

(٩)مَا الْمَعْرُوْفُ ضَائِعًا عِنْدَ الْكِرَامِ .

(۹)۔شریف لوگوں کے نزدیک بھلائی ضائع نہیں ہے۔

(١٠)لَا صَدَاقَةٌ دَائِمَةً بِغَيْرِ إِخْلَاصٍ .

(۱۰)۔بغیر اخلاص کے کوئی دوستی ہمیشہ رہنے والی نہیں ہے۔

(١١)لَا مُدَخِّنٌ يَأمَنُ مِنْ مَرْضِ السَّرْطَانِ .

(۱۱)۔کوئی سگریٹ پینے والا کینسر کے مرض سے محفوظ نہیں رہتا ہے۔

(١٢)مَاسَهَرُكَ بَعْدَ مُنْتَصَفِ اللَّيْلِ مُفِيْدًا .

(۱۲)۔آدھی رات کے بعد تمھارا جاگنا فائدہ مند نہیں ہے۔

(١٣)لَا بَيْتَ خَالِيًا مِنَ الْمُشْكِلَاتِ .

(۱۳)۔کوئی گھر پریشانیوں سے خالی نہیں ہے۔

(١٤)مَا الْفَقْرُ بِعَيْبٍ وَمَا الْغِنيَ بِزِ يْنَةٍ وَشَرَفٍ .

(۱۴)۔فقیری عیب نہیں ہے اور مالداری زیب وزینت اور بزرگی نہیں ہے۔

(١٥)مَا أَنَا فِي الدُّنْيَا إِلَّا كَرَاكِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَ تَرَكَهَا .

[رواه الترمذی عن ابی مسعود]

(۱۵)۔میں دنیا میں نہیں ہوں مگر اس سوار کی طرح جس نے کسی درخت کے نیچے سایہ حاصل کیا پھر چل دیا اور اسے چھوڑ دیا۔

(١٦)مَا مِنْ عَبْدٍ كَانَتْ لَهٗ نِيَّةٌ فِيْ أَدَاءِ دَيْنِهٖ إِلَّا كَانَ لَهٗ مِنَ اللهِ عَوْنٌ .

[رواه أحمد عن عائشه]

(۱۶)۔جو بندہ اپنا قرض ادا کرنے کی نیت رکھے تو اللہ تعالی کی مدد اس کے ساتھ ہوتی ہے۔

اَلتَّمْرِيْنُ(۱۲۶)

اردو جملوں کا عربی ترجمہ۔

(۱)اس باغ کے پھل میٹھے نہیں ہیں۔

(١).مَاأَثْمَارُ هٰذَاالْبُسْتَانِ حُلْوَةً.

(۲)نیک کام میں مسابقت کرنا ناپسندیدہ نہیں۔

(٢).مَاالتَّنَافُسُ فِي الْمَعْرُوْفِ مَذْمُوْمًا.

(۳)بکنگ آفس میں نہ کمپیوٹر ہے اور نہ دوربین۔

.(٣).مَاحَاسُوْبٌ فِيْ مَكْتَبِ التَّذَاكِرِ وَلَا مِنْظَارٌ .

(۴)تم لوگ سو گئے جب کہ یہ سونے کا وقت نہیں۔

(٤).نِمْتُمْ وَلَاتَ وَقْتَ مَنَامٍ .

(۵)اس ٹرین کے ڈبے بھرے ہوئے نہیں ہیں۔

(٥) .لَا عَرَبَاتُ هٰذَاالْقِطَارِ مَمْلُوْءَةً.

(۶)نہ گھوڑ سواری آسان ہے اور نہ تیراندازی۔

(٦) . مَاالفُرُوْسِيَّةُ سَهْلَةً وَلَا الرِّمَايَةُ.

(۷)تم لکھنے لگے جب کہ یہ لکھنے کا وقت نہیں۔

(٧) . جَعَلْتَ تَكْتُبُ وَلَاتَ وَقْتَ كِتَابَةٍ.

(۸)یہ شکاری جنگلی درندوں سے ڈرنے والا نہیں۔

(٨) .مَا هٰذَا الصَّيَّادُ خَائِفًا مِنَ السِّبَاعِ الْوَحْشِيَّةِ .

(۹)اس پُل کے کھمبے کمزور نہیں ہیں۔

(٩) .مَا أَعْمِدَةُ هٰذِهِ الْقَنْطَرَةِ ضَعِيْفَةً .

(۱۰)اس کمرے کا بلب فیوز نہیں۔

(١٠) .مَاالْمِصْبَاحُ الْكَهْرَبَائِيُ لِهٰذِهِ الْحُجْرَةِ ذَائِبَ سِلْكِ الصَّمَامَةِ .

(۱۱)وضوخانے کی ٹونٹیاں بند نہیں۔

(١١) .مَا حَنَفِيَّاتُ الْمِيْضَاةِ مُغْلِقَةً .

(۱۲)ہمارے شہر کی سڑکیں خام اور گندی نہیں ہیں۔

(١٢) . مَاشَوَارِعُ بَلَدِنَا غَيْرَ مَرْصُوْفَةٍ وَلَا وَسِخَةً .

(۱۳)آج سبزی منڈی میں نہ ٹماٹر ہے اور نہ مولی۔

(١٣) .مَاالْيَوْمَ الطَّمَاطِمُ فِيْ سُوْقِ الْخُضَّارِ وَلَا الفَجْلُ .

(۱۴)اِس زمانے میں دین پر قائم رہنا آسان نہیں ہے۔

(١٤) .مَاالإِسْتِقَامَةُ فِي الدِّيْنِ سَهْلَةً فِي هٰذَاالزَّمَانِ .

(۱۵)اس پٹرول ٹنکی پر نہ پٹرول دستیاب ہے نہ ڈیزل۔

(١٥) .مَا البِتْرَوْلُ مَوْجُوْدًا فِيْ صِهْرِ يْجِ الْبِتْرَوْلِ وَلَاالدِّيْذَلُ .

(۱۶)یہ طلبہ اپنے فرائض کی ادائگی میں سست نہیں ہیں۔

(١٦) .مَاهٰؤُلَاءِ الطُّلَّابُ كُسَالىٰ فِيْ اَدَاءِ وَاجِبَاتِهِم

تعارف مترجم ایک نظر میں
(بقلم خود)

نام ونسب: محمد گل ریز بن امیر دولھا بن وزیر خاں بن عجب خاں۔ **وطن:** مدنا پور، پوسٹ شیش گڑھ، بہیڑی، بریلی شریف یوپی۔ **تاریخ پیدائش:** ۱۰؍ نومبر ۱۹۹۰ بروز ہفتہ

جن مدارس میں تعلیم حاصل کی:

(۱)-دار العلوم غریب نواز مدنا پور (پرائمری درجات)

(۲)-مدرسہ اشرف العلوم شیش گڑھ، رام پور (درجۂ حفظ)

(۳)-مدرسہ عالیہ نعمانیہ غریب نواز شیش گڑھ، رام پور (درجۂ اعدادیہ)

(۴)-مدرسہ الجامعۃ القادریہ رچھا بریلی شریف (درجۂ اولی، ثانیہ)

(۵)-دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی ضلع بستی یوپی (درجۂ ثالثہ، رابعہ)

(۶)- دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ (خامسہ، سادسہ، سابعہ، فضیلت، تحقیق فی الادب ومشق افتاء)

(۷)-جامعہ سعدیہ کاسرکوڈ کیرالا (ڈپلومہ عربی ایک سال)

فراغت: دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ یکم جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ، مطابق ۲۲؍ مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار

اسناد:

(۱) مولوی (۲) عالم (۳) کامل (مدرسہ تعلیمی بورڈ اتر پردیش)

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی:

(۱)-ایک سالہ کمپیوٹر کورس

(۲)-عربی ڈپلومہ کورس دو سالہ

(۳)-اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ

(۴)-انٹر، ہندی)

تدریسی خدمات: جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور تا حال

شرف بیعت: پیر طریقت رہبر شریعت قاضی القضاۃ فی الھند حضور اختر رضا خاں صاحب قبلہ الملقب بہ تاج الشریعہ بریلی شریف۔

قلمی خدمات

(۱)-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول (مطبوع)

(۲)۔مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع)
(۳)۔مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع)
(۴)۔مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول (مطبوع)
(۵)۔مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)
(۶)۔مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (مطبوع)
(۷)۔علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع)
(۸)۔اہم تراکیب اور ان کا حل (غیر مطبوع)
(۹)۔حیاۃ حافظ الملۃ وخدماتہ، عربی ۱۰۰ صفحات (غیر مطبوع)
(۱۰)۔مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اول (مطبوع)
(۱۱)۔روزمرہ کے شرعی مسائل (غیر مطبوع)
(۱۲)۔معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع)
(۱۳)۔مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ چہارم (غیر مطبوع)
(۱۴)۔مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ پنجم (غیر مبطوع)
(۱۵)مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم (مطبوع)
(۱۶)۔ضوء الادب فی ترکیب فیض الادب اول (غیر مطبوع)
(۱۷)۔حیات خضر علیہ السلام (غیر مطبوع)
اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی مدنا پوری بریلی شریف یوپی
Mob:8057889427,9458201735